ورد اور چلہ کا فرق یہی ہے کہ ورد کیلئے کوئی قانون نہیں، اُٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے جتنا چاہیں، پڑھیں، جب چاہیں پڑھیں اس کی روحانیت محض برکت کیلئے ہوتی ہے۔ وہ برکت جو اس اسم کا خاصہ ہو لیکن جب آپ اس اسم کی ریاضت کرنا چاہیں تاکہ اپنی خواہش کے مطابق فائدہ ہو تو اب قانون لاگو ہوگا۔ تعداد، دن، طریقہ پرہیز وغیرہ بہت سی پابندیاں لگ جائیں گی، ان کے نقص پر نقصان کا احتمال ہوگا۔

جب کسی خاص مقصد کیلئے آپ اپنے اہم مستخرجہ کو پڑھنا چاہیں تو نوچندی جمعرات سے باوضو غسل کر کے بخور لوبان کا جلا پھول، مٹھائی پر نذرِ موکلاتِ اسم دے کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔ ایک ہی وقت پر روزانہ اس ورد کو قائم کریں اپنی سہولت کے مطابق وقت منتخب کریں۔ ہر جمعرات کو پھول، مٹھائی اور عطر رکھا کریں اور نذر مؤکلات دے کر بچوں میں تقسیم کر دیا کریں۔ لوبان جلایا کریں لیکن باقی دنوں میں صرف لوبان جلا کر پڑھا کریں۔ نذر کی اشیاء پاس رکھنے کی ضرورت نہیں صرف

جمعرات کو رکھا کریں اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ہو ان شاء اللہ کیسا ہی سخت اور مشکل کام کیوں نہ ہو۔ چالیس دنوں میں پورا ہو جائے گا۔ دورانِ عمل ہر قسم کا گوشت، پیاز، لہسن اور دیگر بدبودار اشیاء نہ کھائیں۔ نماز کی پابندی کریں، جھوٹ نہ بولیں، باتیں زیادہ نہ کریں۔ ان شاء اللہ مقصد پورا ہو جائے گا جب بھی کوئی مشکل درپیش ہو اسم اعظم (اسماء الحسنیٰ وظیفہ) اسی طرح پڑھیں اور قدرت کا ظہور دیکھیں کہ غیب سے کیا اسباب اللہ پیدا کرے گا۔

*****

عملِ خضر برائے زیادتی آمدن و رزق

خضر نور، خضر ظہور، خضر حاضر، خضر حضور، خضر، مامون خضر، بھرپور خضر غرض غریب نواز میری مشکل کرو آسان، خواج خضر مہتر اولیاء سے رزق، مہتر اولیاء کے پاس سے، اللہ کا دیدار محمدؐ کی شفاعت، رزق آئے دن اور رات، نہیں آئے تو دہائی ہے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لاکھ لاکھ۔

اس عمل کو پانی کے کنارے، دریا یا حوض کے کنارے، ندی کے کنارے کریں اگر ایسا کوئی موقع میسر نہ ہو تو بڑا سا ٹب یا برتن پانی کا بھر کر پاس رکھ لیں اور نوچندی جمعرات سے پانچ تسبیح روزانہ پڑھا کریں مع اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف۔ چند ہی دنوں میں رزق کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ پانی کو پودوں' کیاری وغیرہ میں بہا دیں۔

ادائیگی قرض یا حصولِ دولت کیلئے سورۃ فاتحہ کا طلسماتی عمل

یہ عمل بھی رات کو کریں اور شروع چاند سے شروع کریں۔ اوّل ایک سو گیارہ بار "یَامُنْعِمُ" پڑھیں اور عمل کے بعد بھی ایک سو گیارہ بار پڑھیں۔ الحمد شریف با موکل کو روزانہ چالیس بار پڑھیں۔ ایک وقت ایسا آئے گا کہ امارت کے دروازے کھل جائیں گے اور قرض ہو گا تو ادا ہو جائے گا۔ مشکل وقتوں میں بھی اللہ نعمت مال و دولت دے گا۔ عمل:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ اَجِبْ يَارُوْقَائِيْلُ سَامِعًا وَّمَطِيْعًا يَاعَبْدَ اللّٰهِ هَارِسْ۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَارَءُوْفُ يَاعَطُوْفُ اَجِبْ يَاجِبْرَائِيْلُ سَامِعًا وَمَطِيْعًا مَنْ حَبَّ۔ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ۔ يَاعَلَّامُ السَّرَاءِرُ يَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ اَجِبْ يَاشَمْسَائِيْلُ

سَامِعًا وَّ مَطِیْعًا یَااَللّٰھُمَّ سِفْلِیْ۔ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنَ۔ یَاسَرِیْعُ یَاقَرِیْبُ اَجِبْ یَامِیْکَائِیْلُ سَامِعًا وَّمَطِیْعًا یَادُدْیَه بَرْقَانَ۔

اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ۔ یَاقَادِرُ مَقْدِرُ اَجِبْ یَاسَرْفَائِیْلُ سَامِعًا وَّمَطِیْعًا یَاسَیِّدُ عَبْدُ الرَّحْمٰنُ۔

صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ۔ یَااَللهُ یَاحَکِیْمُ یَاعَلِیْمُ اَجِبْ یَاکَسْفَائِیْلُ سَامِعًا وَّمَطِیْعًا یَارَسُوْلُ اللهِ۔

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ۔ یَاقَھَّارُ یَاعَزِیْزُ اَجِبْ یَاعِزْرَائِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامِ وَیَاالُوْلُوْحُ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

برائے دست شفاء

اگر کوئی شخص حکیم یا ڈاکٹر یا روحانی معالج مندرجہ بالا الحمد با مؤکل کو 125 بار روزانہ 40 دن تک پڑھے اور اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار مندرجہ ذیل درود پڑھے تو وہ دوا دَم کر کے دے یا کسی پر دَم کرے یا علاج کرے تو اللہ اسے دستِ شفاء عطا کرے گا۔ اس عمل میں یَامُنْعِمُ نہیں پڑھنا۔ درود شریف پڑھنا ہے جو درج ذیل ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ وَّبِعَدَدِ کُلِّ عِلَّةٍ وَّشِفَاءٍ۔

اسقاطِ حمل

سات کچے سوت کے تار سرخ رنگ کے عورت کے قد کے برابر لے، ان پر سورۃ الم نشرح ذیل کے طریقے سے پڑھے جب اسمِ محمد ﷺ آئے تو دھاگہ میں گرہ ڈالے۔ اسی عمل کے گیارہ تعویذ لکھ لے۔ ہر گرہ میں ایک تعویذ رکھ کر گرہ لگائے اور دھاگہ کو عورت کی کمر سے باندھ دے، حمل اسقاط نہ ہوگا بفضلہٖ تعالیٰ!

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ سَمَّیْتُ کَانِیْ بَطْنِهٖ مُحَمَّدٍ اَوْ اِسْمِهٖ مُحَمَّدٍ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ یَامُحَمَّدٍ وَوَضَعْنَا عَنْكَ یَامُحَمَّدُ وِزْرَكَ الَّذِیْ یَامُحَمَّدُ اَنْقَضَ ظَھْرَكَ یَامُحَمَّدُ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِکْرَكَ یَامُحَمَّدُ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا

یَامُحَمَّدُ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا یَامُحَمَّدُ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ یَامُحَمَّدُ وَاِلٰی رَبِّكَ فَرْغَبْ یَامُحَمَّدُ۔

اگر کوئی اس سورۃ کا عامل بننا چاہے تو سوا لاکھ پڑھ لے، خواہ جتنے دنوں میں کرے۔

حمل نہ ٹھہرتا ہو

اگر کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرتا اور اس وجہ سے بے اولادی کا مسئلہ حل نہ ہو رہا ہو تو اس عزیمت کو پڑھ کر ڈورا عورت کے گلے میں ڈالے اور اس عمل کی سات گرہیں دے۔

الف نام اللہ تعالیٰ قدرت رحمانی
سچا کلمہ دین کا اور بہشت نشانی
اورٹالے جب نہ لگے قدرت ربانی
سپتل شیو سارادان چار جگ کلام پہنچانی
سوا لاکھ اسی ہزار پیغمبر اور پیر کی دہائی

ڈورا باندھ کر اکیس دن تک گھی سات سیر، چاول سوا سیر، گیہوں آدھ سیر، چینی ایک پاؤ رکھے اور پھر مستحقین میں تقسیم کر کے اس عمل کا ہدیہ مندرجہ ذیل بزرگوں کی ارواح مبارک کو ہدیہ کرے۔

حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ حضرت سری سقطیؒ حضرت جنید بغدادیؒ حضرت سید علی بن عثمان الہجویریؒ حضرت بابا فریدؒ۔ یہ ہدیہ بھی اکیس دن دینا ہے، اکٹھا دے یا روز روز دے جیسے آسانی ہو۔ اگر کوئی اس عمل کا عامل بننا چاہے تو اکتالیس دنوں تک 121 بار روزانہ پڑھا کرے۔

مشکلات کے حل کے لئے خاص عمل

جب کوئی ایسی مشکل پیش آئے کہ مال و عزت ختم ہوتی نظر آئے اور دشمنوں نے گھیر رکھا ہو یا حکومت کے عتاب میں ہو تو یہ عمل کریں:

حاجت کا تصور کرتے ہوئے یہ پڑھیں قُرْبَةً اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی، اللہ اکبر، سورۃ الفاتحہ اور سورۃ اخلاص ایک مرتبہ' پھر گیارہ گیارہ بار یہ اسماء پڑھے۔ اَخْتُوْنَ اَرْمُوْنَ یَاسَمْعَلُوْنِ ۔ پھر توجہ و دھیان سے ایک بار درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَقَدْرِ حُسْنِہٖمْ وَجَمَالِہٖ وَ کَمَالِہٖ پھر چاروں کونوں کی طرف منہ کر کے اس طرح سے سلام کرے۔ ''اَلسَّلَامُ یَاشَاہِ دو جہانِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم'' پھر ننگے سر ہو کر اس عزیمت کو اکیس بار پڑھے:

یَارَبِّ دَخَلْتَ دَخْلًا فَاَنْتَ وَ کِیْلِیْ کَافِیْ یَکْفِیْنِیْ یَکْفِیْنِیْ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ یَاغَفُوْرُ۔ اس کے بعد جو حاجت ہو اس کو بیان کرے۔ 41 دن تک پڑھے، انہی دنوں کے اندر اندر اللہ پاک اس مشکل سے نکال دے گا۔

استخارہ حضرت شمس تبریزؒ

اگر کسی بات کا حال معلوم کرنا مقصود ہو تو اوّل دو رکعت نماز پڑھے اس طرح کہ اوّل رکعت میں بعد فاتحہ کے سات بار آیت الکرسی پڑھے۔ دوسری رکعت میں بعد الحمد للہ کے قل ہو اللہ گیارہ بار پڑھے۔ ان دو نفل کا ثواب ارواحِ پیغمبران بزرگان، تمام غوث، قطب، ابدال و اولیاءؒ کو بخشے‘ اس کے بعد ایک ہزار بار یہ درود شریف پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ پھر ایک سو بار یہ دعا پڑھے:

اَحَدِیْ صَمَدِیْ مِنْ عِنْدِکَ مَدَدِیْ وَعَلَیْکَ مُعْتَمَدِیْ اَقْضِ حَاجَتِیْ۔

پھر اسی جگہ سو جائے جہاں عمل کیا تھا‘ خواب میں تمام حقیقت معلوم ہو گی اور راہنمائی بھی ملے گی۔

حاضری مطلوب کیلئے

یہ عمل ب کے واسطے ہے۔ میاں بیوی کسی ناراضگی کی وجہ سے الگ ہو گئے ہوں اور کوئی چاہے کہ پھر ایک ہو جائیں اور مطلوب خود بخود آ جائے یا محبوب اپنے مطلوب کو بلانے کا خواہاں ہو تو شروع ماہ قمری میں عمل شروع کر دے۔ روز غسل کرے اور اس اسم کو ایک سو ایک بار تصور مطلوب سے پڑھا کرے تو اکیس دن میں مطلوب حاضر ہو گا خواہ کتنا ہی فاصلہ درمیان میں ہو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَاجِبْرَائِیْلُ یَامِیْکَائِیْلُ یَااِسْرَافِیْلُ یَاعِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ لَآاِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ۔

ہر قسم کے پھوڑے کیلئے

اگر کسی کو ایسا پھوڑا ہو جو علاج سے دُور نہ ہو یا جسم پر ایسے پھوڑے نکلیں کہ صحت نہ ہوتی ہو تو اس اسم کو سات، سات مرتبہ

پڑھ کر اس طرح دَم کرے کہ ایک بار انگلی زمین پر رکھے، پڑھے اور پھر ایک بار پھوڑے پر رکھے اور پڑھے۔ چند یوم دَم کرنے سے ان شاءاللہ پھوڑا ختم ہو جائے گا۔ نازک سے نازک مقام پر جہاں آپریشن کا بھی خوف ہو، دَم کرنے سے پھوڑا جاتا رہے گا۔ کلمات یہ ہیں: بِسْمِ اللّٰہِ تُرْبَۃُ اَرْضِنَا، بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا، لِیُشْفٰی سَقِیْمُنَا، بِاِذْنِ رَبِّنَا۔ 313 بار روزانہ چالیس دن تک پڑھے تو زکات ہو جائے مگر خالی زمین پر بیٹھ کر پڑھے، کپڑا نہ بچھائے۔

عمل خاص! حضرت معروف کرخیؒ

اگر کوئی شخص بھاگ جائے یا غائب ہو جائے اور اس کی کوئی خبر نہ ملے تو اس نقش کو لکھ کر غائب کے کپڑے میں سی کر مکان میں لٹکائے یا گھر میں کوئی درخت ہو تو اس پر باندھے، چالیس دن کے اندر اندر اس کی خبر ملے یا اس کا دل گھر کی طرف پھر جائے۔



بحق حضرت جبرائیل

بحق حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ

بحق حضرت عزرائیل

بحق حضرت عمر خطاب رضی اللہ عنہ

بحق حضرت آدم و
حوا فلاں بن فلاں
حاضر شود۔ بحق
لا الہ الا اللہ محمد
رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم

بحق حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

بحق حضرت اسرافیل

بحق حضرت علی کرم اللہ وجہہ

بحق حضرت میکائیل

* * * * * *

کشائش رزق کے لئے خاص عمل

یہ عمل ان تمام لوگوں کیلئے جو کشائش رزق کے خواہاں ہوں اس عمل کی برکت سے رزق میں برکت ہوتی ہے اور روزی کشادہ ہوتی ہے۔ کبھی تنگ حالی نہیں آتی۔ میں وثوق سے کہتا ہوں کہ اس آیت اور اسم سے مدد حاصل کرنے والا لازمی کامیاب ہوگا حصولِ ملازمت، دُکان کی ترقی یا وہ عورتیں جن کے شوہران کو روپے نہ دیتے ہوں یا آمدنی کا کوئی ذریعہ نہ ہو، رزق درازی ہی سے متعلق کام بن بن کر بگڑ رہے ہوں۔ قرض نہ اُترتا ہوحتیٰ کہ پہاڑ برابر کیوں نہ ہو، کاروبار خراب ہو رہا ہو۔ غرضیکہ ان تمام امور میں اس لوح کی برکت سے ایک غیبی طاقت انسان کی مدد کرتی ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ وقتِ مقررہ پر ایک نقش مثلث دو پایہ زعفران سے سفید کاغذ پر لکھیں اور سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ قلم سیب کا یا کسی میٹھے پھل کا ہو۔

اس کے بعد ہر روز 72 بار یہ آیت پڑھا کریں: یَابَاسِطُ الَّذِیۡ یَبۡسُطُ الرِّزۡقُ لِمَنۡ یَّشَآءُ بِغَیۡرِ حِسَابٍ اور کشائش رزق کیلئے دعا مانگا کریں۔ نقش باندھ کر شیرینی پر فاتحہ دِلائیں اور شیری اتنی ہونی چاہیے کہ کم ازکم چار بچے شکم سیر ہو کر کھائیں۔ اگر اس دوران میں کوئی شخص آکر اس میں سے کوئی چیز طلب کرے تو نہ دیں اور خاموش رہیں اگر کچھ دے دیں گے تو عمل بے کار ہو جائے گا۔ ہاں! بلا طلب آپ کسی کو دے دیں تو حرج واقع نہ ہوگا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

یا جبرائیل

۶	۴۸	۱۸
۳۶	۲۴	۱۲
۳۰	یاباسط	۴۲

یا عزرائیل

یا میکائیل

یا اسرافیل

"یَابَاسِطُ الَّذِیۡ یَبۡسُطُ الرِّزۡقُ لِمَنۡ یَّشَآءُ بِغَیۡرِ حِسَابٍ"

رفتار نقش مثلث دو پایہ ہے:

۱	۸	۳
۶	۴	۲
۵		۷

ہر خانہ ۶، ۶ کے اضافے سے پُر کیا گیا ہے۔ نقش کو ۶ کے ہندسے سے شروع کرنا ہوگا۔ ترتیب وار چال کے حساب سے ہندسوں کو بھر لیں۔ آخر میں درمیان میں اسمِ الٰہی یَابَاسِطُ لکھیں پھر چاروں مؤکل اور پھر آیت لکھیں۔ نقش سفید یا سبز رنگ کے ریشمی کپڑے میں سی کر سیدھے بازو پر باندھیں اور روزانہ صبح ۲۷ بار آیت پڑھا کریں۔ یہاں تک کہ مطلب حاصل ہو۔

کند ذہنی دور کرنے کی لوح! اپنے بچوں کے گلے میں ڈالیں

حصولِ علم، تکمیل علم اور اسے رزق کے حصول کا ذریعہ بنانے اور کُند ذہنی کو دُور کرنے کیلئے ذیل کی لوح کا نقش تیار کریں اور پاس رکھیں۔ اس نقش کو تیار کر کے اپنے بچوں کے گلے میں بھی ڈالیں تاکہ ان میں تعلیم کی طرف رغبت بڑھے اور تعلیم مکمل کر سکیں۔ تعلیمی معاملات میں ہر قسم کی رکاوٹ اس طرح کی برکت سے دُور ہو جاتی ہے۔ نقش یہ ہے:

قل	رب زدنی	علما	وارزقنی فهما
۱۴۲	۴۹۹	۱۳۱	۲۷۲
۴۹۸	۱۳۹	۲۷۵	۱۳۲
۲۷۴	۱۳۳	۴۹۷	۱۴۰

اس نقش کو مندرجہ ذیل چال مربع ذوالکتابت سے پُر کریں۔ (اگلے صفحے پر)

۱	۶	۱۱	۱۶
۱۲	۱۵	۲	۵
۱۴	۹	۸	۳
۷	۴	۱۳	۱۰

نقش کے نیچے یہ لکھیں:

سبحن من لا یاخذ اھل الارض علی العذاب سبحان الرؤف الرحیم۔

اللھم اجعل لی فی قلبی نورا و بصرا و فیھما و علما انک علی کل شئی قدیر۔

پھر سفید رنگ کی شیرینی پر فاتحہ دِلا دیں اور سفید یا سبز رنگ کے ریشمی کپڑے میں تعویذ کو سی کر گلے میں ڈال لیں یا بازو پر باندھیں۔

امتحان میں کامیابی کا لاجواب نقش

کامیابی امتحان کیلئے بہت ہی مجرب نقش ہے، ان شاءاللہ کامیابی نصیبی ہوگی۔ اس کے لئے آیت "توتی الملك من تشاء" کا مربع ذوالکتابت پُر کرنا چاہیے۔ نقش یہ ہے:

توتی	الملك	من	تشاء
۹۱	۷۰۱	۸۱۷	۱۲۰
۷۰۰	۸۸	۱۲۳	۸۱۸
۱۲۲	۸۱۹	۶۹۹	۸۹

اس نقش کے نیچے یہ لکھیں:

یا یلمکفیا یا شلمکیفا

رَبِّ یَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَیْرِ۔

اس نقش کو مندرجہ بالا چال مربع ذوالکتابت ہی سے پُر کیا جائے گا۔ نقش کو اپنے پاس رکھیں۔

اگر امتحان میں بار بار فیل ہو رہے ہوں اور چاہتے ہوں کہ خاص اپنے نام کا نقش پُر کیا جائے اور امتحان کا نام بھی لکھا جائے تو مندرجہ ذیل طریقہ سے نقش پُر کیا جائے گا جس سے ان شاءاللہ امتحانات میں ناکامی کامیابی میں بدل جائے گی۔ اس مقصد کیلئے مخمس نقش پُر کیا جائے گا جس کا طریقہ درج ذیل ہے۔

سب سے اول درج ذیل عبارت لکھی جائے گی۔

(۱) نام معہ والدہ (۲) امتحان کا نام (۳) رب یسر (۴) ولا تعسر (۵) وتمم بالخیر۔

مثلاً طالب فرحت فردوس بنت سکینہ بائیولوجی کا امتحان دینا چاہتی ہیں تو لوح یہ ہوگی۔

فرحت فردوس سکینہ	بائیولوجی	رب یسر	ولا تعسر	وتمم بالخیر
۴۷۳	۷۶۸	۱۳۲۵	۱۱۸۴	۶۹
۱۳۲۶	۱۱۸۵	۷۰	۴۷۴	۷۶۴
۷۱	۴۷۰	۷۶۵	۱۳۲۷	۱۱۸۶
۷۶۶	۱۳۲۸	۱۱۸۷	۶۷	۴۷۱

یاشلمکفیا یاشمکیفا

وفق ۳۸۱۹ ہوا مؤکل نکالنے کیلئے ۴۱ تفریق کیے، ۳۷۷۸ ہوئے حروف ح ع ذ ج غ ہوئے مؤکل **حعزجغائیل** ہوا، نوعیت نقش کے نیچے یہ لکھی جائے گی۔

عزمت علیکم واقسمت علیکم یا مؤکل کا نام لکھیں۔ نام طالب علم معہ والدہ، امتحان کا نام لکھیں، میں کامیابی دِلاؤ بحق کلام اللہ

بِاسۡمِ رَبِّكَ الَّذِىۡ خَلَقَ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ عَلَقٍ اِقۡرَاۡ وَ رَبُّكَ الۡاَكۡرَمُ الَّذِىۡ عَلَّمَ بِالۡقَلَمِ عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَا لَمۡ يَعۡلَمۡ۔

اس کو مندرجہ ذیل چال سے پُر کیا جائے گا اس چال کو مسلسل الدور کہا جاتا ہے۔

۱	۷	۱۳	۱۹	۲۵
۱۴	۲۰	۲۱	۲	۸
۲۲	۳	۹	۱۵	۱۶
۱۰	۱۱	۱۷	۲۳	۴
۱۸	۲۴	۵	۶	۱۲

* * * * * *

آیۃ الکرسی کے راز و رموز اور فوائد

شیخ محقق دوائیؒ فرماتے ہیں کہ جس نے آیۃ الکرسی کو اس کے حروف کی تعداد کے برابر تلاوت کی جو ایک سو ستر حروف ہیں اور اس نے جس مقصد کی نیت کی، حاصل ہوگا۔ طلب رزق روزی کی سہولت یا ادائے قرض یا دفع مشکل یا جیل سے رہائی یا مصیبت یا دشمن کی ہلاکت وغیرہ سب میں کامیابی ہوگی اور اس تعداد کی رعایت کے ساتھ پانچوں نمازوں کے بعد تلاوت کی جائے تو جلدی اثر ظاہر ہوگا۔

اگر ان آیات کو رات کے درمیانی حصہ میں باوضو قبلہ رو ہو کر کسی با اثر افراد کے پاس قبول سفارش کی نیت سے تلاوت کی جائے تو درخواست قبول ہوگی۔

اگر ان آیات کو ان کے کلموں کی تعداد کے مطابق پڑھا جائے تو اس میں ایسی برکت ہوتی ہے جس سے وہ شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا (کل کلمات پچاس ہیں)۔

(مسئلہ) کسی آیت کو مکرر پڑھنے میں کوئی مضائقہ نہیں جیسا کہ نسائی وغیرہ نے ابوذر غفاریؓ سے ایک روایت نقل کی وہ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک رات کھڑے ہو کر ان **تعذبھم فانھم عبادك** تلاوت کرتے ہوئے صبح کر دی۔ (کذا فی اتقان)

شیخ بونیؒ فضائل آیت الکرسی کے متعلق فرماتے ہیں کہ یہ حرفوں، کلموں اور جملوں سے بنی ہے۔ اس کے حروف کی تعداد ایک سوستر ہے جس نے بھی حروف کی تعداد کے مطابق تلاوت کی وہ ہر بُرائی اور خوف سے پوری زندگی محفوظ ہو گیا اور نہ کوئی آدمی نہ کوئی شیطان اس پر قول، فعل اور دنیاوی یا دینی معاملہ میں کسی بُرائی میں کامیاب ہوگا۔ پوری عمر شیطان کے شر اور بادشاہوں کے غیظ وغضب سے محفوظ ہو جائے گا۔

جو ان آیات کو عدد مذکورہ کے برابر پابندی سے تلاوت کرتا رہے گا۔ تمام مخلوق اس کی اطاعت قبول کرے گی کوئی اس کو تکلیف دینے پر قادر نہ ہوگا۔

اگر کوئی ان آیات کو مسلسل راتوں کو خلوت میں لوگوں کے شوروغل سے درود پاک صاف مقام پر پڑھ کر اپنی حاجت کیلئے دعا کرے تو اس کی حاجت جلد ہی پوری ہوگی۔

اگر کوئی ان آیات کو پانچوں فرض نماز یا سنن روابط کے بعد پابندی سے ورد کرے تو وہ عامل جمیع انسان اور علوی روحانیت کے نزدیک محبوب وبرگزیدہ ہوگا اور اس کے ساتھ ہر امر میں اور ہر حاجت میں مدد کریں گے۔

جو آدمی محتاج ہو جائے اور حصولِ رزق کیلئے ان کے پاس کوئی وسیلہ نہ ہو تو وہ ان چار اسمائے تعالیٰ کو تین لاکھ بار پڑھے یا آیۃ الکرسی کو حروف کی تعداد کے برابر تلاوت کرنے کے بعد دوسو مرتبہ ان اسماء کو پڑھ لے (یَا کَافِیُ یَا غَنِیُّ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ) اللہ تعالیٰ اپنے لُطف سے اس کو غنی کرے گا اور اس کیلئے کوئی سبب بنا دے گا۔

جو کوئی ان آیات کو اس کے حروف کے عدد کے برابر مطلوب کی حاضری کیلئے "یَا فَتَّاحُ"، یا کسی حاجت کے حصول کیلئے یا دشمن کے غیظ وغضب کو دفع کرنے کیلئے یا حاسد یا دشمن کی خفیہ تدابیر کو ناکارہ کرنے کیلئے یا قرض کی ادائیگی کیلئے یا قیدی کی رہائی کیلئے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی مراد پوری کرے گا۔ یہ ایسی آزمودہ چیز ہے کہ کوئی شک نہیں کر سکتا۔

اگر کوئی آیت الکرسی کو دولت مند بننے کیلئے پڑھتا رہے اس کے بعد اپنی پسند کی کوئی دعا حصولِ دولت کیلئے پڑھ کر اپنی حاجت مانگے تو جلدی پوری ہوگی۔

جو کوئی آیت الکرسی کو تین سو تیرہ مرتبہ پڑھا کرے گا اس کو ایسا فائدہ حاصل ہوگا جو اس کے گمان میں بھی نہیں آ سکتا۔ اس کیلئے دینی ودنیاوی معاملہ میں اللہ کی ذات کافی ہوگا اور جب تک وہ اس کی پابندی کرے گا وہ ہر قسم کی بھلائی حاصل کرے گا۔

التیسیر کے مصنف فرماتے ہیں کہ اس عدد میں بہت بڑا راز عجیب وغریب خاصیتیں موجود ہیں۔ یہ جمیع انبیاء صلوٰۃ اللہ علیہم اجمعین کے اعداد ہیں۔ طالوت کے لشکر کی تعداد بھی یہی ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ "قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ"۔ اصحابِ بدر کی تعداد بھی اتنی ہی ہے جو کہ اپنے سے دوچند کافروں کے لشکر پر فتح یاب ہوئے۔

ایک حدیث ہے کہ حریرؒ نے قتادہؒ سے نقل کیا۔ وہ فرماتے ہیں یہ حدیث معتبر صحابہؓ نے ذکر کی کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بدر کی لڑائی کے دن صحابہؓ سے ارشاد فرمایا۔ آپ حضرات طالوت کے لشکر کے برابر ہو اور جنگ بدر میں تین سو تیرہ صحابہؓ تھے۔

لہٰذا جو ان عظیم آیات کو یا کوئی اور دوسری آیات یا سورۃ الفاتحہ واخلاص جیسے اس عدد کے برابر ورد کرے گا جو اسرار و فوائد اس کو حاصل ہوگا وہ شمار بھی نہیں کر سکتا۔ گویا یہ حصولِ مقاصد کیلئے اکسیر ہے۔ تفسیر آیت الکرسی کی۔

یہ فصل شیخ بونی القرشی کے بیان کردہ آیت الکرسی کی تلاوت کی خصوصیات اور اس کے اعداد و اوقات اور اسماء باری تعالیٰ سے اس کی مناسبت اور اس کے وسیلہ سے پوری ہونے والی حاجات اور اس کے فوائد و اسرار و عظیم فضائل میں لکھا گیا ہے۔

شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں لوگوں نے مجھ سے ان آیاتِ کریمہ کے فضائل اور اس کیلئے مناسب ذکر اور دعائیں جو کہ اس کے وقتوں کی طرف منسوب کی جاتی ہیں اور اسماء باری تعالیٰ جو کہ اس سورت سے متعلق ہیں، بیان کرنے کا سوال کیا۔ میں نے کہا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ آیۃ الکرسی اسم اللہ الاعظم ہے۔

دوسری جگہ ارشاد میں آیا کہ اسم اعظم آیت الکرسی ہے۔ دونوں حدیثوں کا مطلب یہ کہ آیت الکرسی اسم اعظم ہے۔ آیت الکرسی میں پانچ اسماء موجود ہیں اور ہر اسم کے اندر اسرار اور فوائد ہیں جو کہ ورد کی پابندی سے حاصل ہوں گے۔

خداوند تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں "اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ" جو ان تینوں اسماء کا پابندی سے ورد کرتا ہو اور جو مقصد دنیاوی یا دینی امور میں منصب کیلئے اور لوگوں کے دل میں محبت و رغبت اور وجاہت کے لئے ہو وہ حاصل ہوگا جب آپ کو کسی حاجت کے پڑھنے کا ارادہ ہو تو اس طرح سے پڑھیں۔ اپنے مقصد کے موافق کوئی اسم شریف لے کر اس میں ملا دیں۔ مثلاً طلب رزق کیلئے "لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الرَّزَّاقُ"، طلب عزت منصب کیلئے اور علم کیلئے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيْمُ محبت و دوستی کیلئے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْوَدُوْدُ انتقام کیلئے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمُنْتَقِمُ۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء اَلْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ کا بلندی و

عظمت کی طرف اشارہ ہے جو کوئی ان دونوں اسماء کا پابندی سے ورد کرے گا اسے اونچا درجہ اور بلند مرتبہ حاصل ہوگا۔ العظیم جابر بادشاہ دشمن اور ظالم سے خوف ہونے کی صورت میں مؤخر ہے۔ ان تینوں اسماء کو ایک ساتھ مستحب اوقات میں بہت اہم امور کیلئے قبلہ رو بیٹھ کر پابندی سے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول کرتا ہے اس کا ذکر عنقریب آئے گا بہرحال جب آپ نے ان پانچ اسماء کو کمی و زیادتی کے بغیر تین سو تیرہ بار پورا کرلیا تو یہ کبریت احمر ہے۔ یہ وہی عدد ہے جو کہ اپنے عظیم الشان فوائد و اسرار کیلئے مشہور ہے اور اس کے اندر قوت فعلی مکمل ہیں اور اس کا حامل اولیاء میں سے ہوگا اور اس کے فضائل حیرت انگیز ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء صلواۃ اللہ علیہم مبعوث فرمائے مگر ان میں رسول تین سو تیرہ ہیں جو کہ نئی شریعت سے مبعوث کیے گئے اس کے اندر ایسے فضائل و اسرار کی طرف اشارہ ہے جو کہ اربابِ عقول حل نہیں کر سکتے۔ آپ سمجھ لیں کہ آیت الکرسی عظیم الشان اور اس کے فائدے عمومی ہیں جس نے بھی اس کو پڑھ کر دعا کی اللہ تعالیٰ ہر قسم کی خیر کا دروازہ اس کیلئے کھول دے گا۔

جو کوئی ان آیات کو فرض نماز کے بعد پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کو دوسری نماز تک کے جمیع گناہ سے محفوظ رکھے گا اور تمام گناہِ صغیرہ سے درگزر کرے گا۔

جو ان آیات کی تلاوت کر کے سوئے گا وہ شیطان سے محفوظ رہے گا۔

جو کوئی ان آیات کو غصہ کے وقت پڑھ کر بائیں طرف تھوڑا سا تھوک دے گا اس کا شیطان بندھ جائے گا اور اس کا غصہ رفع ہوجائے گا۔ بعض علماء نے اس کی فضیلت میں تقریباً چالیس احادیث روایت کی ہیں۔

مخلوق میں صاحب وقار اور محبوب بننے کے لئے

شیخ ابوالفرح ؒ فرماتے ہیں، ہر حرف میں بہت مرتبہ اور عظیم فائدے موجود ہیں۔

جو آدمی ان آیات کو ساعت مریخ میں حروفوں کی تعداد کے برابر پڑھے گا، وہ دینی و دنیاوی اعتبار سے عظیم مرتبہ حاصل کرے گا اور جمیع حالات میں مخلوق کے نزدیک صاحبِ وقار و محبوب ہوگا اور ہر گناہ و آفت سے محفوظ رہے گا جو کوئی ان آیات کو ساعت زحل میں حروفوں کی تعداد کے برابر پڑھے گا وہ بادشاہوں کے نزیک بہت عزت و مرتبہ حاصل کرے گا اور لوگوں پر اس کا بہت رعب ہوگا۔



جوکوئی ان آیات کو ساعت مشتری میں ذہنی تشویش و پریشانی کیلئے یا جیل سے رہائی کیلئے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دین و دنیا میں ہر قسم کی پریشانی سے امن میں رکھے گا اور اس کو ساعت شمس میں پڑھنا بادشاہوں سے خدمت لینے اور بڑے مرتبہ اور اونچے منصب کے حصول اور ہر قسم کا کام بادشاہوں سے کروانے کیلئے مؤثر ہے جو آدمی ان آیات کو ساعتِ زہرہ میں پڑھے گا، لوگوں میں اس کی محبت وعزت ہوگی۔

یہ بہت اسراری نکتے ہیں اور دنیاوی امور میں جو بھی اس کا مقصد ہو، حاصل ہوگا۔ ان آیات کو ساعتِ عطارد میں ہلاکت دشمنی اور عداوت کیلئے پڑھنے سے مقصود حاصل ہوگا۔ یہ عظیم اسرار ہیں مگر اس کے فوائد واعداد سے متعلق ہیں۔ بہر حال اگر ان آیات کو انبیاء علیھم السلام کے اعداد کے ساتھ ملا کر پڑھے تو اس کا فائدہ جلدی ظاہر ہوگا۔ جو ان آیات کو ساعتِ قمر میں پڑھے گا اس کا رزق وسیع ہوگا اور امورِ دنیا کو مناسب یا غیر مناسب جگہ پر پائے گا مگر رزق ایک مجہول شے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی مرضی سے اس کو مقدر کیا ہے اور حالات کے لحاظ سے اس کا نزول کرتا ہے۔

شیخ ابوالفرح رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہمارے اکابر نے ارشاد فرمایا کہ مداومت اور پڑھنے سے جو فائدے متعلق ہیں اور عامل سے ساعت کی پابندی کے متعلق نہیں پوچھا جائے گا اور یہ صحیح اور مشہور ہیں اس لیے آیات کو گناہ کے کام کیلئے مت پڑھو اور ورد کے بعد اپنے مقاصد کیلئے دعا کرنا نہ بھولیے۔

آپ کی شخصیت میں آپ کے ناخن کا کردار!

انوکھا حیرت انگیز علم لاجواب رزلٹ

(نبیل شمس، کراچی)



امریکہ اور یورپ میں ہاتھ کی لکیروں کے مطالعہ میں ناخنوں کے مطالعہ کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ حال ہی میں ہنری لینگن نے ۲۷۵ صفحات پر مشتمل ''ناخنوں کا کلینیکل اور نفسیاتی مطالعہ'' نامی کتاب شائع کی ہے۔ میں اس مضمون میں ناخنوں کے صرف نفسیاتی پہلوؤں سے بحث کروں گا۔

زندگی کی جدوجہد میں ناخن ہمارے دفاع کے کام آتے ہیں، جب کسی چھوٹے بچے کو کسی پر غصہ آتا ہے تو وہ اپنے انداز سے ناخنوں سے کام لیتا ہے اور اکثر و بیشتر غصہ میں بھری ہوئی خواتین بھی ناخنوں سے ایسا ہی کام لیتی ہیں۔

ایک دست شناس کیلئے عام قسم کے ناخن متعلقہ شخص کی مزاجی کیفیت کو ظاہر کرنے میں معاون ہوتے ہیں۔ خاص چار قسم کی انگلیوں (یعنی نوکیلی، مخروطی، مربع اور مستطیل) میں اور ان انگلیوں کے اس قسم کے ناخنوں کو متعلقہ ہاتھ سے ہم آہنگ ہونا چاہیے اگر ایسا نہیں ہے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ متعلقہ شخص میں کوئی چیز غیر متوازن ہے۔

اوپر شکل نمبر ایک میں عام قسم کا ناخن ہے جو نہ زیادہ لمبا ہے اور نہ زیادہ چوڑا۔ یہ خاصہ ٹھوس ہے یہ نہ تو سخت ہے اور نہ آسانی سے ٹوٹ سکتا ہے۔ ناخن کی جڑ میں چھوٹا سا چاند جو نیم دائرے کی شکل ہوتا ہے اس کا سائز پورے ناخن کی لمبائی

کے 1/5 کے مساوی ہونا چاہیے۔

ایسے رنگدار ناخنوں کے بارے میں متعدد توہمات رواج پائے ہوئے ہیں۔ ان توہمات کو کوئی اہمیت نہیں دینی چاہیے کیونکہ ناخنوں کے رنگوں کا انحصار نسلی گروپ سے ہوتا ہے، ناخن گردش خون کو ظاہر کرتے ہیں۔ انگلستان کی سرد اور مرطوب آب وہوا میں جب خون کی گردش سست ہوتی ہے اور ناخن سرد ہواؤں میں کھلے رہتے ہیں تو بالعموم ناخن نیلے پڑ جاتے ہیں۔

یہاں یہ ذکر کرنا مناسب ہوگا کہ میں نے جن لوگوں کے ہاتھ دیکھے ہیں ان میں سب سے زیادہ خوب صورت ناخن ہندوستان اور پاکستان کے مردوں اور عورتوں کے ہیں۔ اس قسم کے ناخن کردار میں میانہ روی، وسیع ذہنی اُفق، واضح خیالات، معقولیت اور پُرسکون فطرت کی نشاندہی کرتے ہیں۔ اس قسم کے ناخنوں والے ہاتھ ہمیشہ لکیروں، نشانوں اور شکلوں کے مالک ہوتے ہیں جو اچھے کرداروں کے عین مطابق ہوتے ہیں۔

لمبے ناخن (شکل نمبر ۲) لطیف جذبات، خاموش اور لیتے دیتے رہنے والی طبیعت کی علامت ہوتے ہیں لیکن لمبے ناخن والے لوگوں میں ایک خامی یہ ہوتی ہے کہ وہ احساسِ کمتری کا شکار ہوتے ہیں۔ بعض اوقات ان کے احساسِ کمتری کی کوئی معقول وجہ نہیں ہوتی اور وہ بڑی حد تک ظالم بھی ہوتے ہیں۔

اوسط درجے کے چھوٹے ناخن (شکل نمبر ۳) اور اکثر وبیشتر مربع ناخن (شکل نمبر ۴) قابلِ محبت اور سنجیدہ لیکن نقطہ چیں شخصیت کی علامت ہوتے ہیں ایسے ناخن والے لوگوں میں وفاداری، عمل کرنے کا جذبہ، اکثر وبیشتر سائنسی تحقیقات کیلئے فطری لگاؤ، نظم وضبط اور انتظامی صلاحیت ہوتی ہے۔

بہت چھوٹے ناخن (شکل نمبر ۵) ایسے لوگوں کے ہوتے ہیں جو جلد بھڑک اُٹھتے ہیں۔ بے چین طبیعت کے مالک اور نکتہ چین ہوتے ہیں اگر ایسے لوگوں کے انگوٹھے اور انگشت شہادت مضبوط ہوں تو چھوٹے ناخن والے لوگوں میں خود اعتمادی کی بہتات ہوگی اور وہ گرما گرم بحث کو اُلجھاتے رہیں گے۔

ایک فرانسیسی پامسٹ ''انڈین ڈسبا اولینز'' نے کوئی ڈیڑھ سو سال پہلے یہ کہا تھا کہ اس نے سرکاری ملازمت میں کسی ایسے شخص کو نہیں دیکھا جس کے ناخن چھوٹے ہوں اور وہ کسی ایسے ذمہ دار منصب پر فائز ہو جس میں اس کا تمام لوگوں سے سابقہ پڑتا ہو۔

یہ مشورہ نہایت مفید اور کارآمد ثابت ہوگا کہ جس شخص کے ناخن چھوٹے چھوٹے ہوں اس سے جہاں تک ممکن ہو بحث سے گریز کیا جائے۔

اس سلسلے میں یہ دلچسپ واقعہ یاد رکھنے کے لائق ہے کہ انگریزی زبان کے مشہور ادیب و شاعر اور صحافی آر کپلنگ نے جو لاہور کے سول اینڈ ملٹری گزٹ میں رپورٹر بھی رہے ہیں، کسی بات پر ناراض ہو کر اپنے ایڈیٹر کی میز پر روشنائی سے بھری ہوئی پوری بوتل اُنڈیل دی تھی اس بات پر انہیں نوکری سے ہاتھ دھونے پڑے۔ یاد رہے کہ کپنگ کے ناخن بہت چھوٹے تھے۔

بہت بڑے اور بہت چھوٹے ناخن مفسدانہ اشتعال انگیزی کی علامت ہیں جن کا انجام المناک ہوتا ہے۔

بہت پتلے (کم چوڑے) ناخن (شکل نمبر ۶) سریع الاشتعال ہونے کی علامت ہے ایسے لوگوں میں نظم وضبط کے شعور کا فقدان ہوتا ہے۔ یہ عام لوگوں سے مختلف ہوتے ہیں۔

بہت پتلے اور چھوٹے ناخن (شکل نمبر ۷) تنگ نظری، نظم وضبط کے شعور کے فقدان، حاسد ہونے اور پُراسرار ہونے کی علامت ہے‘ ایسے لوگ الفاظ کو مضبوطی سے پکڑے رہتے ہیں اور ان کی روح سے کوئی سروکار نہیں رکھتے۔

بادام کی شکل کے ناخن (شکل نمبر ۸) کے ساتھ اگر جلد ملائم اور اچھی ہو تو یہ ممتاز اور جذباتی ہونے، فیاض اور جرأت مند ہونے کی علامت ہے‘ ایسے ناخن بلاشبہ ایک امارت پسند شخص کی نشانی ہے۔

اگر بادام کی شکل کے ناخن کی لمبائی چوڑائی سے زیادہ ہو (شکل نمبر ۹) تو یہ ضرورت سے زیادہ تخیلاتی طبیعت کی نشاندہی کرتا ہے۔ نیز ایسے شخص کا تصوف کی جانب رجحان ہوتا ہے لیکن اگر ناخن کی بناوٹ متوسط ہو لیکن اس کی شکل ایسی ہو جو (شکل نمبر ۱۰) میں دِکھائی گئی ہے تو تب ایسا شخص اپنے آپ میں مگن رہنے والا، اخفائے راز کا دلدادہ، کم گو اور حساس ہوتا ہے۔ موقع سے فائدہ اُٹھانے میں بہت ہوشیار ہوتا ہے، کامیاب کاروباری افراد کے ناخن عموماً اس قسم کے ہوتے ہیں۔

لیکن اگر ناخن اس شکل کے ہوں جو شکل نمبر ۱۱ میں دِکھائے گئے ہیں تو ایسا شخص بیمار اور افسردہ طبیعت کا مالک ہوتا ہے۔

اب ہم ناخنوں کی اس ساخت کی جانب آتے ہیں جس میں اس کی ساخت ایک جانب سے دیکھی جاتی ہے اس کے تحت مثلثی ناخن بھی آجاتا ہے جیسا کہ شکل نمبر ۱۲ میں دِکھایا گیا ہے ایسے ناخن عموماً ان لوگوں کے ملتے ہیں جن کے نظریات ایذاء پہنچانے والے ہوتے ہیں۔ نیز یہ بے معنی بحث کرنے والے اور ٹال مٹول کرنے والے ہوتے ہیں۔ بہتر یہ ہے کہ ایسے

لوگوں سے بچا جائے۔

چھوٹے اور ہموار ناخن (شکل نمبر ۱۳) یقینی طور پر ڈرپوک اور بزدل آدمیوں کے ہوتے ہیں۔ نیز ایسے شخص قطعی طور پر منفی قسم کے انسان ہوتے ہیں۔

اگر ہموار ہونے کے ساتھ ساتھ ناخن چوڑے اور لمبے بھی ہوں تو تب ایسا شخص اگرچہ بہت ذہین ہوتا ہے لیکن جو کچھ سوچتا ہے، کہتے ہوئے ڈرتا ہے۔

اگر ناخنوں کی بالائی لائن گول ہو اور ناخن چپٹے ہوں شکل نمبر ۱۴ تو ایسا شخص متذبذب اور غیر مستقل مزاج ہوگا اس میں خود اعتمادی کا فقدان ہوگا۔ نیز یہ ذمہ داری قبول کرنے سے ڈرتا ہے۔

اس کے برخلاف محدب ناخن (شکل نمبر ۱۵) اس بات کی علامت ہیں کہ یہ شخص اعصابی لحاظ سے اتنا زیادہ حساس ہوتا ہے کہ اس کا مرکزی اعصابی نظام ناقابلِ اعتبار ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود یہ لوگ بہت چالاک اور ہوشیار ہوتے ہیں لیکن اگر ناخن اُبھار کے بغیر محراب نما ہوں (شکل نمبر ۱۶) تو پُرخلوص طبیعت کا اظہار کرتے ہیں اگر ایسے ناخن مضبوط بھی ہوں تو ایسے شخص کی جسمانی بناوٹ بہت مضبوط ہوتی ہے۔

ناخنوں کا صحت اور بیماری سے تعلق

بہت ہی پتلے اور کمزور ناخن (شکل نمبر ۱۷) جسمانی کمزوری کا اظہار کرتے ہیں جبکہ بہت موٹے ناخن شکل نمبر ۱۸ جو بھر بھرے بھی ہوں، اعصابی نقائص کا اظہار کرتے ہیں۔

صحت مند ناخن موٹا ہونے کے ساتھ ساتھ لچک دار اور ہموار ہوتا ہے۔ نرم ناخن قوتِ حیات اور جسمانی طاقت کی کمی کی نشاندہی کرتے ہیں۔ خشک اور آسانی سے ٹوٹ جانے والے ناخن اچھی علامت نہیں ہیں۔

جہاں تک ناخنوں کی بنیادوں پر چھوٹے چھوٹے چاند ہونے کا تعلق ہے ان سے کوئی خاص نتیجہ نہیں نکالا جا سکتا۔ میرے خیال میں ان کے ہونے یا نہ ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

اگر کسی وقت آپ یہ دیکھیں کہ آپ کے ناخنوں پر اُفقی لکیریں یا لکیر پیدا ہو رہی ہے جیسا کہ شکل نمبر ۱۹ میں دِکھایا گیا ہے

تو اس کے معنی یہ ہیں کہ آپ کے ناخنوں کی صحت کمزور ہو رہی ہے' اس کی وجہ یہ ہوگی کہ اس کی عام صحت میں خرابی ہوگی۔ بیماری میں ناخنوں پر لکیریں پیدا ہو سکتی ہیں۔ ایک یا دو لائنیں ہوں تو کوئی فرق نہیں پڑتا لیکن اگر ایسی کئی لائنیں ہوں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ صحت کی جانب توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

ناخنوں کے بڑھنے کی رفتار ان کی لمبائی کے مطابق مختلف ہوتی ہے۔ عموماً انگوٹھی والی انگلی سب سے لمبی ہوتی ہے اس کا ناخن بھی سب سے جلدی لمبا ہوتا ہے اس کے علاوہ انگوٹھے کا ناخن بھی خاصی تیزی سے بڑھتا ہے۔

انگوٹھی کی انگلی اور انگوٹھے پر لکیریں یا لکیر سب سے زیادہ نمایاں ہوتی ہیں۔ لکیریں صرف یہ وارننگ دیتی ہیں کہ صحت کی جانب توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ لمبائی میں جو لکیریں ہوتی ہیں اگر وہ زیادہ نمایاں نہ ہوں تو اہم نہیں ہوتی ہیں۔ عموماً لمبائی میں لکیروں کا نمایاں ہونا شاذ و نادر ہی دیکھا گیا ہے۔

* * * * * *

غیب سے رزق پانے اور مشکلات ٹلوانے کے مجرب عملیات

توسیع وحصول رفعت وجاہ

جب کوئی شخص محتاج ہو جائے تو صبح و شام 129 مرتبہ "یَا لَطِیْفُ" پڑھ کر اس آیت کریمہ کو سات مرتبہ پڑھا کرے:

اَللّٰہُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ -وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔

ان شاء اللہ غیب سے سامانِ رزق پیدا ہوں گے اور چند دنوں میں مالا مال ہو جائے گا۔ جو شخص چاہے عہدے میں، دولت و مال میں ترقی ہو تو مندرجہ بالا آیت کو شرفِ قمر میں ریشمی سفید کپڑے پر زعفران ۔ لکھ کر بازو میں باندھ لے۔ دولت اور منصب میں ترقی ہو۔

منصب پر بحالی

اگر کوئی شخص اپنے منصب سے معزول ہو جائے اور چاہتا ہو کہ پھر بحال ہو جائے تو چاہیے کہ نوچندی جمعرات کو روزہ

رکھے۔ دن یا رات میں ایک بار سورۃ الیوسف پڑھے پھر سو بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سو بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ سو بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سو بار سُبْحَانَ اللّٰہِ سو بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ سو بار درود شریف سو بار پھر سورہ یوسف کی یہ آیات سو مرتبہ پڑھے۔ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِیْ - فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْیَوْمَ لَدَیْنَا مَكِیْنٌ اَمِیْنٌ ۝ قَالَ اجْعَلْنِیْ عَلٰی خَزَآئِنِ الْاَرْضِ - اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِیُوْسُفَ فِی الْاَرْضِ - یَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَیْثُ یَشَآءُ - نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝

قرض دار ہیں تو یہ پڑھیں!

جب کوئی شخص قرض دار ہو جائے اور کوئی صورت قرض سے خلاصی کی نظر نہ آئے تو سورہ یونس کی اس آیت قُلْ مَنْ یَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ یَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ یُّخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَمَنْ یُّدَبِّرُ الْاَمْرَ - فَسَیَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ - فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ کی ایک تسبیح رات کو پڑھا کرے تو اسباب ادائیگی قرض کے پیدا ہوں گے اور پھر کبھی قرضدار اور محتاج نہ ہوگا۔ بشرطیکہ اسے پڑھتا رہے۔

گاہکوں کی ریل پیل لگا دینے والا نقش

جس تاجر کا مال کم بکتا ہو وہ اس نقش کو جب قمر و مشتری یا قمر و زہرہ میں سعد نظر ہو لکھ کر مال میں رکھے تو ان شاء اللہ غیب سے خریدار آئیں گے۔ نقش یہ ہے، اسے آتشی رفتار سے لکھیں۔

۷۸۶

فَاسْتَبْشِرُوْا	بِبَیْعِكُمُ	الَّذِیْ	بَایَعْتُمْ بِهٖ
۷۴۲	۵۲۹	۱۰۵۱	۱۴۳
۵۲۸	۷۳۹	۱۴۶	۱۰۵۲
۱۴۵	۱۰۵۳	۵۲۷	۷۴۰

زبان بندی کے لئے خاص عددی نقش

مندرجہ ذیل مثلث کو قمر در عقرب میں لکھ کر بازو پر باندھ لیں۔ بلا وجہ خلاف بولنے والے اور شکایات کرنے والے اور بُرائی کرنے والے لوگوں سے حفاظت ہوگی۔

۲۱۱	۲۰۴	۲۰۹
۲۰۶	۲۰۸	۲۱۰
۲۰۷	۲۱۲	۲۰۵

ناف کا ٹل جانا

جس کی ناف ٹل جاتی ہو اس کیلئے بدھ کے دن سورج نکلنے سے قبل اس نقش کو لکھ کر ناف پر باندھ دیں مگر پہلے ناف کو صحیح مقام پر لا کر پھر نقش باندھیں۔

۱	۵۷۶	۵۷۳	۸
۵۷۴	۷	۲	۵۷۵
۶	۵۷۱	۵۷۸	۳
۵۷۷	۴	۵	۵۷۲

بچوں کے سوکڑے پن کا علاج

جس عورت کے بچے سوکھے کے مرض کی وجہ سے مر جاتے ہیں اس کو چاہیے کہ شروع حمل سے لے کر بچے کے دودھ دینے کے زمانہ تک یہ عمل جاری رکھے، روزانہ تین مرتبہ کسی روئی کے ٹکڑے درج ذیل آیت لکھ کر یا کاغذ پر زعفران سے لکھ کر پانی یا دودھ میں گھول کر پیتے رہنے سے بفضل خدا بچہ تندرست و توانا پیدا ہوگا اور ہر مرض سے محفوظ رہے گا۔

آیت یہ ہے۔ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبِّ الرَّحِيْمِ۔

سحر سے حفاظت

جو شخص فجر کی نماز کے بعد اور مغرب کی نماز کے بعد سورۃ الفلق اور سورۃ النّاس پڑھ کر اپنے او پر دَم کرے گا اس پر کبھی سحر کا اثر نہ ہوگا۔

عرق گلاب سے جادو کا علاج

جس پر جادو کیا گیا ہو اس کا یہ مجرب علاج ہے کہ چینی کی سفید طشتری پر زعفران سے یہ کلمات یَاحَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِہٖ وَبَقَآئِہٖ یَاحَیُّ لکھے پھر بسم اللہ پھر سورۃ الفاتحہ پوری لکھ لے اور بارش کے پانی یا عرقِ گلاب سے دھو کر پی لے۔ چالیس دن ایسا کرے تو شفائے کامل ہوگی، بہت مجرب ہے۔

چالیس دن میں کند ذہنی کا خاتمہ

اگر کوئی شخص صاف پانی پر 786 مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دَم کرے اور کُند ذہن کو چالیس دن تک ایک چمچ روز پلائے تو اس کا ذہن تیز ہو جائے گا۔ وہ لڑکے یا لڑکیاں جو شکایت کرتی ہیں کہ ہمارا پڑھنے کو جی نہیں چاہتا یا دماغ کام نہیں کرتا ان کو بھی ایک دو بوتل پانی کی تیار کر کے پینی چاہیے۔

تانبے کی تختی سے مرگی کا علاج

ایک تانبے کی تختی لے کر اس کے ایک طرف کھدوائے یَاقَھَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ لَایُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَاقَھَّارُ اور دوسری طرف یہ لکھائے یَامُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرِ عَزِیْزٍ سُلْطَانُہٗ یَامُذِلَّ پھر اس تختی کو مریض کے گلے میں ڈال دے۔ کھودنے والا باوضو اور طہارت کاملہ رکھتا ہو۔

دشمنوں سے نجات کے لئے امام غزالیؒ کا مجرب عمل

فجر کی نماز کی سنتوں کی پہلی رکعت کے میں سورۂ فاتحہ کے بعد الم نشرح اور دوسری رکعت میں بعد فاتحہ کے سورۃ الفیل پڑھا کرے اور اس پر مداومت کرے تو کسی دشمن کا اس پر قابو نہ چلے گا۔ امام غزالیؒ بھی لکھتے ہیں کہ یہ عمل نہایت صحیح اور مجرب ہے اس میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے۔

گمشدہ شخص یا چیز فوراً حاضر

جو شخص کسی مکان مخصوص کے ساتھ تعلق خاطر رکھتا ہو یا اس کی کوئی چیز ضائع یا گم ہوگئی ہے یا وہ کسی اپنے دوست سے ملنا چاہتا ہو یا کسی کا لڑکا یا کوئی آدمی باہر گیا ہو اور اس کی کوئی خبر نہ ہو تو صدق نیت کے ساتھ اس کو پڑھا کرے، لازمی گمشدہ چیز یا آدمی مل جائے گا۔ دعا یہ ہے:

يَا جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اِنَّ اللهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ اِجْمَعْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ۔ (یہاں مطلب کا نام لے)۔ اس دعا سے وہ لوگ بھی جمع ہو سکتے ہیں جو پہلے اکٹھے رہتے ہوں' اس دعا سے وہ شخص بھی کامیاب ہو جاتا ہے جو بہت سے علوم وفنون حاصل کرنا چاہے یا مقامات واحوال میں ترقی کرنا چاہے۔ دراصل توفیق دینا اللہ ہی کا کام ہے۔

روتے بچوں کو چپ کروانے کا دم

جب بچہ بہت روتا ہو تو الحمدللہ اور چاروں قل تین، تین بار پڑھ کر دَم کرے چند دن کرے تو اس کا رونا ختم ہو جائے گا اور جمیع وبلیات سے بھی محفوظ رہے گا۔

خطرناک دیو کا کسی انسان پر عاشق ہو جانا

اکثر ایسا ہوتا ہے کہ کسی آدمی یا عورت پر نظر جن یا دیو کی پڑتی ہے تو ان کے دل میں اس کی محبت جاگتی ہے پھر اکثر وہ لوگ اس شخص کے پاس آتے جاتے رہتے ہیں اور ان کے آنے سے اس پر کیفیت طاری ہو جاتی ہے جس کسی کو ایسا خلل آسیب کا ہو تو اس کے بائیں کان میں سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر پھونک دیں۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ۔

خواب میں مرحومین سے ملاقات کریں

جس کسی کا کوئی عزیز یا دوست مر گیا ہو اور اس کو خواب میں دیکھنا منظور ہو تو غسل کر کے صاف ستھرے کپڑے پہنے، عشاء کی نماز کے بعد چار رکعت نماز نفل پڑھے کہ الحمد کے بعد سورۃ التکاثر پڑھ کر نفل نماز مکمل کر کے سلام پھیرے' پھر صاف بستر پر لیٹ کر اَللّٰهُمَّ اَرِنِيْ فُلَانْ عَلَى الْحَالَةِ الَّتِيْ هُوَ عَلَيْهَا یہ بلاتعداد پڑھتا ہوا سو جائے تو اس رات خواب میں دیکھے

گا۔ یہ ضروری ہے کہ نفل پڑھنے کے بعد کوئی کام یا کلام نہ کرے اور سو جائیں۔

مرض کی تشخیص اور علاج

اگر کسی شخص کی مرض سمجھ میں نہ آتی ہو یا اتنا طویل عرصہ گزر گیا ہو کہ وہ مایوس ہو جائے تو اسے چاہیے کہ چالیس روز تک 12 سو مرتبہ درج ذیل کلمات روزانہ پڑھا کرے۔ چالیس روز میں شفا پائے گا' ان شاء اللہ!

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالشِّفَآءِ یَا بَدِیْعُ

*****

تل کیا ظاہر کرتے ہیں؟

قیاس پر مبنی ہے کہ تل قسمت کے محدود دائرہ کی نشاندہی کرتے ہیں۔ لوگوں کے کردار اور ان کے مستقبل کے بارے میں جو اندازہ کیا جاتا ہے وہ تل کے مقام بناوٹ اور رنگ و شکل و صورت سے کیا جاتا ہے۔ تلوں کا گول ہونا اچھائی کی علامت ہے۔ لمبا دولت مندی ظاہر کرتا ہے۔ کونے رکھنے والا اچھی اور بُری دونوں علامتوں کا حامل ہوتا ہے۔

ہلکے رنگ کے تل خوش قسمتی ظاہر کرتے ہیں۔ کالے تل بہت سی مشکلات کے بعد کامیاب نتائج ظاہر کرتے ہیں۔ جگہ کے لحاظ سے تلوں کا اثر حسب ذیل ہے۔

ٹخنہ

مرد کے ٹخنے پر تل ہو تو ڈرپوک، عورت کے ٹخنے پر ہو تو عقل مند، خوش مزاج اور دلیر ہونے کی دلیل ہے جو دوسروں کے ساتھ دنیاوی لین دین اور انس رکھنے کی خواہاں ہوتی ہے۔

بازو

خوش اخلاق، محنتی اور اچھی ازدواجی زندگی کی علامت ہے اگر یہ تل کہنی کے قریب ہو تو آدمی بہت سی جنگوں میں حصہ لے گا۔ نیز جلد رنڈوا (جیون ساتھی کا جلد انتقال) ہونے کی علامت بھی ہے۔ عورت کیلئے بھی قریباً یہی خصوصیات رکھتا ہے۔

بغل

اُلٹے بازو کے نیچے ہو تو زندگی کے ابتدائی سالوں میں سخت جدوجہد کرنا پڑے گی لیکن معاوضہ کافی ملے گا حتیٰ کہ دولت مند ہو جائیں گے اور بیشتر سالوں تک خوش بخت زندگی گزاریں گے۔ سیدھے بازو کے نیچے تل ہو تو خوشحالی کیلئے ثابت قدمی اور ہوشیاری کا اظہار کرتا ہے البتہ حفاظت کا بہت خیال رکھنا ہوگا۔

پیٹھ

یقینی طور پر ساری حقیقت کسی مہم یا معاملہ میں حصہ لینے سے قبل معلوم ہو جایا کرے گی۔

پیٹ

ان لوگوں کو اپنی ناز برداری کی خواہش ہوتی ہے۔ ضرورت سے زیادہ کھانے اور بے اندازہ پینے سے انہیں پرہیز کرنا چاہیے۔ تنگی کی حالت میں اپنی کفایت شعاری پر نظر رکھنی چاہیے۔ ان کو زندگی کا ایسا ساتھی تلاش کرنا چاہیے جو سرد مزاج ہو اور معاملہ فہم ہو۔

سینہ

جھگڑالو فطرت کو دھیما کرتے ہیں، یہ تل سستی کا اظہار کرتا ہے۔ بعض اوقات بدچلنی اختیار کرنے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ یہ لوگ خواہشات کے تابع ہوتے ہیں جس کے نتیجے میں رنگین مزاج زندگی اختیار کر لیتے ہیں۔ ایسے لوگ دل پھینک اور خواہشات کے تابع ہوتے ہیں۔

چھاتی

سیدھے پستان پر ہو تو ان کی کاہلی اور ممکن ہے اپنی اور خاندان کی خوشیوں کو تباہ کر دے، ان کو بچوں کی محبت اور اطمینان بخش زندگی کے حصول کیلئے ہمت اور نفس پر قابو پانا چاہیے۔ اُلٹی جانب چھاتی پر ہو تو محنتی، چست چالاک شخص ہونے کی دلیل ہے جو دولت اور جائیداد کے حصول کیلئے مصروف رہنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔

کولہے

بہت جاہ طلب نہیں ہوتے کسی قسم کی بھی حالت ہو اس میں گزر بسر کرلیں گے حتیٰ کہ مفلسی میں بھی گزارا کرلیتے ہیں۔

رخسار

کسی ایک رخسار پر ہو تو سنجیدہ مطالعہ کا شائق بناتا ہے یہ لوگ مذہبی قسم کے ہوتے ہیں۔ زندگی، سیاست اور مذہبی نظریات کیلئے درمیانی راستہ اختیار کرتے ہیں، ان کی خوشیوں کیلئے دولت ضروری نہیں ہوتی۔

ٹھوڑی

یہ تل اکثر لوگوں کی ٹھوڑی پر ہوتے ہیں، سیدھی یا اُلٹی طرف ایسے لوگ قابلِ رشک خصوصیات کے مالک ہوتے ہیں، لوگوں سے محبت رکھتے ہیں۔ بلند حوصلہ ہوتے ہیں، کاموں میں ایمان دار اور سیاحت کے شائق ہوتے ہیں۔ دُور کے ملکوں کے لوگوں کے رسم و رواج سے بھی آگاہی رکھتے ہیں۔ لائق اور ذمہ دار شہری ہوتے ہیں۔ ملک اور خاندان کیلئے ذمہ داری کے کام قبول کرنے سے گریز نہیں کرتے۔

کان

کان پر تل شاذ و نادر ہی ہوتا ہے لیکن جس کے ہوگا وہ توقعات سے بڑھ کر امیر ہوگا۔

کہنی

سیاحت کی بہت خواہش رکھتے ہیں جو ہمیشہ غیر یقینی سی رہتی ہے۔ عام طور پر ان میں آرٹ اور ہنر کے ایک دو جوہر ضرور ہوتے ہیں جو مالی خوش بختی لاسکتے ہیں لیکن یہ لوگ کام کا بہت کم شوق اور لگن رکھتے ہیں۔

آنکھ

ان کی قابلیت خلافِ معمول مفلسی کو پناہ دیتی ہے۔ اگر تل آنکھ کے کونے میں باہر کی طرف ہو تو اس کا مطلب ہے ایمانداری، سچائی پسندی ایک بااعتماد آدمی جسے محبت اور قابل تحسین زندگی کے حصول کیلئے سخت جدوجہد کی ضرورت ہوتی ہے۔

ابرو

اگر سیدھی ابرو پر ہو تو یہ ثابت قدمی کا نشان ہے۔ اپنے گھر، خاندان اور کاروبار غرضیکہ ہر امر میں کامیاب اور سرگرم زندگی گزارتے ہیں۔ الٹی ابرو یا کنپٹی پر تل ہو تو اس کا نتیجہ اُلٹ سمجھا جائے گا۔ ایسے لوگ اپنی آرام طلبی اور خودغرضی کی زندگی کی وجہ سے مایوسیوں سے دوچار ہوتے رہیں گے۔ صرف انتہائی محنت کش زندگی سے ہی مفلسی سے بچ سکتے ہیں۔

انگلی

کسی بھی انگلی پر ہو تو بے ایمانی اور مبالغہ آمیزی ظاہر کرتا ہے۔ زندگی کے اہم امور جن سے وہ دوچار ہوتے ہیں، ان کی سختیوں کا مقابلہ کرنے کی ان میں ہمت نہیں ہوتی۔

پاؤں

مالیخولیا جیسا مرض رکھتے ہیں۔ کاہلی کی زندگی کو پسند کرتے ہیں لیکن ان کو یاد رکھنا چاہیے کہ مصروفیات وحرکات میں توازن قائم رکھنا ان کی صحت کیلئے بےحد ضروری ہے۔

پیشانی

کے درمیان ہو تو بزرگی، دولت، محبت، خوشگوار زندگی اور ممتاز خاندان والا ہونے کی دلیل ہے۔ سیدھی اور اُلٹی جانب پیشانی کے تل ہوں تو سیدھی اور اُلٹی بھنوؤں کے نتائج جاننے چاہئیں۔

چڈا

باوجود اقبال مندی کے اگر سیدھی جانب تل ہو تو بیمار رہنے کی پیش گوئی ہے اگر اُلٹی جانب ہو تو اقبال مندی کیلئے بے ثباتی ظاہر ہوتی ہے۔

ہاتھ

جن کے ہاتھوں پر تل ہو ان کو خوشیوں، دولت صحت اور تقریباً ہر چیز کی بہتات ہوتی ہے، عموماً بہت ذہین ہوتے ہیں۔

ایڑھی

جسمانی اور ذہنی طور پر بہت ہوشیار ہوتے ہیں اگر ان کی مرضی ہو تو یہ دولت جمع کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں لیکن اپنے

دشمن بنا لیتے ہیں جو مسلسل ان کو پریشان کرتے رہتے ہیں اور ذرا ذرا سی ناراضگی کا باعث بنتے ہیں۔

ران

ران کے کسی حصہ پر تل ہو تو اطمینان، حوصلہ اور خوش طبعی کی صفات نمایاں ہوتی ہیں۔ بصورتِ دیگر بہت زیادہ عاشق مزاج ہونے کی دلیل ہے۔

پشتِ پا

جھگڑالو، اکثر اوقات آزردہ، سرسری طور پر جسمانی ورزش میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

گھٹنا

اگر سیدھے گھٹنے پر تل ہو تو دوستی اور ملنسار طبع کا مالک ہوگا۔ خاندان کی ضروریات اور گھریلو زندگی سے عظیم محبت رکھنے والا ہوگا۔ اگر اُلٹے گھٹنے پر تل ہو تو شاہ خرچ، محتاط اور بے اصول ہوگا لیکن بہترین کاروباری آدمی ہوگا۔

ٹانگ

ابتدائی سالوں کے اندر بہت سی مشکلات پیش آئیں گی لیکن ذاتی قابلیت کی بناء پر ان پر غالب آنے کی صلاحیت ہوگی۔ ان کی حاضر دماغی کو منتشر نہ ہونا چاہیے اور نہ ہی آرام طلبی کو پاس پھٹکنے دینا چاہیے۔

ہونٹ

خیر خواہ فطرت کا مالک ہوتا ہے۔ ہمیشہ بازی پر شرط لگانے پر تیار رہتے ہیں۔

ناف

آدمی کی ناف پر ہو تو خوش قسمتی لاتا ہے۔ عورت کی ناف پر ہو تو بہت سے بچوں کی خواہش رکھے۔

گردن

یہ لوگ خلافِ توقع خوش بخت لوگ ہوتے ہیں بشرطیکہ تل گردن کے سامنے ہو اگر ایک طرف ہو تو انہیں کفایت شعاری کی عادت ڈالنی چاہیے۔

چُوسنی

آدمی کے ہوتو بے چین اور عاشقانہ رجحان طبع رکھتے ہیں۔ عورت کے ہوتو ہمیشہ سوشل مراتب کے حصول کیلئے جانفشانی دِکھاتی ہیں۔

ناک

سچا دوست ہوتا ہے، کامیابیوں سے ہمکنار رہتا ہے، اس کی شادی کامیاب ہوتی ہے۔ یہ لوگ دولت اکٹھی کرنے کیلئے ان جگہوں پر بھی جدوجہد جاری رکھتے ہیں جو ناممکن قسم کی ہوتی ہیں۔

کندھے

عموماً ان تھک ہونے کی دلیل ہے۔ یہ لوگ گھریلو مطمئن ماحول حاصل کرنے کی خاطر سفر اختیار کرتے ہیں اگر دائیں کندھے پر تل ہوتو عاقبت اندیش، فہم وفراست اور شادی کیلئے وفادار ہستی ثابت ہوتا ہے اور ہنرمندی ظاہر کرتا ہے۔ اگر بائیں کندھے پر تل ہوتو زندگی میں ہر صورت میں مطمئن رہنے کی علامت ہوتی ہے یعنی پیشے اور سوشل زندگی جس بھی حالت کی میسر ہو مطمئن رہتے ہیں۔

کلائی

کفایت شعار، خوش تدبیر اور قابلِ بھروسہ ہوتے ہیں، خواتین کی کلائی پر اگر تل ہوتو ایک شادی ہوتی ہے اگر آدمی کی کلائی پر ہوتو شادیوں کا امکان ہوتا ہے۔

بعض اوقات جسم پر جڑواں تل بھی ہوتے ہیں جیسے کلائی کے ایک مقام پر اور دوسری کلائی پر بھی اس سے ملتا جلتا تل ہو اسے جوزین کہتے ہیں، اس قسم کے تل رکھنے والا شخص دوہری طبع کا مالک ہوتا ہے۔

نوٹ: یہ تمام فوائد ونقصانات تجربات کی رو سے ہیں جو کہ غلط بھی ہو سکتے ہیں، اصل علم صرف رب کائنات اللہ رب العزت ہی کے پاس ہے اور وہی جانتا ہے۔

* * * * * *

چُوسنی

آدمی کے ہوتو بے چین اور عاشقانہ رجحان طبع رکھتے ہیں۔ عورت کے ہوتو ہمیشہ سوشل مراتب کے حصول کیلئے جانفشانی دِکھاتی ہیں۔

ناک

سچا دوست ہوتا ہے، کامیابیوں سے ہمکنار رہتا ہے، اس کی شادی کامیاب ہوتی ہے۔ یہ لوگ دولت اکٹھی کرنے کیلئے ان جگہوں پر بھی جدوجہد جاری رکھتے ہیں جو ناممکن قسم کی ہوتی ہیں۔

کندھے

عموماً اَن تھک ہونے کی دلیل ہے۔ یہ لوگ گھریلو مطمئن ماحول حاصل کرنے کی خاطر سفر اختیار کرتے ہیں اگر دائیں کندھے پر تل ہوتو عاقبت اندیش، فہم وفراست اور شادی کیلئے وفادار ہستی ثابت ہوتا ہے اور ہنرمندی ظاہر کرتا ہے۔ اگر بائیں کندھے پر تل ہوتو زندگی میں ہرصورت میں مطمئن رہنے کی علامت ہوتی ہے یعنی پیشے اور سوشل زندگی جس بھی حالت کی میسر ہو مطمئن رہتے ہیں۔

کلائی

کفایت شعار، خوش تدبیر اور قابلِ بھروسہ ہوتے ہیں، خواتین کی کلائی پر اگر تل ہوتو ایک شادی ہوتی ہے اگر آدمی کی کلائی پر ہوتو شادیوں کا امکان ہوتا ہے۔

بعض اوقات جسم پر جڑواں تل بھی ہوتے ہیں جیسے کلائی کے ایک مقام پر اور دوسری کلائی پر بھی اس سے ملتا جلتا تل ہو اسے جوزین کہتے ہیں، اس قسم کے تل رکھنے والا شخص دوہری طبع کا مالک ہوتا ہے۔

نوٹ: یہ تمام فوائد ونقصانات تجربات کی رو سے ہیں جو کہ غلط بھی ہو سکتے ہیں، اصل علم صرف رب کائنات اللہ رب العزت ہی کے پاس ہے اور وہی جانتا ہے۔

* * * * *

مشکلات اور مسائل کے حل کے لئے مجرب اعمال

(محمد یٰسین، پشاور)

بچوں کے دانت با آسانی نکل آئیں! کالے دھاگے کا عمل!

دانت نکالتے وقت بچوں کو بڑی تکلیف ہوتی ہے بعض بچے اس دوران کمزور اور بیمار ہو جاتے ہیں۔ طبی طریق پر ایک برقی فیتہ روحانی دنیا کا بنا ہوا ملتا ہے، اس کے گلے میں پہننے سے بچہ کے دانت آسانی سے نکل آتے ہیں اور روحانی طریقہ پر یہ عمل بہت مجرب ہے۔ کالے دھاگے کے 32 تار گن کر گنڈا بنائیں اور سورہ شریف القارعہ 32 مرتبہ پڑھو۔ ہر مرتبہ پر ایک گرہ لگاتے جائیں اور یہ گنڈا بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ گنڈا ڈالنے سے قبل بتیس عدد مٹھائی کے ٹکڑوں پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔ 32 عدد مٹھائی کے ٹکڑے مثلاً 32 بتاشے 32 ریوڑیاں 32 لڈو وغیرہ ہوں یا اگر شیرینی ایک سطح والی ہو تو اس کے 32 ٹکڑے کر لیں۔

دشمن کی بے جا مخالفت ختم! طاقتور نقش

جو شخص زبان دراز ہو اور اپنی کوشش سے نقصان پہنچاتا ہو تو یہ نقش لکھ کر بھاری پتھر سے دبا دیں اور ایک اس کے راستے میں یا تکیہ میں رکھ دیں۔ زوال ماہ میں قمر در عقرب میں کریں یا ہفتہ کے دن ساعت زحل میں کریں، مخالفت ختم ہو جائے گی۔



ناجائز مقدمات سے خلاصی

اگر خدانخواستہ کسی مقدمہ میں ناجائز طور پر گرفتار ہیں اور نہایت مایوسی ہے تو ظالم و جابر دشمن کا مقابلہ اور افسر کے سامنے پیش ہونے سے آپ کا دل خوف و خطر میں ہے کہ ظلم کرے گا یا مقدمہ کا ٹھیک فیصلہ نہیں کرے گا۔ اس کے علاوہ کسی سخت مہم اور سفر کا سامنا ہے جس کے مقابلے کیلئے آپ میں ہمت نہیں ہے تو آپ اس مہم کے دفعیہ کا خیال دل سے تصور کر کے مندرجہ ذیل کلمات ہر فرض نماز کے بعد پانچ سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔ ان شاء اللہ ایک ہی چلہ کے اندر (چالیس دن میں) بارگاہِ غفور الرحیم سے رحمت نازل ہوگی اور آپ کی مشکل حل ہوجائے گی۔ یاد رہے کہ یہی کلمات افسر کے سامنے پیش ہونے سے قبل لاتعداد مرتبہ پڑھیں۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ "حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَعَلَی اللّٰهِ تَوَکَّلْنَا۔

لُکنت دُور اور مضبوط حافظے کے لئے انوکھا تعویز

بدھ کے دن طلوعِ آفتاب کے بعد اس نقش کو زعفران سے چینی کی طشتری پر لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر ایک چمچ شہد ملا کر پی لیا جائے یا مطلوبہ شخص کو پلا دیا جائے تو اکیس دن میں ذہن روشن ہوجائے گا اور قوتِ یادداشت بڑھ جائے گی' اگر زبان میں کچھ لکنت ہو تو دُور ہوجائے گی۔ امتحان دینے والے یا کُند ذہن بچوں کیلئے بہترین ہے۔ کونوں میں نمبر نقش کی رفتار ظاہر کرتے ہیں اسی ترتیب سے نقش لکھنا ہے، اکیس دن روزانہ طلوعِ آفتاب کے بعد لکھنا ہے اور عمل بدھ کی صبح سے شروع کرنا ہے۔

۱ ۱۶۱۵	۱۴ ۱۶۲۹	۱۱ ۱۶۲۶	۸ ۱۶۲۲
۱۲ ۱۶۲۷	۷ ۱۶۲۱	۲ ۱۶۱۶	۱۳ ۱۶۲۸
۶ ۱۶۲۰	۹ ۱۶۲۴	۶۱ ۱۶۳۱	۳ ۱۶۱۷
۱۵ ۱۶۳۰	۴ ۱۶۱۸	۵ ۱۶۱۹	۱۰ ۱۶۲۵

جس شخص کو اپنی جائز محبت میں گرفتار کرنا ہو تو آب خورہ گلی آبِ نارسیدہ لے کر اس پر اسمِ اعظم "اَلْوَلِیُّ" لکھیں اور اس اسمِ اعظم کے تحت نام طالب معہ والدہ اور نام مطلوب معہ والدہ تحریر کریں۔ اس آبخورہ میں پانی بھر کر دیوار میں ماریں تا کہ

آبخورہ ٹوٹ جائے۔ ان ٹھیکریوں کو چُن کر زمین میں دفن کر دیں۔ عروجِ ماہ میں 7 یوم مسلسل اسی طرح یہ عمل کریں، مطلوب کے دل میں ان شاءاللہ تعالیٰ جذباتِ رحم پیدا ہوں گے۔ نیز اگر کوئی مقام غیر آباد رہتا ہو اور کسی طرح آباد نہ ہوتا ہو تو اسی طرح آبخورہ پر یہ اسمِ اعظم تحریر کر کے اور پانی بھر کر دیوار پر مارا کریں‘ خدا چاہے تو وہ گھر‘ دکان آباد ہو جائیں گے۔

سر درد سے نجات کے لئے طلسماتی عمل

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو زمین پر ’’ا ب ج د‘‘ لکھ کر ایک چھری کی نوک سے لفظ الف پر زور دیں اور تین مرتبہ سورۃ الفاتحہ مع بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر مریض پر دَم کریں، آرام ہوگا اگر درد دُور نہ ہو تو حرف ب پر چھری رکھ کر زور دیں اور اسی طرح پڑھیں۔ ان شاءاللہ چاروں حروف ختم نہ ہوں گے کہ شفاء اللہ پاک دے گا۔

* * * * *

قرآنی سورتیں اور اُن کے فوائد و برکات

عزت‘ مرتبہ اور مال و دولت کا حصول

جس گھر میں سورۃ البقرہ پڑھی جاتی ہے اس گھر سے شیطان بھاگ جاتا ہے۔ نمازِ فجر کے بعد سورۂ یٰسین، ظہر کے بعد سورۂ نوح، عصر کے بعد سورۂ النبا، مغرب کے بعد سورۂ واقعہ اور عشا کے بعد سورۃ الملک کو پڑھنے سے اتنا اجر و ثواب اور نفع ملتا ہے کہ ہر قسم کی دنیوی تکالیف نزدیک نہیں آپاتیں۔ سورۃ طٰہٰ کو رات کو پڑھنا اور نمازِ جمعہ سے قبل سورۃ الکہف پڑھنا تمام قسم کی ہنگامی حالتوں سے تحفظ لاتا ہے۔ سورۃ الیوسف کو پڑھنے سے عزت و مرتبہ ملتا ہے، دن رات میں کسی بھی وقت روز پڑھے۔

دنیا و آخرت میں کامیابی کے لئے قرآنی سفارش

سورۃ البقرہ اور آل عمران پڑھنے کا معمول بنانا چاہیے کیونکہ یہ دونوں سورتیں قیامت میں اپنے پڑھنے والے کی طرف سے جھگڑیں گی یعنی اللہ تعالیٰ سے پڑھنے والے کے حق میں سفارش کریں گی۔ ان سورتوں کو پڑھنا اور یاد کرنا باعث برکت

ہے، ان کا چھوڑ دینا حسرت ہے، ان کے پڑھنے والوں پر جادو اثر نہیں کرتا۔ جس گھر میں آیت الکرسی پڑھی جاتی ہے اس گھر سے شیطان بھاگ جاتا ہے۔ جو شخص اپنے گھر میں رات کو سورۃ البقرہ پڑھتا ہے تو تین رات تک اور جو دن کو پڑھتا ہے تو تین دن تک اس گھر میں شیطان نہیں گھس سکتا۔

وبائی بیماریوں سے حفاظت کا روحانی نسخہ:

سورۃ البقرہ کی آخری دو آیات ایسی ہیں کہ تین رات تک اگر کسی جنگل میں پڑھی جائیں تو وہاں شیطان کا اثر نہیں ہوتا۔

جہاں وباء پھیلی ہو، طاعون، ہیضہ یا چیچک وغیرہ کا زور ہو وہاں روزانہ سورۃ تغابن پڑھنی چاہیے، یہ جتنی زیادہ پڑھی جائے گی وباء کا اثر اتنا ہی گھٹتا جائے گا بالآخر دُور ہو جائے گی۔

تین پھونکوں سے مجنون کا علاج

سورۂ یٰسین قرآن کا دل ہے جو اسے روزانہ پڑھے گا وہ تمام بلیات سے محفوظ رہے گا اور جو رات کو پڑھ کر سوئے گا تو فرشتے اس کی حفاظت کرتے رہیں گے اور آخر میں بے شمار اجر ملے گا۔ سورۃ الفاتحہ کے متعلق احادیث میں بہت بیان آیا ہے۔ یہ سورۂ ہر مرض کی صورت میں شفاء ہے حتیٰ کہ سانپ کاٹے کا بھی یہی علاج ہے۔ مجنون پر تین مرتبہ پڑھ کر پھونکنا چاہیے۔ سورۂ معوذتین اور سورۂ ملک انسانوں اور جانوروں پر نظر بد سے نجات کے لئے مؤثر ہیں۔ جادو کا اثر بھی ان سے دُور رہتا ہے۔

زبان بندی کیلئے سیاہ رسی کا عمل

استخارہ عجیب

جب کسی امر میں پریشانی ہو یا کوئی بھاگ گیا ہو یا بیمار بیماری سے شفا نہ پائے، غرضیکہ کسی قسم کی دریافت مدِ نظر ہو تو یوں کریں کے نئے چاند کی پہلی جمعرات کو جب سورج طلوع ہو تو درج ذیل نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر سامنے رکھ کر اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ یَا اللہ 660 مرتبہ پڑھیں اور اس نقش پر دَم کر کے کہیں احتیاط سے رکھ دیں۔ جب رات کو سونے لگیں تو بعد نمازِ عشاء پھر اسی عزیمت کا ذکر اتنی ہی تعداد میں کر کے نقش پر دَم کریں اور اپنے سرہانے رکھ کر دل میں نیت

کر کے سو جائیں۔ اِن شاء اللہ پہلی ہی رات خواب میں کلی حالات کی آ گاہی ہوگی۔

۷۸۶

۵	۴۴	۱۷
۳۴	۲۲	۱۰
۲۷	بحق یا اللہ	۳۹

پرانی قبر پر جا کر فاتحہ پڑھیں! مقصد حاصل

جس شخص کی اپنے حق میں زبان بندی کی ضرورت ہو تو قمر در عقرب یا کسی نحس ساعت میں ایک سیاہ رسی لیں اور درج ذیل عزیمت کو 7 مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ لگائیں۔ اسی طرح سات گرہیں لگا کر اسی رسی کو مطلوب کی گزرگاہ یا اس کے مکان یا پُرانی قبر یا اس کے تکیے میں رکھ دیں۔ اِن شاء اللہ کبھی بھی خلافِ کلمات ادا کرنے کی جرأت نہ کرے گا۔ عزیمت یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ۔ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ، بستم وستش تا نگیرد۔ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ بستم اندامش تا نہ جنبد۔ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ بستم زبانش تا نگوید اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ بستم دہانش تا نہ اندیشد غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ آمین! بستم ہفت اندام فلاں بن فلاں و بحق ایں حروف ب اح دوای سرن ک سرک ن بِرَحۡمَتِكَ يَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِيۡنَ۔

جائز محبت پانے کا تیر بہدف عمل

اگر کسی شخص کو جائز محبت (والدین، اولاد، زوجین وغیرہ) میں گرفتار کرنا ہو تو اتوار کے دن منزل نثرہ میں جب چاند آئے تو مطلوب کے پاؤں کی مٹی ایسے طریقے سے اُٹھا لے کہ کوئی شخص بھی نہ دیکھ سکے۔ اس مٹی کو اپنے پاؤں کی مٹی میں ملائے اور علیحدہ جگہ میں 7 بار اس آیت کو پڑھ کر مٹی پر دم کر کے اس جگہ دفن کر دے، جس جگہ مطلوبہ شخص رہتا ہو۔ اس کے بعد مٹی کا کمال دیکھیں، اس شخص کو کبھی نیند نہیں آئے گی، اسے آپ ہی نظر آئیں گے۔ آیت شریف یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ قَدْ جَآءَکُمْ بُرْھَانٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَیْکُمْ نُوْرًا مُّبِیْنًا ۝

ہر قسم کی تکلیف سے فوری نجات پائیں

جب کسی کے سر یا پیٹ یا بدن کے کسی حصہ میں کسی قسم کا درد ہو تو درد والی جگہ پر اپنا ہاتھ رکھ کر گیارہ مرتبہ سورۃ الحمد شریف معہ بسم اللہ ہر بار پڑھ کر اس پر پھونک کر دم کر دیں۔ اِن شاءاللہ درد ختم ہو جائے گا اور فوراً سکون حاصل ہوگا۔ ایک مرتبہ میں اگر آرام نہ ہو تو دو تین بار یہ عمل کر لیں۔ یقیناً درد موقوف ہو جاتا ہے۔

تحفظ مکان، دکان، کھیتی اور باغ

مکان، دُکان، کھیتی اور باغ کے گرد گھومتے ہوئے تین مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھیں۔ 7 دن مسلسل یہ عمل جاری رکھیں، مکان و دکان وغیرہ ہر قسم کی آفات اور بلیات سے محفوظ ہو جائے گا اور بے انتہا برکت ہوگی۔

نیلے دھاگے سے بخار کا علاج کریں

جس شخص کو تپ لرزہ یا بخار آتا ہو خواہ روزانہ یا باری کا ہو تو 9 تار نیلے رنگ کے سوت کے لے کر مریض کے سر پر پاؤں تک ناپ کر اس پر سورۃ الضحیٰ اس انداز سے پڑھیں کہ اس سورۃ میں نو جگہ کاف ہے، ہر کاف پر ایک جگہ گرہ لگاتے جائیں، سب کو اکٹھا کر کے 9 مرتبہ یہی سورت (والضحیٰ) پڑھ کر اس پر پھونک کر دم کر دیں اور یہ دھاگہ مریض کے گلے میں ڈال دیں اور 109 روپے کی شیرنی منگوا کر اس پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس کا ثواب حضرت شیخ جنید بغدادیؒ کی روحِ مبارک کو پہنچا کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔ اِن شاءاللہ بخار سے نجات مل جائے گی، نہ لرزہ ہوگا اور مریض کو صحت ہوگی۔

*****

اسمائے الحسنیٰ سے مرادوں کا حصول

اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ

یہ دونوں اسماء الٰہی بہت بزرگی اور برکت والے ہیں اس کا ذکر اس شخص کیلئے ضروری ہے جس کی لوگ قدر و منزلت ن

کرتے ہوں نہ وہ لوگوں میں مشہور ہو نہ لوگ اس سے مشورہ لینا پسند کرتے ہوں۔

اَلسَّلَامُ الْمُؤْمِنُ

اس شخص کو ان کا ذکر کرنا چاہیے جس پر کسی کا رعب غالب ہو۔ ان مسافروں کیلئے بھی ضروری ہے جو بادیہ پیمائی کرتے ہوں۔ ملک ملک پھرتے ہوں۔ ان کا ذکر ہر ایک خوفناک واقعہ سے سفر و حضر میں محفوظ رکھتا ہے اور ظاہری و باطنی آفت سے ذاکر امن میں رہتا ہے۔

جَبَّارٌ شَكُوْرٌ

ان کا ذکر بڑے بڑے سرکش‘ ظالموں کو مسخر کر دیتا ہے۔ جن لوگوں کو مخالفتوں کا سامنا ہو یا زبردست رشتہ داروں سے واسطہ پڑے کہ اس کو نقصان دینے کی کوشش کریں، ان کو ان اسماء کا ذکر کرنا چاہیے۔

اَلْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ

ان تین اسماء کا ذکر ان لوگوں کو کرنا چاہیے جو وساوس میں مبتلا ہوں اور ان وساوس کی وجہ سے دل میں ہر وقت نامعلوم خوف سا رہتا ہو۔

سَمِيْعٌ وَّبَصِيْرٌ

ان کے ذکر سے فہم و عقل زیادہ ہوتی ہے اور حشمت بے اندازہ حاصل ہوتی ہے۔ قوتِ سامعہ اور باصرہ میں قوت و ترقی ہوتی ہے۔

اَلْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ

علم و حکمت کے حصول کیلئے ان اسماء کا ذکر کرنا چاہیے۔ خلوت سر برہنہ کر کے زمین پر قبلہ رو ہو کر پڑھنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ ان اسماء کا ورد کرنے والے کو حکمت عطا فرمائے گا۔

بَاسِطُ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ

ان کے ذکر سے نسیان دُور ہوتا ہے اور حافظہ قوی ہو جاتا ہے۔

یَا کَرِیْمُ یَا وَھَّابُ

ان کے ذکر سے رزق کشادہ ہو اور تجارت میں ترقی ہوتی ہے، ان اسماء کا ذاکر کبھی تنگی نہیں پاتا۔

مُبْدِئُ الْمُعِیْدُ

اگر سفر پر جانے سے پہلے ان کا ذکر کریں تو صحیح و سالم سفر سے واپسی ہو گی اور جس شخص کی کوئی چیز چوری ہو گئی ہو یا گم ہو گئی ہو، وہ ان کا ذکر کرے تو اس کی چیز جلد واپس مل جائے گی۔

اَلْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

ان کا ذکر کرنے والا ہمیشہ باقدر و عزت رہتا ہے، ہمت اس کی بلند رہتی ہے، تمام لوگ اس سے محبت کرتے ہیں، اس کا رزق وسیع ہوتا ہے اور تمام مقاصد میں کامیابی ملتی ہے۔

اَلنُّوْرُ الْمُحْصِیْ

اس کے ذاکر کے دل میں نور پیدا ہوتا ہے اس کا دل اللہ پاک منور کر کے اپنے اسرار سے مطلع کرتا ہے۔ جس کی آنکھوں میں رمد یا ضعف یا کوئی نقص ہو اس کو چاہیے کہ النور کا نقش بنوا کر گلے میں ڈالے اور روزانہ فجر کی نماز کے بعد پڑھ کر ہاتھوں پر دَم کر کے آنکھوں پر رکھا کرے تو بینائی میں قوت آئے گی۔

اَلْغَنِیُّ اَلشَّکُوْرُ

جو شخص ان کا ذکر کرے اللہ اس کو غنا عنایت کر کے حمد و شکر کا الہام کرتا ہے۔ اگر بخیل مداومت کرے تو اس کی بخالت سخاوت میں بدل جائے گی۔

اَلْحَسِیْبُ الْوَکِیْلُ

ان دونوں اسماء کا ذکر دشمنوں سے محفوظ رکھتا ہے جب کوئی ظالم کسی مظلوم پر دست ظلم دراز کرے تو اس کو لازم ہے کہ سحری

کے وقت ان اسماء کے اعداد کے مطابق پڑھ کر دعا مانگا کرے۔

اَلْمُعْطِیُ اَلْمُغِیْثُ

ان اسماء کے ذکر سے رزق کا چشمہ ہمیشہ جاری رہتا ہے اور دنیاوی عیش کی نہر جاری ہوجاتی ہے۔ اگر قرض داران کا ذکر کرے تو اس کا قرض ادا ہوگا۔ یہ اسماء فقر و فاقہ دُور کرنے میں نہایت مؤثر ہیں۔ رزق کشادہ ہوگا، کھانے پینے میں کثرت ہوگی اور مال بڑھے گا۔

اَلْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ

توبہ کی قبولیت اور گناہوں سے چھٹکارا پانے کیلئے مخصوص اسماء ہیں۔ جو شخص ان کا ذکر کرے گا' خود بخود لوگوں کے دل اس کی طرف مائل ہوں گے۔ جو شخص ان اسماء کے ذاکر کو دیکھے گا اس کے دل میں اس کے لئے انس پیدا ہوگا۔

اَلْقَهَّارُ الشَّدِیْدُ

جو شخص ان اسماء کا ذکر کرے تو لوگوں کے دِلوں میں اس کا خوف اور غلبہ پڑ جائے۔ کوئی شخص اس کا مقابلہ نہ کر سکے گا، جو مخالف ہو وہ برباد و ذلیل ہوجائے گا۔

اَلْمُنْتَقِمُ الْمُذِلُّ

ظالموں کے شہر بدر کرنے کیلئے ان اسماء کا ورد کرنا چاہیے۔ ہفتہ کے روز سے شروع کرے اور جس ظالم سے نجات کے لئے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس سے نجات دے گا' وہ ظالم شخص خود کسی مصیبت میں پھنس جائے گا۔ جس ظالم کے دروازے پر ہفتہ کے دن آخر ماہ قمری میں یہ اسماء لکھے وہ ذلیل ہوگا اور مصیبتیں اس کو گھیر لیں گی۔

اَلْقَوِیُّ الْقَادِرُ

جو شخص ان اسماء کا ذکر کرے اس کے اعضاء میں قوت پیدا ہوگی' جس قدر چاہے مشقت کرے جس قدر چاہے بوجھ اُٹھائے، تھکاوٹ کا احساس نہ ہوگا۔ جن لوگوں کے بدن کی قوت کسی نہ کسی وجہ سے کم ہوتی جائے ان لوگوں کو ان اسماء کا ذکر

کرنا چاہیے۔

اَلْمُنْعِمُ الْمُتَفَضِّلُ

جو شخص ان اسماء کا ذاکر ہو وہ جب بھی خدا سے کچھ مانگے تو اس کو ملے گا۔

اَلْمُحْسِنُ الْجَوَّادُ

ان اسماء کا ذکر کرنے والے پر اللہ کا فضل و عنایت رہتا ہے۔ بے انتہا خیر و برکت ہوتی ہے' جن لوگوں کے کاموں اور روپیہ پیسہ میں برکت نہ ہو، دُکان میں مال ہوتے ہوئے بھی نفع نہ ہو ان کو ان اسماء کا ذکر کرنا چاہیے۔

اَلرَّافِعُ الْبَاسِطُ

جو شخص ان کا ذکر کرتا ہے خدا اس کو جسمانی' مالی اور علمی قوت عنایت کرتا ہے اس کی قدر و منزلت بلند کرتا ہے جس شخص کی ترقی نہ ہوتی ہو وہ ان اسماء کا ذکر کرے۔

اَلْخَبِیْرُ الْمُبِیْنُ الْھَادِیُٔ

جو شخص ان اسماء کا ذاکر ہو وہ جب کسی بات کے معلوم کرنے کی نیت کرے۔ خدا تعالیٰ خواب میں اس کو مطلع کرے گا، کوئی فرشتہ اس کو خبر دے گا۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک ہزار بار ان کو پڑھنا ہے۔ ہر دس مرتبہ پڑھنے کے بعد یہ کلمات پڑھے بَیِّنْ لِیْ یَامُبِیْنُ خَبِّرْنِیْ یَاخَبِیْرُ اِھْدِنِیْ یَاھَادِیُٔ۔ ایک ہزار کی تعداد پورا کرنے کے بعد وہاں ہی سو جائے اور جب تک نیند نہ آئے ان تینوں اسماء کو بلا تعداد پڑھتا رہے' خواب میں حال معلوم ہو گا اگر ایک رات معلوم نہ ہو تو تین روز تک کرنا چاہیے۔

اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

کا ذکر کرنے والا انوارِ الٰہی کو ظاہر دیکھتا ہے، دل اس کا زندہ ہوتا ہے' روح خوش رہتی ہے اور اس کی دعا قبول ہوتی ہے۔

طریقہ ذکر و ریاضت

اگر کوئی شخص شب بیداری اور روزہ کے ساتھ کسی اسم اللہ کا ذکر کرے گا تو غیبی امور اس پر منکشف ہوں گے۔ مقربین میں اللہ داخل کرے گا۔ اگر دنیاوی ضروریات کے لیے کرنا چاہے اور روزہ نہ رکھ سکتا ہو تو بے شک نہ رکھے۔

ان اسماء کے پڑھنے کے چند مرتبے ہیں۔ ایک مرتبہ تو یہ ہے کہ اسماء کے اعداد نکال کر ان کے حروف میں ضرب دے کر روزانہ پڑھا کرے۔ دوسرا مرتبہ یہ ہے کہ اسم کے اعداد کو انہی میں ضرب دے کر ذکر کرے۔ تیسرا مرتبہ یہ ہے کہ ایک گھنٹہ تک بلا تعداد ذکر کرے اور چوتھا طریقہ یہ ہے کہ اعداد کے موافق ذکر کرے نہ کم نہ زیادہ کیونکہ زیادتی اسراف اور کمی نقصان ہے' جو طریقہ اختیار کرے اس کو کبھی تبدیل نہ کرے اور روزانہ اسی کے مطابق ذکر کرتا رہے۔ سب عبادتوں سے بہتر اسمائے الٰہی کا ذکر ہے۔ بندہ پر لازم ہے کہ بجز اس ذکر کے کسی کام میں مشغول نہ ہو اور ذکر اللہ کی فرمانبرداری کی نیت سے کرے۔ دنیا کے خیال سے کرے تو اس کا حصہ اسے ضرور مل جائے گا اگر فرمانبرداری کے خیال سے ذکر کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو ایسی نعمت عطا کرے گا جو نہ کسی نے سنی نہ دیکھی نہ کسی بشر کے دل میں اس کا خیال گزرا اور آخرت میں بھی اس کا نمایاں صلہ ملے گا۔

حدیث قدسی کا مفہوم ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جس کو میرے ذکر نے دعا سے باز رکھا اس کو میں دعا کرنے والوں سے افضل شے عنایت کروں گا۔ اللہ اپنی رحمت کے ساتھ جس کو چاہتا ہے مخصوص کرتا ہے، اللہ بڑے فضل والا ہے۔

ہر مرد اور عورت کو چاہیے کہ وہ اپنی ضرورت یا پسند کے اسماء کو انتخاب کرلے اور اس کا ذکر کرے اور ہمیشہ تازندگی ذاکر رہے تاکہ پورا پورا فیض حال کرسکے جو لوگ چند دن یا چند ماہ پڑھنے کے بعد شکایت کرتے ہیں کہ میرا ابھی تک کام نہیں ہوا، وہ اسماء الٰہی مسلسل اور مستقل مزاجی کے ساتھ پڑھیں۔ دراصل جب ذکر کرنے سے کسی شخص کا کام ہونے کا وقت آتا ہے تو شیطان اس کے ذہن میں ڈال دیتا ہے کہ اتنے مہینے ہوگئے پڑھتے ہوئے، تیرا کام نہیں ہوا۔ یہ ذکر چھوڑو، کوئی فائدہ نہیں۔ ذہن میں دن بدن یہی خیال آتا ہے' پڑھنے میں وہ رغبت نہیں رہتی پھر انسان وہ ذکر چھوڑ دیتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ شیطان جیت جاتا ہے اور آدمی ہار جاتا ہے' عین منزل پر پہنچ کر منزل کو ضائع کردیتا ہے۔ ایسے آدمیوں سے یہ سوال ہے کہ دنیاوی تدابیر تجھے کام نہیں دیتیں۔ تیری زندگی نامراد تھی تو نے اللہ کے اسم کو پسند کیا پھر اس کو بھی چھوڑ دیا اب تجھے کیا چیز فائدہ دے گی؟

جسمانی بیماریوں سے نجات کے عملیات

جلدی امراض کا علاج

(۱) جلد پر کسی قسم کی تکلیف ہوتو تین سو مرتبہ یہ آیت تل کے تیل پر دَم کر کے مالش کی جائے، اِن شاء اللہ تمام تکلیف دُور ہوجائے گی۔ لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ○

(۲) اگر پاؤں کی انگلیوں میں کوئی تکلیف ہوتو ایک سو ایک بار یہ آیت پانی پر دَم کر کے پلانا نہایت مجرب ہے۔

اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ○

پاؤں کے جملہ امراض کا علاج

پاؤں میں کسی طرح کی کوئی تکلیف ہوتو 11 مرتبہ ان آیات کو تیل پر دَم کر کے مالش کی جائے، اِن شاء اللہ تمام تکالیف دُور ہوجائیں گی۔

اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤى اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا ○ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

7 کے عدد سے عرق النساء کا علاج

(۱) وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ۔ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ○

نابالغ لڑکی کا کاتا ہوا سوت لے کر اس کو ہاتھ میں لے کر درج بالا آیت ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ دے اور اسی طرح 7 مرتبہ پڑھ کر 7 گرہیں دے کر گنڈا تیار کر کے بائیں بازو پر بندھوائے، اِن شاء اللہ شفاء ہوگی۔

(۲) اوّل درود شریف دس بار پھر الحمد شریف 7 بار اور سورۃ الاخلاص 7 بار اون کا سیاہ دھاگہ لے کر اس پر دَم کرے اور ایک گرہ دے پھر دوبارہ پڑھ کر اور تمام گرہ دے۔ اسی طرح 9 بار پڑھ کر 9 گرہیں دے کر وہ دھاگہ مریض کو نہلا کر اور پاک صاف کر کے کمر میں باندھے، اِن شاء اللہ فوراً آرام آجائے گا اور آئندہ پھر اس کی شکایت نہ ہوگی۔

(۳) بعض صلحا سے مروی ہے کہ درد والے مقام پر ہاتھ رکھ کر سورۃ الاخلاص پڑھے اور 7 بار کہے: ان شاء اللہ شفاء ہو جائے گی۔ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّی الْھَمَّ وَالْحُزْنَ۔

(۴) درج ذیل کلمات لکھ کر درد والی جگہ باندھ لے، اِن شاء اللہ شفاء ہوگی۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ- وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ٥

بخار سے نجات کے لئے اولیاء کے مجرب اعمال

(۱) حضرت حسن بصریؒ بخار کیلئے کلمات یہ لکھ کر مریض کو بندھواتے تھے۔

يُرِيْدُ اللهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَ خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ٥ اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضِعْفًا ٥ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ٥ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗ اِلَّا هُوَ- وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ- يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ- وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ٥

(۲) بخار اور تمام امراض دردوں کیلئے درج ذیل آیات کو ایک پاک برتن میں سیاہی سے لکھ کر تازہ پانی سے یعنی جس پانی کو دھوپ نہ لگی ہو اس برتن کو دھو کر وہ پانی تین گھونٹ مریض کو پلائیں اور درد کی شدت کے وقت بقیہ اس کی کمر پر چھڑک دیں، تین دن اس طرح کریں ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰى- اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ٥ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا- وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ٥ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَ تَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ- هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ٥

(۳) مولانا شاہ عبدالعزیزؒ اور مولانا شاہ اسحاقؒ دفع بخار کے واسطے گلے میں باندھنے کیلئے یہ لکھ دیتے تھے:

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ٥

اور پینے کیلئے ہر بیماری کے دفع کیلئے یہ لکھ دیتے:

سَلٰمٌ- قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ٥

(۴) پرانے بخار کے واسطے اتوار کے دن 7 باریک دھاگے لیں اور الحمد شریف، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ

الناس پڑھ کر اس دھاگے پر 7 گرہ دیں اور مریض کے گلے میں باندھیں، اِن شاء اللہ بخار جاتا رہے گا۔

(۵) ایک سفید رنگ سوت کی ڈوری لے کر اس پر سورۂ والضحیٰ اس طریقہ سے پڑھیں کہ اس سورۃ میں 9 ''کاف'' ہیں جب بھی 'کاف'' پر پہنچیں تو ایک گرہ اس ڈورے میں لگا دیں یہاں تک کہ 9 گرہیں مکمل ہو جائیں' پھر مریض کے بائیں ہاتھ کی کلائی پر باندھ دیں، اللہ کے حکم سے مریض بہت جلد صحت ہو جائے گا، مجرب ہے۔

(۶) بخار میں یہ دعا پڑھنا مفید ہے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الۡكَبِيۡرِ اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ الۡعَظِيۡمِ مِنۡ شَرِّ كُلِّ عِرۡقٍ نَعَّارٍ وَمِنۡ شَرِّ حَرِّ النَّار۔

(۷) بخار کے مریض کے پشت پر انگلی سے کلماتِ اذان لکھیں، اِن شاء اللہ فوراً بخار اُتر جائے گا۔

(۸) الحمد شریف 40 بار پانی پر دَم کر کے بخار میں مبتلا مریض کے منہ پر چھینٹا مار دیں، اِن شاء اللہ بخار اُتر جائے گا۔

باری کے بخار کا علاج

(۱) بخار ہونے سے تین گھنٹہ پہلے ایک کاغذ پر آیت ''وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوۡلٌ قَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلِهِ الرُّسُلُ'' لکھ کر مریض کے ماتھے پر چسپاں کر دیں، اِن شاء اللہ بخار نہ ہوگا۔

(۲) مریض کے دونوں ہاتھ دُھلا کر دائیں ہاتھ کے ناخنوں پر ک ہ ی ع ص یعنی انگوٹھے پر ک انگشت شہادت پر ہ تیسری پر ی چوتھی پر ع اور آخر پر ص لکھیں اور بائیں ہاتھ کے ناخنوں پر یہ 5 حروف ح م ع س ق لکھ دیں، مریض ان کو گاہے بگاہے دیکھتا رہے، اِن شاء اللہ پہلی ورنہ دوسری بار بخار ضرور رُک جائے گا۔

سردی کے بخار کا علاج

(۱) سات مرتبہ درج ذیل آیت مبارکہ کو پانی پر دَم کر کے پلائیں، اِن شاء اللہ سردی کا بخار جاتا رہے گا اور مریض اچھا ہو جائے گا۔ اس عمل کو تین یا روز سات روز تک کیا جائے' پانی پر دَم کریں اور مریض کو پلائیں۔

آیت یہ ہے۔ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلۡجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوۡسٰى صَعِقًا۔

(۲) اس آیت کو بیری کی لکڑی پر لکھ کر گلے میں ڈالیں تو چند یوم میں بخار اتر جائے گا:

بِسۡمِ اللّٰہِ مَجۡرٖھَا وَمُرۡسٰھَا اِنَّ رَبِّیۡ لَغَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ۔

(۳) یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ پہلے روز "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَامُحِیۡطُ" لکھ کر سیدھے ہاتھ کی کلائی پر باندھیں اگر دوسرے روز پھر بخار ہو تو "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَامُحِیۡطُ" لکھ کر سیدھے ہاتھ کی کلائی پر باندھیں اور وہ دونوں تعویذ اُلٹے ہاتھ کی کلائی پر باندھ لیں پھر اِن شاء اللہ بخار نہ ہوگا۔

(۴) "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اِنَّآ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ یَاشَافِیۡ یَااَللّٰہُ" ایک پرچہ پر لکھیں، دوسرے پرچہ پر "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانۡحَرۡ یَا کَافِیۡ یَااَللّٰہُ" تیسرے میں "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الۡاَبۡتَرُ یَامُعَافِیۡ یَااللّٰہُ" لکھے پھر تینوں کاغذوں کو پانی میں باری باری گھول کر پلائیں، تین مرتبہ ایسا کریں، اِن شاء اللہ بخار اُتر جائے گا لیکن مریض کو اس مضمون پر مطلع نہ کریں۔

گرمی کے بخار کا توڑ

اگر کسی شخص کو گرمی سے بخار ہو جاتا ہو تو اس آیت کو پڑھ کر دَم کریں یا پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلا دیں، اِن شاء اللہ صحت ہوگی۔ اِنَّ الَّذِیۡنَ اتَّقَوۡا اِذَا مَسَّھُمۡ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیۡطٰنِ تَذَکَّرُوۡا فَاِذَا ھُمۡ مُّبۡصِرُوۡنَ۔

(۲) جس کو گرمی سے بخار ہوتا ہو تو اس آیت کو لکھ کر' ایک مرتبہ پڑھ کر تعویذ بنا کر مریض کے گلے میں ڈال دیں، بخار اِن شاء اللہ جاتا رہے گا۔ یٰنَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبۡرٰھِیۡمَ۔ (انبیاء:۶۹)

(۳) اگر کوئی شخص بخار میں مبتلا ہو تو اس عمل کو کاغذ یا برتن پر لکھ کر مریض کی ماں اور باپ کا نام لکھے پھر اسے پانی سے دھو کر مریض کو پلایا جائے، شدید ترین بخار بھی اِن شاء اللہ جاتا رہے گا، مجرب ہے۔

سارا سارا الی سارا مالی یرن یرن الی بامال واصال باطوطو کا العوما راساب یافارس اردباب ھا کان ما ابین لھا تارا انار کاس متمر ناکاطن صلوبیر ص صاروب اثاوین ودی۔

تپ دِق کے مرض سے نجات

بعض کتب میں حضرت امام جعفر صادقؒ سے منقول ہے، الحمد شریف 40 بار پانی پر دَم کر کے بخار والے کے منہ پر چھینٹا

ماردیں، بخار دفع ہوجائے گا' اِن شاءاللہ۔

درد بازو کا علاج

جس کے ہاتھ پیروں میں درد ہو درج ذیل آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر باندھے، اِن شاءاللہ اچھا ہوجائے گا۔

(۱) وَ مَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللهِ وَ قَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا- وَ لَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا- وَ عَلَى اللهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ○

(۲) داہنے بازو میں درد ہو تو تین بار یہ آیت پڑھ کر درد کی جگہ پر دَم کیا جائے، اِن شاءاللہ درد جاتا رہے گا۔

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ- فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ○

(۳) جس کے بائیں بازو میں درد ہو اسے یہ آیت لکھ کر جس جگہ درد ہو وہاں باندھ دیا جائے، اِن شاءاللہ درد جاتا رہے گا۔ وَ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ○ فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ۔

(۴) سورۃ الھمزہ (پارہ 30) بابونہ کے تیل پر دَم کر کے بازو میں لگانا درد وغیرہ کیلئے بہت مفید ہے۔

گلے میں نقش لٹکائیں! خسرے کا مسئلہ حل

یہ آیت جست کے ٹکڑے پر کھدوا کر بچے کے گلے میں ڈال دیں، اِن شاءاللہ خسرہ سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَ تَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ

(۲) مندرجہ ذیل نقش قبل طلوع لکھا جائے، مریض کی گردن میں بندھوا دیا جائے۔ اوّل خسرہ بالکل نہ نکلے گا اگر نکل آئے تو ان شاءاللہ جلد شفاء ہوگی۔

۱۹۲	۲۰۶	۲۰۳	۱۹۹
۲۰۴	۱۹۸	۱۹۳	۲۰۵
۱۹۷	۲۰۱	۲۰۸	۱۹۴
۲۰۷	۱۹۵	۱۹۶	۲۰۲

خنازیر (کنٹھ مالا) بخار کا علاج

جس کی گردن میں کنٹھ مالا ہو تو مریض کے قد کے برابر چمڑے کا تسمہ لے کر 41 گرہ لگائیں اور ہر گرہ پر درج ذیل دعا دَم کریں اور مریض کے گلے میں ڈالیں، اِن شاء اللہ مرض دفع ہوگا۔

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ الَّتِي لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِّنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَأَ وَذَرَأَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيهَا، وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِي الْأَرْضِ، وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا، وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ إِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ

(۲) گیارہ تار کا نیلا دھاگہ لے اور سورۃ الفاتحہ ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ دے اسی طرح گیارہ کا گنڈا تیار کر کے مریض کے بازو پر باندھ دیں اور حسب توفیق کچھ کھانا خیرات کرے، اِن شاء اللہ شفاء ہوگی۔

(۳) دوشنبہ (پیر) کے روز سورۃ القریش لکھ کر خالص تانبے کے تعویذ میں ڈال کر مریض کے گلے میں پہنائیں۔

نیم کی ٹہنی سے دم کریں اور یرقان بھگائیں

(۱) جسے یرقان ہو گیا ہو اسے سورۃ البینہ (پارہ 30) لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالا جائے اور پلایا جائے، اِن شاء اللہ یرقان جاتا رہے گا، مجرب ہے۔

(۲) نیم کی ایک ٹہنی لے کر پتوں کو ایک جگہ جمع کر لیا جائے اور ان پتوں سے مریض کی آنکھوں کو جھاڑتا جائے یعنی مسلسل اس کے ماتھے اور سر پر ہلاتا رہے۔ اس دوران اوّل 3 مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سورۃ القریش مع بسم اللہ کے 5 مرتبہ پڑھ کر دَم کرے، مریض آنکھیں کھلی رکھے اور پھر 9 پڑھ کر دَم کرے۔ آخر میں پھر 3 بار درود شریف پڑھے۔ اسی ترتیب سے یہ عمل 7 دن تک مسلسل کرے، اِن شاء اللہ مریض شفایاب ہوگا۔

(۳) سورۃ السبا (پ:۲۲) ایک پڑھ کر پانی پر دم کر کے یرقان کے مریض کو پلانا اور منہ پر اس پانی کا چھڑکنا بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

(۴) 300 بار اسم باری تعالیٰ یَاحَسِیْبُ پانی پر دَم کر کے 21 دن تک پلانے سے اِن شاء اللہ یرقان ختم ہوجائے گا۔

سورہ رحمٰن سے چیچک کی بیماری کا علاج

اگر چیچک کی بیماری پھیل رہی ہو تو ایک نیلا دھاگہ لے کر اس پر سورۃ الرحمن پڑھے اور ہر فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰن پر دھاگہ پر پھونک مار کر گرہ لگائے اور پھر اس دھاگے کو گلے میں ڈال دیا جائے، اِن شاء اللہ چیچک سے محفوظ رہے گا۔

(۲) سات دانے سالم چاول کے لے کر ہر ایک دانہ پر سورۃ الکوثر پڑھ کر دَم کرے اور بیمار کو یہ چاول چبائے بغیر ثابت کھلائے، اِن شاء اللہ جو دانے نکل آئے ہیں، ان سے زیادہ نہ نکلیں گے جو نکلے ہیں وہ بھی جلد درست ہو جائیں گے۔

(۳) اگر چیچک نکلنے کا اندیشہ ہو تو یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے، اِن شاء اللہ چیچک ہرگز نہ نکلے گی اور اگر نکل آئی ہو تو لکھ کر پلاتے رہیں، اللہ کے فضل و کرم سے صحت ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بَلۡ اِیَّاہُ تَدۡعُوۡنَ فَیَکۡشِفُ مَا تَدۡعُوۡنَ اِلَیۡہِ اِنۡ شَآءَ وَتَنۡسَوۡنَ مَا تُشۡرِکُوۡنَ

خارش کا علاج

(۱) درج ذیل آیت روزانہ صبح و شام 21 مرتبہ پانی پر دَم کر کے 41 روز تک پینا خارش کیلئے مفید ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ فَکَسَوۡنَا الۡعِظٰمَ لَحۡمًا-ثُمَّ اَنۡشَاۡنٰہُ خَلۡقًا اٰخَرَ-فَتَبٰرَکَ اللّٰہُ اَحۡسَنُ الۡخٰلِقِیۡنَ o

انگلی کے اشارے سے داد و چنبل کا خاتمہ

(۱) چند مرتبہ اور چند دن داد و چنبل پر درج ذیل آیت بغیر اعراب انگلی کے اشارے سے لکھ دینے سے شفا مل جاتی ہے۔

فَاَصَابَہَاۤ اِعۡصَارٌ فِیۡہِ نَارٌ فَاحۡتَرَقَتۡ

(۲) داد پر اس آیت کو لکھ کر باندھ دیا جائے:

وَمَثَلُ کَلِمَۃٍ خَبِیۡثَۃٍ کَشَجَرَۃٍ خَبِیۡثَۃِ ۣاجۡتُثَّتۡ مِنۡ فَوۡقِ الۡاَرۡضِ مَا لَہَا مِنۡ قَرَارٍ o

(۳) ایک دھاگہ لے کر اس پر آیت بالا پڑھ کر تین گرہ لگا دیں اور وہ دھاگہ مریض کو باندھ دیا جائے۔

(۴) تین روز تک یہ آیتیں پڑھے وَتَرَی الۡجِبَالَ تَحۡسَبُہَا جَامِدَۃً وَّہِیَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ-صُنۡعَ اللّٰہِ الَّذِ

اَتْقَنَ كُلَّ شَیْءٍ۔ اِنَّهٗ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ○ وَیَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ یَنْسِفُهَا رَبِّیْ نَسْفًا ○ فَیَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ○ لَّا تَرٰی فِیْهَا عِوَجًا وَّ لَاۤ اَمْتًا ○ وَ مَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِیْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِیْثَةِ نِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ○ اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَ هُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ۔ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا۔ ثُمَّ اَحْیَاهُمْ۔ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَی النَّاسِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْكُرُوْنَ ○ اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَةٍ وَّ هِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰی عُرُوْشِهَا۔ قَالَ اَنّٰی یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا۔ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ۔ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ۔ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ۔ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰی طَعَامِكَ وَ شَرَابِكَ لَمْ یَتَسَنَّهْ۔ وَ انْظُرْ اِلٰی حِمَارِكَ وَ لِنَجْعَلَكَ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَ انْظُرْ اِلَی الْعِظَامِ كَیْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا۔ فَلَمَّا تَبَیَّنَ لَهٗ۔ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○ اور آخر میں یہ کہے چنبل بحکم الٰہی تو مر جا۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے چنبل کے مرض سے نجات مل جائے گی۔

سات دن میں ناسور (کینسر) کا علاج

(۱) اگر کسی شخص کو ناسور (کینسر) ہو گیا ہو اور وہ کسی طرح شفایاب نہ ہو تو 7 دن تک اول و آخر سات مرتبہ درود پاک کے ساتھ 9 دفعہ "یَا رَقِیْبُ" پڑھ کر اس پر دم کیا جائے۔ بفضلہٖ تعالیٰ اس عرصہ میں زخم بالکل اچھا ہو جائے گا۔

(۲) فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے 41 مرتبہ "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" کی میم کو الحمد کے لام سے ملا کر پوری فاتحہ پڑھنا، پھر کسی چیز پر دم کر کے وہ پانی یا عرق وغیرہ کینسر کے مریض کو پلانا نہایت مجرب اور مفید ہے۔

(۳) جو پھنسی یا ناسور ٹھیک نہ ہوتی ہو اور طبیب اس کے علاج سے عاجز آ گئے ہوں درج ذیل آیت شریف کو ایک ہزار 11 ہزار مرتبہ پڑھ کر دوا یا مرہم پر دم کیا جائے جو زخم پر لگائی جائے، ان شاء اللہ 10 روز کے عرصہ میں داغ تک باقی نہ رہے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِیَةَ فِیْهَا

فالج کے مریض پر یہ پانی چھڑکیں اور کمال دیکھیں

(۱) یہ آیت قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَآءِ۔ فَلَنُوَلِّیَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا۔ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ- وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ- وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ- وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ o

قلعی دار تانبے کے برتن میں مشک وگلاب سے لکھ کر پھر پاک پانی سے دھو کر فالج سے متاثرہ شخص پر دم شدہ پانی چھڑکا جائے، اِن شاءاللہ صحت یاب ہو جائے گا۔ نوٹ: عبقری دواخانہ کے تیار کردہ مُد یا صاع پر لکھ کر بھی یہ عمل کر سکتے ہیں، خالص تانبے سے بنے نبویؐ برتن ہیں ان شاءاللہ زیادہ فائدہ ہوگا۔

(۲) آک کے پتوں پر یہ اسماء ''اَلْقَادِرُ، اَلْمُقْتَدِرُ، اَلْقَوِیُّ، اَلْقَائِمُ'' کو 100 بار لکھ کر ان پتوں کو زیتون کے تیل میں جوش دے کر مفلوج کی مالش کی جائے، اِن شاءاللہ نفع ہوگا۔

بلڈ پریشر کا روحانی علاج

ہر طرح کے بلڈ پریشر کیلئے مندرجہ ذیل آیتیں ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں، اِن شاءاللہ فائدہ ہوگا۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ- اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ o اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ o

نیند میں بڑبڑانے والے یہ عمل کر لیں

اسمائے الٰہی میں سے یہ تیرہ نام لکھ کر گلے میں باندھ لیں، خواب اور نیند میں بڑبڑانے کی عادت چھوٹ جائے گی۔ اَلْغَفَّارُ، اَلْوَهَّابُ، اَلْقَهَّارُ، اَلْفَتَّاحُ، اَلْقُدُّوْسُ، اَلرَّحْمٰنُ، اَلرَّحِيْمُ، اَلشَّهِيْدُ، اَلصَّمَدُ، اَلْمَلِكُ اَلْعَظِيْمُ، اَلْكَرِيْمُ، اَلْاِكْرَامُ۔

سوتے وقت دانت پیسنے کی عادت سے چھٹکارا

جو بچہ یا بڑا رات کو سوتے ہوئے دانت پیستا یا چباتا ہو اس کے گلے میں ان مبارک آیتوں کا ڈالنا مفید ہے:

يَوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا o وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا o فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ o الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ o

رعشہ سے نجات کے لئے مجرب نقش

جو شخص رعشہ کے مرض مبتلا ہو اس کو چاہیے کہ اس نقش کو لکھ کر اکثر و بیشتر وقتاً فوقتاً دیکھا کرے، اِن شاءاللہ اس کے بدن

سے رعشہ دُور ہو جائے گا اور صحت ہوگی، مجرب ہے۔

۷۸۶

۳۱۷	۳۳۱	۳۲۸	۳۲۴
۳۲۹	۳۲۳	۳۱۸	۳۳۰
۳۲۲	۳۲۶	۳۳۳	۳۱۹
۳۳۲	۳۲۰	۳۲۱	۳۲۷

جسم میں کہیں درد ہو بس یہ دم کرلیں

(۱) جس جگہ درد ہو اس جگہ کو مضبوط پکڑ کر 10 مرتبہ سورۃ فاتحہ اور 10 مرتبہ سورۃ کافرون پڑھ کر دَم کرے اور چھوڑ دے پھر مریضوں سے دریافت کرے کہ آرام آیا نہیں اگر نہ آیا ہو تو دوبارہ اسی طرح کرے۔ 3 بار کرنے سے اِن شاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

(۲) سورۃ العلق کا صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے 7 مرتبہ پڑھنا پھر ایک سجدہ تلاوت کرنا اور سجدہ میں حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ 7 مرتبہ پڑھنا جوڑوں کے درد کو زائل کرنے کیلئے نہایت مفید عمل ہے۔

21 روز میں نشے کی علت چھڑوائیں

جو شخص شراب، افیون، سگریٹ وغیرہ یا کسی بھی چیز کا نشہ کا چھوڑنا چاہے وہ شخص وقفہ وقفہ سے روزے رکھ کر 21 روز اس مبارک آیت کو سات تسبیح صبح و شام روزانہ نہایت باادب ہو کر پڑھے، اِن شاء اللہ ساری بُری خصلتیں، گناہ کی عادتیں، یک لخت زائل ہو جائیں گی۔ آیت درج ذیل ہے۔

يَوْمَ لَا يُخْزِى اللّٰهُ النَّبِىَّ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ۔ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ بِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا۔ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ٥

جو بچے نہ بولتے ہوں انہیں یہ پانی پلائیں! حیرت انگیز عمل

(۱) سورۃ الاسراء (پارہ 15) اگر زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر اس بچہ کو پلا دے جس کی زبان نہ چلتی ہو تو بچہ بولنا شروع کردے گا۔

(۲) اگر کوئی بچہ تین چار برس کا ہوجائے اور بولنا شروع نہ کرے اس کو روزانہ 21 روز تک ان آیتوں کو لکھ کر گھول کر پلانا نہایت مجرب ومفید ہے، ان شاءاللہ 21 روز کے عرصے میں بچہ بولنے لگے گا۔

اِنِّیۡ عَبۡدُ اللّٰہِ اٰتٰنِیَ الۡکِتٰبَ وَ جَعَلَنِیۡ نَبِیًّاo وَّ جَعَلَنِیۡ مُبٰرَکًا اَیۡنَ مَا کُنۡتُ وَ اَوۡصٰنِیۡ بِالصَّلٰوۃِ وَ الزَّکٰوۃِ مَا دُمۡتُ حَیًّاo وَّ بَرًّۢا بِوَالِدَتِیۡ وَ لَمۡ یَجۡعَلۡنِیۡ جَبَّارًا شَقِیًّاo وَ السَّلٰمُ عَلَیَّ یَوۡمَ وُلِدۡتُّ وَ یَوۡمَ اَمُوۡتُ وَ یَوۡمَ اُبۡعَثُ حَیًّاo

(۳) جو بچہ گونگا رہ جاتا ہو تین چار برس کا ہوگیا ہو مگر بولتا نہ ہو اسے 21 دن درج ذیل آیات کو کاغذ پر لکھ کر پلائی جائے تو خدا کے فضل سے بولنے کی نعمت مل جاتی ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُo لَہٗ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ۔ یُحۡیٖ وَ یُمِیۡتُ وَ ہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌo ہُوَ الۡاَوَّلُ وَ الۡاٰخِرُ وَ الظَّاہِرُ وَ الۡبَاطِنُ وَ ہُوَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌo ہُوَ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ فِیۡ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰی عَلَی الۡعَرۡشِ۔ یَعۡلَمُ مَا یَلِجُ فِی الۡاَرۡضِ وَ مَا یَخۡرُجُ مِنۡہَا وَ مَا یَنۡزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مَا یَعۡرُجُ فِیۡہَا۔ وَ ہُوَ مَعَکُمۡ اَیۡنَ مَا کُنۡتُمۡ۔ وَ اللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِیۡرٌo لَہٗ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ۔ وَ اِلَی اللّٰہِ تُرۡجَعُ الۡاُمُوۡرُo یُوۡلِجُ الَّیۡلَ فِی النَّہَارِ وَ یُوۡلِجُ النَّہَارَ فِی الَّیۡلِ۔ وَ ہُوَ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِo

شرمندہ کردینے والے مرض کا خاتمہ

اگر پیشاب بستر پر نکل جاتا ہو تو 7 مرتبہ یہ آیت لکھ کر پانی میں گھول کر پلائی جائے، ان شاءاللہ شفاء ہوگی:

یٰاَرۡضُ ابۡلَعِیۡ مَآءَكِ وَ یٰسَمَآءُ اَقۡلِعِیۡ وَ غِیۡضَ الۡمَآءُ وَ قُضِیَ الۡاَمۡرُ وَ اسۡتَوَتۡ عَلَی الۡجُوۡدِیِّ وَ قِیۡلَ بُعۡدًا لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ٥

مٹی کھانے کا علاج

خالص گندم کے آٹے کی روٹی پر آیات ذیل لکھ کر بچے کو کھلائیں، اِن شاء اللہ پھر مٹی نہ کھائے گا۔

فَاصۡبِرۡ صَبۡرًا جَمِیۡلًا٥ وَاصۡبِرۡ نَفۡسَكَ مَعَ الَّذِیۡنَ یَدۡعُوۡنَ رَبَّهُمۡ بِالۡغَدٰاةِ وَالۡعَشِیِّ یُرِیۡدُوۡنَ وَجۡهَهٗ۔
یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اصۡبِرُوۡا وَ صَابِرُوۡا وَ رَابِطُوۡا۔ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّکُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ٥

کانچ نکلنے کا علاج

جن بچوں کی کانچ نکلتی ہے اس کا علاج یہ ہے کہ پوست انار پانی میں جوش دے کر ٹھنڈا ہونے پر اس پانی میں بچے کو بٹھالیں تو بہت نفع کرے گا۔

لاغر، کمزور بچوں کو فربہ بنانے کا عمل

(۱) اگر لڑکا یا لڑکی لاغر ہو کر بالکل سُوکھ کر کانٹا ہو جائے تو اسمِ باری تعالیٰ یَارَحِیۡمُ 11 مرتبہ لکھ کر ہر روز ایک بار پانی میں گھول کر بچہ کو پلائیں اور نام کفار، نمرود، فرعون، شداد، قارون، ابلیس، اتوار کے روز کاغذ پر لکھ کر لوہے کی چھانی کے نیچے رکھ کر اوپر بچہ کو بٹھلا کر نہلائیں جس وقت نہلا چکے تو ان ناموں کو مٹی میں دفن کر دیں۔ سات اتوار متواتر اسی طرح یہ عمل کریں، ان شاء اللہ بچہ بالکل تندرست ہو کر فربہ ہو جائے گا۔

ضدی بچوں کے چڑچڑے پن کا علاج

ایک چھری پر درج ذیل اسماء الحسنیٰ لکھ کر آگ میں گرم کر کے پانی میں بجھا کر وہ پانی بچے کو پلائیں، اِن شاء اللہ بچے کا غصہ، چڑچڑا اور ضدی پن جاتا رہے گا۔

حَقُّ حَیُّ ضَآرُّ حَسِیۡبُ حَکِیۡمُ مُعِیۡدُ حَفِیۡظُ حَلِیۡمُ پھر یہ آیت قُلۡنَا یٰنَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّ سَلَامً وَ سَلَامً وَسَلَامً لکھیں۔

شادی کے خواہشمند 2024 میں کنوارے نہ رہیں گے

(۱) اس آیت کو کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھیں، اِن شاءاللہ جہاں بھی نکاح کا پیغام بھیجیں گے، منظور ہوگا۔

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللهِ- يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ- وَاللهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ

(۲) اگر کہیں سے شادی کا پیغام نہ آتا ہو تو درج ذیل آیت کو لکھ کر دائیں بازو پر باندھ لیں' ان شاءاللہ شادی ہو جائے۔

لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ٥

(۳) ایسی خواتین جن کی شادی نہ ہو رہی سورۂ احزاب کو ہرن کی جھلی یا کاغذ پر لکھ کر ایک ڈبہ میں بند کر کے گھر میں رکھ دے۔ ان شاءاللہ جلد ہی شادی کی ترتیب بن جائے گی۔

(۴) اگر کوئی شخص اپنے لڑکے کیلئے کسی لڑکی کے رشتہ کا خواہاں ہو لیکن لڑکی والے رضامند نہ ہوں تو اسے چاہئے کہ یہ تعویذ لکھ کر پگڑی یا ٹوپی وغیرہ میں باندھ کر لڑکی والے کے پاس جائے ان شاءاللہ وہ رضامند ہو جائیں گے۔

۱۱ کہ ۸ اطہٰ ۱۱۱ کاھ دام ۲۲۱۱۱۱۱۱۱ ھ ـ ۲۲ ھ، ۱۱۱۱ ط ۱۱۸۱۱۱۱۱ ھ

(۵) اگر کسی شخص کے بیٹے یا بیٹی کی شادی نہ ہوتی ہو اور وہ چاہے کہ اچھی جگہ اور جلدی شادی ہو جائے تو 313 مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد 21 روز تک اس آیت کو پڑھے اور اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ لیں، آیت یہ ہے:

سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ٥ ان شاءاللہ اس عرصہ میں مراد حاصل ہوگی، مجرب ہے۔

(۶) جس شخص کی لڑکی کنواری ہو اور کوئی شخص اس سے نسبت کا پیغام نہ دیتا ہو۔ وضو کرنے کے بعد دو رکعتیں پڑھے پھر 100 مرتبہ "یَالَطِیْفُ" پڑھے، ایک ماہ تک اسی طرح کرے، اِن شاءاللہ ایک ماہ کے اندر مراد پوری ہوگی۔

(۷) جس شخص کی لڑکی کنواری بیٹھی ہو اور کوئی سامان جہیز یا کسی جگہ سے رشتہ کا پیغام نہ آتا ہو تو وہ شخص 11 ہزار مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد یَا مُغْنِیُ 11 دن تک اس طرح پڑھے کہ جمعرات سے شروع کرے اور اتوار کو ختم کریں اور پھر دیکھے پردۂ غیب سے اللہ پاک کے نام کی برکت سے کیسے مراد حاصل ہوگی۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور اسمِ اعظم

(قاری امجد قادری، راولپنڈی)

ہر قسم کی بواسیر سے نجات

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دن میں وقفہ وقفہ سے خصوصاً ہر نماز کے بعد پڑھا کریں، اِن شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بواسیر دُور ہو جائے گی اور کان کے درد وغیرہ پر پڑھ کر دَم کریں تو درد دُور ہو جائے گا۔

ڈیلوری میں آسانی کے لئے نوچندی کا خاص عمل

چاند کی ابتدائی تاریخوں میں جو جمعہ آئے، اس دن فجر کی نماز کے وقت لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 41 مرتبہ کاغذ پر لکھ کر تھوڑے سے پانی میں حل کر دیں اور اس پانی میں چاندی کی انگشتری جو مریض کے بائیں ہاتھ کی چھنگلی میں پوری ہو، آگ میں پہلے خوب گرم کر کے بجھا دیں، اگر یہ انگشتری مرگی والا پہنے تو مرگی سے نجات پائے گا۔ دردِ زہ کے وقت حاملہ بائیں ران پر باندھے پیدائش میں آسان ہو گی۔

آسیب دُور ہو

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 101 مرتبہ آسیب زدہ پر پڑھ کر دَم کرنا مفید ثابت ہو گا اور 41 مرتبہ لکھ کر باندھنا بھی مفید ہو گا۔

مقبول و ہر دلعزیز بننے کے لئے

جو شخص لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 786 مرتبہ لکھ کر پاس رکھے گا وہ خلق کی نظروں میں محبوب و مقبول ہو گا۔

بارش کے پانی سے آنکھوں کے امراض ختم

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 265 مرتبہ کاغذ پر لکھے اور اسے بارش کے پانی سے دھو کر اس پانی سے آنکھ دھونے سے سفیدی، آشوب اور ناخونہ وغیرہ کے امراض سے نفع ہوتا ہے۔

لوگوں کے ظلم سے حفاظت

جو شخص 65 مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لکھ کر اپنے پاس رکھے گا، وہ لوگوں کے شر سے محفوظ رہے گا اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم

سے لوگ اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔

برائے خاتمہ کھانسی

جو شخص ہر نماز کے بعد باوضو حالت میں 41 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھے گا وہ کھانسی سے محفوظ رہے گا اور اگر لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر پیئے گا تو اس کی کھانسی ختم ہو جائے گی۔

پیچش کا خاتمہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 11 مرتبہ لکھ کر پینے سے پیچش دفع ہو جاتی ہے اور مریض صحت مند اور تندرست ہو جاتا ہے۔

آسیب و موذی جانوروں سے حفاظت

پیدائش کے وقت لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لکھ کر باندھنے سے بچہ تمام آسیب اور موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

جن و انسان کے شر سے حفاظت

جو شخص لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 57 مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر رکھے گا وہ تمام جن و انس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

مخلوق کی نظروں میں محبوب و عزیز ہو

92 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لکھ کر آبِ زم زم سے دھو کر پینے والا لوگوں کی نظروں میں محبوب ہو جائے گا۔

ذہن تیز ہو

اگر کوئی شخص لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھ رہا ہو اور کوئی دوسرا شخص اسے کچھ دیر سُن لے تو سننے والے کا حافظہ تیز ہو جائے گا۔

تمام امراض کیلئے

76 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لکھ کر آبِ زم زم سے دھو کر پینے والا ہر قسم کے مرض سے دُور رہے گا۔

روزی میں برکت کے لئے رمضان شریف کا خاص عمل

رمضان شریف کا جب چاند نظر آئے تو اس وقت 30 بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھنے سے روزی فراخ ہو جائے گی۔

جان ومال کی حفاظت کے لئے خاص عمل

اگر کوئی شخص سفر پر جانے لگے تو اسے چاہیے کہ سوار ہوتے وقت 21 مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھ لے، سارا سفر آرام و سکون کے ساتھ گزرے گا' جان ومال کی حفاظت رہے گی۔

برائے مقبولیت

قبولیت عامہ کیلئے باوضو حالت میں مشک وگلاب وزعفران سے ہرن کی جھلی پر یا کاغذ پر 9 مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لکھ کر ٹوپی میں رکھ لے مگر پہنتے وقت بھی باوضو ہو ان شاء اللہ شہرت حاصل ہوگی۔

آسیب کا اثر ختم ہو

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ 69 مرتبہ لکھ کر دیوار پر چسپاں کر دیا جائے' ان شاء اللہ جس گھر میں یہ چسپاں کیا جائے گا وہاں آسیب نہیں آئے گا اور اگر وہاں آسیب ہو تو ختم ہو جائے گا۔

حمل کی حفاظت اور بچے کی صحت

11 مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لکھ کر اس عورت کو پلایا جائے جسے دودھ نہ آتا ہو یا بہت کم آتا ہو تو عورت کا دودھ بڑھے گا اور اگر حاملہ کو پلایا جائے تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے حمل بھی محفوظ رہے گا۔

حفاظتِ دولت

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ جس گھر میں کثرت سے پڑھا جائے اس گھر کی دولت محفوظ و دائم رہے گی۔

قیدی رہائی کا مختصر وظیفہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اگر قیدی مسلسل اس کو پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے وہ جلدی رہائی پائے گا۔

برائے حفاظتِ سفر

اگر کوئی مسافر سفر شروع کرنے سے پہلے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ 11 مرتبہ پڑھ لے تو اس کا سفر پُرامن اور آرام دہ گزرے گا۔

بچھو بھاگ جائیں

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 52 مرتبہ اگر پڑھ کر پانی پر دَم کیا جائے اور وہ دَم کیا ہوا پانی بچھو پر چھڑک دیا جائے تو اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ بچھو فوراً مر جائے گا۔

دشمن کو مغلوب کرنے کے لئے چمڑے کا خاص عمل

51 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ چمڑے پر لکھ کر باندھنے سے ظالم دشمن کے ساتھ کسی قسم کے بھی مقابلے میں غالب آئے گا۔

برائے عزت و وقار

بعد نمازِ جمعہ 49 بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لکھ کر عمامہ کے اندر رکھنے سے لوگوں میں وجاہت اور عزت بڑھے گی اور ان کے دِلوں میں آپ کیلئے محبت پیدا ہوگی۔

دشمن سے حفاظت

59 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لکھ کر پاس رکھنے سے دشمن کے ہتھیار سے محفوظ رہے گا اور اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہوگا۔ اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے بھی حفاظت فرمائے گا۔

بخار کا خاتمہ

91 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کو لکھ کر پاس رکھنے سے بخار دُور ہو جاتا ہے، مریض صحت مند اور تندرست ہو جاتا ہے۔

برائے خاتمہ ورم

ورم دُور کرنے کیلئے 67 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لکھ کر مریض اپنے پاس رکھے، اِن شاء اللہ ورم دُور ہو جائے گا۔

بے خوابی کا مسئلہ حل

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کثرت سے مریض کے پاس پڑھنے سے اس کو نیند اور سکون حاصل ہوتا ہے اور مریض جلدی ٹھیک ہو جاتا ہے۔

غلہ کی حفاظت کیلئے

61 مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کو لکھ کر غلہ میں رکھنے سے غلہ ہر قسم کے نقصان سے بچ جاتا ہے اور اس میں اللہ تعالیٰ برکت عطا فرماتا ہے۔ غلہ کو کیڑوں سے محفوظ رکھنے کیلئے بھی یہ عمل مفید ہے۔

اسم الٰہی کا کامیاب استخارہ

اگر کسی بات کا خواب میں دیکھنا مقصود ہو تو باوضو بستر پر لیٹ کر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے ساتھ ''اَلنُّوْرُ الْبَاسِطُ'' بکثرت پڑھے، خواب میں اس کا انکشاف ہو جائے گا۔

علم میں برکت کے لئے خاص ورد

علم و فن میں ترقی اور سہولت کیلئے بکثرت ''اَلْعَلِیْمُ اَلْحَکِیْمُ'' کا ورد کیا جائے اور 57 مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لکھ کر پاس رکھا جائے تو علم و فن میں ترقی و برکت ہوگی۔

یہ اسم لکھیں! حاجات پوری ہوں گی

اگر کوئی حاجت درپیش ہو تو اَلْکَرِیْمُ وَالْوَهَّابُ وَذُوالطَّوْلِ کا کثرت سے ورد کیا جائے اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لکھ کر پاس رکھا جائے تو وہ حاجت برآئے گی اور کوئی مشکل نہ رہے گی۔ اللہ تعالیٰ اس مشکل کو آسان فرمادے گا۔

سفید کپڑے کے عمل سے عزت و مرتبہ میں اضافہ

سفید حریر کے کپڑے پر 35 مرتبہ اَلْوَدُوْدُ لکھ کر پاس رکھنے سے لوگوں کے دِلوں میں محبوب ہو جائے گا اور اس کے ساتھ ساتھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا ورد کرنے سے لوگ اس سے بہت زیادہ محبت کرنے لگیں گے۔

بلغم اور دردِ سر ختم

ذو القوہ اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کو جمعہ کے دن فجر کی نماز کے بعد 6 بار لکھ لے، جس کو خشکی سے دردِ سر ہو اس کے باندھنے سے نفع ہوتا ہے اور ساعت مذکورہ میں چاندی کے نگین پر منقش کر کے منہ میں رکھنے سے بلغم میں تخفیف ہوتی ہے، غلبہ نسیان بھی اس سے دفع ہو جاتا ہے۔

صرف ایک تسبیح پڑھیں اور کسی بھی شخص یا چیز کا حال معلوم کریں

اَلْهَادِیُ اَلْخَبِیْرُ اَلْمُبِیْنُ نصف شب کے وقت ان اسماء کا کثرت سے ورد کریں اور ہر 100 بار کے بعد کہے اِهْدِنِی
یَاهَادِیُ وَاَخْبِرْنِیْ یَاخَبِیْرُ وَبَیِّنْ لِیْ یَامُبِیْنُ اور جس چیز کا حال دریافت کرنا ہو اس کا نام لے جب نیند غالب ہو
لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا ورد کرتا سو جائے، ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں اس شے کا حال معلوم ہو جائے گا۔

تمام تکالیف کا روحانی مرہم

کسی قسم کے درد میں سکون حاصل کرنے کیلئے 71 مرتبہ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھ کر مریض پر دم کرے، ان شاء اللہ درد ختم
ہو جائے گا اور سکون حاصل ہو گا۔

مرگی کا مرض ختم

مرگی کے مرض کی صورت میں مریض پر 66 مرتبہ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھ کر کچھ عرصہ دم کرنے سے مرگی کی بیماری ختم ہو
جائے گی اور اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم کرے گا۔ مرگی کے علاوہ بخار، نزلہ، زکام، کھانسی، کسی قسم کی بھی درد اور آنکھوں کی بیماری
کے لئے بھی یہ عمل بہت مفید ہے۔

بے خوابی کا علاج

جس شخص کو نیند نہ آتی ہو تو اسے چاہیے کہ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ 11 مرتبہ پڑھ کر پھونک مار کر دم کر لے چند بار یہ عمل کرنے
سے ان شاء اللہ نیند آ جائے گی۔

تین دن میں آشوبِ چشم کا علاج

17 مرتبہ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھ کر آشوب پر تین روز تک روزانہ دم کرنے سے اللہ تعالیٰ اپنا فضل و کرم کرے گا اور آرام
آ جائے گا۔ آنکھیں نہ تو دکھیں گی اور نہ ہی بینائی کمزور ہو گی۔

آفات و بلیات سے حفاظت

55 مرتبہ لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لکھ کر حاملہ کی دائیں بازو پر باندھنے سے حمل محفوظ رہے گا اور بچہ ہر قسم کی آفت و بلا سے محفوظ

رہے گا۔ اگر بچہ پیدا ہونے کے وقت اس کاغذ کو پانی سے دھو کر منہ میں لگا دیں تو اس کو ذکاوت حاصل ہوگی، ہر مرض اور ہر آفت سے جس میں بچے مبتلا ہو جاتے ہیں، محفوظ رہے اور اگر روغنِ زیتون پڑھ کر بچے کو مل دیا جائے تو بہت فائدہ بخش ہے، سب حشرات اور موذی جانوروں سے حفاظت رہے گی۔ یہ تیل عام جسمانی دردوں کیلئے بھی مفید ہے۔

برے اور ڈراؤنے خواب

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 19 مرتبہ سوتے وقت کچھ عرصہ مسلسل پڑھنے سے پوشیدہ امراض سے نجات، ڈراؤنے اور برے خواب آنا بند ہو جائیں گے، ان شاء اللہ۔

پریشانیاں اور غم دُور! حاجت روا عمل

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بکثرت پڑھنے سے ہر قسم کی حاجت روا، غم دُور ہو جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنا کرم فرماتا ہے۔

قیدی آزاد

اگر قیدی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بکثرت پڑھے تو بآسانی رہائی پائے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کا مستحق ہوگا۔

قرآن حفظ کرنے کیلئے

564 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھ کر اگر اللہ تعالیٰ کے حضور حافظِ قرآن بننے یعنی قرآن حفظ کرنے کی دعا کرے تو قرآن پاک اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حفظ ہو جائے گا، اِن شاء اللہ۔

رقتِ قلب کیلئے

75 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پاک پانی پر دَم کر کے پینے سے قلب میں رِقت پیدا ہوتی ہے۔

علوم و فنون میں ترقی پانے کے خواہشمند ضرور پڑھیں

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بکثرت پڑھنے سے علم کی باتیں زبان پر جاری ہو جاتی ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پڑھنے والا بڑا عالم و فاضل بنتا ہے، عمل میں استقامت کی توفیق ملتی ہے جس سے دنیا و آخرت دونوں سنور جاتی ہیں۔

ظالم حاکم سے حفاظت

لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 313 بار پڑھ کر اور ایک بار کاغذ پر لکھ کر باندھ کر حاکم کے سامنے جانے سے اس کے شر سے محفوظ رہے گا اور حاکم اس کو کسی بھی قسم کا کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

دشمن سے حفاظت

لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بکثرت پڑھنے سے دشمن کے ضرر سے حفاظت رہے گی اور ظالم دشمن پر ہمیشہ حاوی رہے گا۔ اس کے پڑھنے سے دشمن کے تمام وار خالی جائیں گے۔

آنکھ کا درد ختم

لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھ کر آنکھ پر دَم کرنے سے تقویت بصر، آنکھ کا درد اور جلن دُور ہوگی، اس کو پڑھ کر آنکھ پر دَم کرنے سے بینائی بھی تیز ہوگی۔

دیمک اور کیڑے مکوڑوں کو دور بھگائیں

لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کسی ذخیرہ کی ہوئی چیز پر 41 مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تو دیمک اور دوسرے کیڑے مکوڑوں سے حفاظت رہے گی، ان شاءاللہ۔

یہ کلمات کاغذ پر لکھیں! بچہ با آسانی دودھ چھوڑ دے

جو بچہ عمر بڑھنے کے باوجود ماں کا دودھ نہ چھوڑتا ہو تو لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 18 مرتبہ کسی کاغذ پر لکھ کر بچے کے گلے میں باندھ دیا جائے تو بچہ با آسانی دودھ چھوڑ دے گا۔

کان کی گونج ختم

کان میں گونج پیدا ہو جائے تو لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھ کر دَم کرنے سے زائل ہو جاتی ہے۔

بواسیر ختم

جس شخص کو کسی بھی قسم کی بواسیر ہو تو اسے چاہیے کہ وہ لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بکثرت پڑھے، ان شاءاللہ بواسیر ختم ہو جائے گی۔

داہنی پسلی پر یہ طلسم لکھیں اور نرینہ اولاد پائیں

اگر کسی کو اولادِ نرینہ کی خواہش ہو تو اسے چاہیے کہ وہ شروع مہینہ حمل میں عورت کی داہنی پسلی پر انگلی کے اشارے سے 54 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لکھ دے تو اِن شاء اللہ تعالیٰ اولادِ نرینہ پیدا ہوگی۔

چند مرتبہ پڑھ لیں، زہر اثر نہیں کرے گا

کھانا کھانے سے پہلے چند مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھ کر دم کر دیں، اگر اس کھانے میں زہر ہوگا تو حفاظت ہوگی۔

نیک اور صالح اولاد کے لئے مقبول عمل

56 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وسط شب میں پڑھ کر جماع کرنے سے نیک بخت اولاد پیدا ہوتی ہے اور ماں باپ کیلئے باعثِ فرحت و سکون بھی ہوتی ہے۔

موذی جانوروں سے حفاظت

11 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لکھ کر ولادت کے وقت بچہ کو باندھیں، موذی جانوروں، بیماریوں سے حفاظت رہے گی، ان شاء اللہ۔

مرگی کا خاتمہ

اگر کسی کو مرگی کی بیماری ہو تو دوسرے کسی شخص کو چاہیے کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مریض کے کان میں بکثرت پڑھے، اِن شاء اللہ شفاء ہوگی اور مرگی دفع و ختم ہو جائے گی۔

کان میں دم کریں اور غشی و بے ہوشی ختم

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بے ہوش یا غشی والے شخص کے کان میں بکثرت پڑھنے سے وہ ہوش میں آ جاتا ہے اور غشی دُور ہو جاتی ہے۔ اگر کوئی کسی پریشانی کی وجہ سے بے ہوش ہو گیا ہو تو بھی بہت مفید ہے اور اگر کوئی زہریلی چیز کی وجہ سے بے ہوش ہو گیا ہو تو بھی اسے ہوش میں لانے کیلئے بہت مفید ہے۔

دم شدہ پانی پلائیں اور بیماری سے نجات پائیں

30 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لکھ کر صاف پانی میں ڈال دیں اور یہ پانی مریض کو پلایا جائے تو بخار ختم ہو جاتا ہے۔

گمشدہ کی واپسی کیلئے

جس کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو یا کوئی شخص بھاگ گیا ہو تو 1008 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھنے سے وہ واپس آجائے۔

ایک پھونک سے دل کی گھبراہٹ اور بے چینی ختم

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 75 مرتبہ پڑھ کر سینہ پر دَم کرنے سے دردِ قلب اور سینہ کے تمام جملہ امراض دُور ہوجاتے ہیں۔ دل میں سوراخ ہو تو بھی یہ طریقہ مفید ہے اور اگر دل گھبراجائے تو بھی اسے پڑھ کر سینہ کی طرف پھونک مار لینے سے گھبراہٹ ختم ہوجاتی ہے۔

مثانے کی پتھری کا خاتمہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 46 مرتبہ سادہ کاغذ پر لکھ کر پانی میں دھو کر اس پانی کو پینے سے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستے نکل جاتی ہے اور سکون وراحت ملتی ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سے دولت کی فراوانی اور حفاظت

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بکثرت پڑھ کر غلہ پر دَم کرنے سے حفاظت ہوتی ہے، ضرررساں جانوروں سے بچت رہتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے برکت بھی ہوتی ہے۔

سفر میں حفاظت کیلئے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لکھ کر سفر میں ساتھ رکھنے سے گھر آنے تک ہر قسم کی بری وبحری آفات سے حفاظت اور جس مقصد کیلئے سفر کرے اس میں کامیابی حاصل ہوگی۔

لقوہ کا مرض ختم

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ نئے طشت میں 11 مرتبہ لکھ کر پینے سے لقوہ ختم ہوجاتا ہے، بیمار مریض صحت منداور تندرست ہوجاتا ہے۔

رزق میں برکت ہو

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بکثرت پڑھنا روزی میں برکت کا باعث ہے۔

دردِ سر اور دردِ شقیقہ دُور

بعد نمازِ عصر 65 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھ کر دردِ سر کی صورت میں دَم کرنے سے سر درد اور دردِ شقیقہ ختم ہوجاتا ہے۔

مال و دولت کی حفاظت

جب کوئی شخص مال اور دولت کسی جگہ محفوظ کرے تو اسے چاہیے کہ وہ 97 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھ کر مال و دولت پر دم کرلے ان شاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

نظرِ بد کا توڑ

جس کو نظر بد لگ گئی ہو تو اس پر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 60 مرتبہ پڑھ کر دَم کیا جائے تو نظر بد ختم ہوجاتی ہے اور اس وجہ سے جو بیماریاں لگی ہوں گی وہ بھی ختم ہوجائیں گی۔

دشمن پر فتح

دشمن کے ساتھ مقابلے سے پہلے 7 مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھ لیا جائے تو بفضلِ خدا دشمن پر غلبہ حاصل ہوگا۔

گردے کے مرض میں مفید

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کھانے پر دَم کرکے کھانے سے ہر قسم کے ضرر و تخمینہ وغیرہ سے حفاظت ہوگی اور درد گردہ کے مرض میں بھی افاقہ ہوگا۔

سامان کی حفاظت

اگر استعمال کی چیزوں پر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھ کر دَم کیا جائے تو وہ محفوظ رہیں گی اور بفضل خدا ان چیزوں میں برکت ہوگی۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت کے لئے شب جمعہ کا عمل

جو شخص حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت چاہتا ہو اسے چاہیے کہ شب جمعہ میں ایک ہزار مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھے ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھے تو خواب میں حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگی۔

گناہوں کی دلدل میں دھنسی لڑکی اور عبقری کا کمال

میری عمر اب 22 سال ہے لیکن جب میں گناہوں کی دلدل میں پھنسنا شروع ہوئی تو اس وقت میری عمر محض چودہ سال تھی۔ یعنی جوانی کی دہلیز میں قدم رکھنے سے پہلے ہی برے کاموں میں مبتلا ہوگئی۔ میری ایک لڑکے کے ساتھ دوستی ہوگئی۔ پہلے تو دو ماہ صرف بات ایک دوسرے کو دیکھنے کی حد تک محدود تھی مگر پھر آہستہ آہستہ بات بڑھتی گئی اور لڑکے نے مجھے ایک فون گفٹ کیا مگر اس سے پہلے کبھی فون استعمال نہیں کیا تھا۔ جس دن اس سے فون لیا اسی دن بات کرتے ہوئے ابو کو پوری بات کا پتہ نہ چلا مگر امی کو پتہ چل گیا۔ امی نے مجھ سے فون لے کر چھپا لیا اور مجھے خوب ڈانٹا۔ ساتھ یہ بھی پوچھا یہ کس نے دیا؟ یہ کس کا فون ہے؟ میں نے آگے سے کچھ نہ بولا بس چُپ رہی۔ امی نے مجھے خوب ڈانٹا اور سمجھانے کی کوشش کی‘ مجھ سے فون بھی لے لیا۔ میرے ابو ہر وقت گھر میں غصہ کرتے رہتے تھے، لڑتے رہتے تھے۔ میں نے بچپن سے ہر وقت گھر میں لڑائیاں ہی دیکھی تھیں۔ اپنی ان پریشانیوں اور محرومیوں کو ختم کرنے کے لئے میں غلط راہوں پر چل نکلی۔

گناہوں میں بری طرح دھنس چکی تھی

میں اس وقت ساتویں جماعت میں پڑھتی تھی۔ دوسرے دن میں سکول نہ گئی‘ پھر والدین نے میرے بچپن کی غلطی سمجھ کر معاف کردیا‘ مجھے سمجھایا کہ آئندہ شکایت نہ ملے او سکول جانے کی اجازت دے دی۔ کچھ دن ایسے ہی چلتے رہے، میں نے سکول جانا شروع کردیا۔ صبح سکول جاتے وقت وہ نامحرم لڑکا ہر روز گلی میں کھڑا ہوتا تھا۔ میں اسے دیکھتی جاتی اور وہ مجھے‘ پھر وہ میرے ساتھ کچھ راستہ سکول ساتھ جاتا تھا۔ میری دوست جو میرے ساتھ سکول جاتی تھی اسے سب کچھ پتہ تھا، اسے میں کہتی تم آگے چلی جاؤ میں اس کے ساتھ آجاؤں گی پھر اس نے مجھے سم لے دی۔ مجھے جب کسی کا فون ملتا اس میں وہ سم ڈال کر اس سے بات کرلیتی۔ میں اس قدر اس گناہ میں دھنس چکی تھی کہ اگر میں اس سے ایک دن بات نہ کرتی تو میں سمجھتی میں مرجاؤں گی۔

ایک دن میں سکول سے جاتے ہوئے راستے میں ہی اسے ملی مگر اس دوران دیر ہوگئی‘ والدہ نے دیر سے آنے کی وجہ پوچھی تو میں نے کہا اپنی دوست کے گھر تھی مگر گھر والوں کو مجھ پر شک ہوگیا‘ ابو نے مجھے بہت زیادہ مارا اتنا کہ میرے سارے جسم پر نیل پڑ گئے۔ مجھ سے نہ لیٹا جا رہا تھا اور نہ ہی بیٹھا جا رہا تھا جب ابو نے مجھے مارا سردیوں کے دن تھے، دوپہر کا وقت

تھا۔ سب لوگ چھت پر دھوپ کیلئے آتے تھے‘ سب لوگوں نے دیکھا۔ ایک تو پورے محلے میں بدنام بھی ہوگئی اور دوسرا ابو نے سکول بھی چھڑوا دیا اور میرے سکول میں یہ خبر پھیل گئی کہ میں کسی لڑکے کے ساتھ بھاگ گئی ہوں مگر میں ان گناہوں بھری دنیا میں اس قدر کھو چکی تھی کہ اتنی تکلیف سہنے کے باوجود بھی میں نے اس لڑکے کے ساتھ رابطہ نہ چھوڑا بلکہ اس واقعہ کے بعد میں مزید نامحرم کے محبت کے جال میں دھنستی چلی گئی۔ میں اتنی سزائیں جھیلنے کے باوجود بھی ان غلیظ راستوں سے نہ ہٹی۔ اس لڑکے نے مجھے پھر فون لے دیا‘ اسی طرح پانچ سال گزر گئے‘ اس عرصہ میں اس نے رابطہ نہ توڑا۔ میرا فون بار بار ابو اور امی کے ہاتھ لگتا رہا۔ مجھے ہر دفعہ ایک سے بڑھ کر ایک سزا ملتی رہی۔ ایک دفعہ ابو نے میرے بال کاٹ دیئے۔ ایک دفعہ مجھے گھر سے نکال دیا اور میری امی مجھے نانی کے گھر چھوڑ آئیں، میں دو ماہ وہاں رہی۔ میں غلطی کرتی اور پھر معافی مانگ لیتی اور وہ مجھے معاف کر دیتے۔ اسی طرح امی نے ابو کو منا لیا اور مجھے پرائیویٹ میٹرک کروایا‘ پھر ایف۔ اے میں نے پرائیویٹ کرلیا۔ کچھ دن گھر کے قریب ایک گھر میں ٹیوشن جاتی اور پیپر کی تیاری کر لیتی اور ہر دفعہ اچھے نمبر لے کر پاس ہو جاتی۔ ایف۔ اے کرنے کے بعد میری دادی ماں جو کسی اور ملک میں رہتی ہیں، ابو سے کہنے لگیں اسے پڑھائی کے لیے میرے پاس بھیج دو۔

بس پھر عبقری مل گیا

دادی اماں نے ابو کو مجھے باہر بھجوانے کا کہا‘ پھر ابو مجھے باہر بھجوانے کی کوششوں میں لگ گئے۔ میرے ابو اپنی والدہ کی کوئی بات نہیں ٹالتے، انہوں نے میری بے شمار غلطیاں دیکھ کر بھی میری شادی اس لیے نہیں کی کہ یہ فیصلہ میرے ابو نے کہا ہوا تھا کہ میری ماں یعنی میری دادی ہی کرے گی۔ وہ کہتے تھے میں نے اپنے سارے بچے اپنی ماں کے حوالے کر دیئے ہیں جہاں چاہے میری ماں بیاہ دیں۔ میرے ابو نے سٹڈی ویزہ کیلئے کام شروع کر دیا۔ میری ہمسائی آنٹی کو میرے ویزے کا پتہ چلا کہ ابو کوشش کر رہے ہیں تو انہوں نے مجھے کہا کہ تم عبقری دواخانہ لاہور جاؤ‘ وہاں شیخ الوظائف صاحب کے اسسٹنٹ بیٹھتے ہیں‘ انہیں اپنا مسئلہ بتاؤ ان شاءاللہ حل مل جائے گا۔ میں نے اور امی نے کہا آپ بھی ساتھ چلیں، وہ مجھے لے کر لاہور اسسٹنٹ صاحب کے پاس آگئے‘ راستے میں آنٹی نے بتایا کہ یہ وظائف بتاتے ہیں‘ اللہ کا نام بتاتے ہیں‘ بے شمار کے رکے ہوئے کام ہو جاتے ہیں‘ ان شاءاللہ تمہارا مسئلہ بھی حل ہو جائے گا۔۔ ہم جب اسسٹنٹ صاحب کے پاس پہنچے اور سارا واقعہ

بتایا کہ میں سٹڈی ویزہ کے ذریعے باہر جانا چاہتی ہوں۔ مگر اس سے پہلے کہ یہ مجھے کوئی وظیفہ دیتے انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ آپ کو اکثر ڈر لگتا ہے اور ایسے لگتا ہے کہ جب آپ چل رہی ہوتی ہیں تو کوئی آپ کے ساتھ چل رہا ہوتا ہے۔ میں نے کہا، جی کبھی کبھی ایسا محسوس ہوا ہے۔ یہ بات میرے علاوہ کسی کو معلوم نہ تھی کیونکہ کبھی کبھی میرے ساتھ یہ کیفیت ہوتی تھی مگر میں نے کبھی بھی کسی کو اس بارے میں نہیں بتایا تھا۔ میں اسسٹنٹ صاحب کی یہ بات سن کر حیران رہ گئی کہ انہیں اس کی خبر کیسے ملی۔ مجھے یقین ہوگیا کہ یہ واقعی اللہ والے نیک بزرگ ہیں۔ پھر انہوں نے میری طبیعت کا بھی پوچھا۔ میرے مرض کے مطابق انہوں نے مجھے ''پوشیدہ کورس'' دیا اور ساتھ ''اَفَحَسِبْتُمْ (سورۂ مومنون کی آخری چار آیات) اور اذان'' والا عمل دیا اور کہا پانچ وقت کی نماز کی پابندی کرنی ہے اور ہر نماز کے بعد یہ عمل کرنا ہے۔ اوّل و آخر تین مرتبہ درود شریف، 7 مرتبہ اذان، 7 مرتبہ ''اَفَحَسِبْتُمْ'' پڑھ کر پہلے دائیں اور پھر بائیں کان میں پھونکنا ہے' اس سے پہلے میں کبھی کبھار کوئی نماز پڑھ لیتی تھی۔ مگر جب یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا' میری تو دنیا ہی بدل گئی' چند ہی دنوں کے بعد میرے دن اور رات یکسر تبدیل ہو گئے۔ میری نمازیں مکمل ہوگئیں' میری طبیعت بہتر ہونا شروع ہوگئی' گندے وساوس' خیالات خاص طور پر اس نامحرم لڑکے کے بارے خیال آنا بہت کم ہوگیا۔ مجھے ایسے محسوس ہوا جیسے مجھ پر کوئی جادو ہوا تھا اور وہ ٹوٹ رہا ہے۔ میرے پاس فون تو تھا مگر وظیفہ جب سے شروع کیا تھا اس سے بات کرنے کو دل نہیں کرتا تھا یعنی گناہوں والی زندگی سے دل اچاٹنا شروع ہوچکا تھا۔ میں جب اپنی والدہ کے ساتھ دوبارہ کچھ عرصہ بعد عبقری دفتر لاہور اسسٹنٹ صاحب کے پاس گئی تو انہوں نے مجھے کہا کہ میرے استخارہ کے مطابق آپ کو مکمل طور پر جکڑا ہوا ہے یعنی آپ کو جادو کے ذریعے قابو کیا گیا ہے۔ انہوں نے مجھے باتوں میں کافی بات سمجھا دی کہ آپ سیدھے راستے پر چلیں جس راستے پر آپ چل رہی ہیں، وہ ٹھیک نہیں۔ امی کو انہوں نے ''انمول خزانے'' کا وظیفہ دیا اور کہا صبح 21 مرتبہ اوّل و آخر درود شریف ''انمول خزانہ نمبر 1'' پڑھنا ہے اور شام کو بھی اسی ترتیب کے ساتھ اور اپنی اس بچی کیلئے دعا کرنی ہے اور ''انمول خزانہ نمبر 2'' ہر وقت بے شمار پڑھنا ہے۔ گھر آکر میں ان کی باتیں سوچتی رہی۔

شیطانی دنیا سے نکل کر روحانی دنیا میں داخل ہوگئی

ایک ہفتے کے بعد میں پھر اپنی اسی ہمسائی خاتون کے ساتھ لاہور دفتر عبقری اسسٹنٹ صاحب کے پاس آئی اور ان کو کہا

کہ آپ نے درست کہا تھا کہ میں غلط راستوں پر ہوں، لیکن اب میں ان راستوں سے تنگ آ گئی ہوں مگر چھوڑ بھی نہیں سکتی۔ میں نے انہیں اس لڑکے کا نام بتایا اور انہوں نے مجھے اس کے بارے میں کافی کچھ بتا دیا اور کہا یہ کام بالکل بھی ٹھیک نہیں تم توبہ کرو اور جو فون تمہارے پاس ہے جا کر اسے بھی گرا دو اور سم بھی توڑ دو، اللہ تمہاری مدد کرے گا۔ میں وہاں سے گھر آ گئی۔ میں جو اس لڑکے کے بغیر اور فون کے بغیر ایک منٹ بھی نہ رہ سکتی تھی، اتنی سزائیں سہہ سہہ کر جو نہ چھوڑ سکی، وہ عبقری کے اس وظیفہ کی برکت سے کر لیا۔ میں نے فون توڑ کر اپنے گھر کے پیچھے ایک جگہ ہے وہاں لوگ کوڑا پھینکتے ہیں، وہاں گرا آئی اور سم توڑ کر نالی میں گرا دی۔

کافی دن اچھے گزر گئے اب اتنا تکلیف دہ معاملہ نہ ہوتا جیسے پہلے ہوتا تھا۔ وظیفہ کرتے ہوئے دو تین ماہ بہت اچھے گزر گئے پھر میں اپنی والدہ کے ہمراہ تسبیح خانہ لاہور شب جمعہ کی محفل پر آئی اور تسبیح خانہ سے روحانی تعلق قائم کر لیا۔ میں نے شیخ الوظائف صاحب کے نام خط لکھ کر عبقری دفتر لاہور میں موجود لیٹر باکس میں جوابی لفافہ کے ہمراہ ڈال دیا' ڈیڑھ ماہ کے بعد مجھے خط کا جواب آ گیا۔ جس دن خط کا جواب آیا میں شیخ الوظائف سے شب جمعہ کی محفل میں بیعت ہوئی۔ میری خوشی کی انتہا ہی نہ تھی جس سٹڈی ویزہ کیلئے میرے ابو نے اپلائی کیا تھا وہ ریجیکٹ ہو گیا یعنی کہ ویزہ نہ لگا مگر مجھے کچھ خاص تکلیف نہیں تھی۔ میں تو عبقری اس لیے گئی تھی کہ مجھے یو کے کا ویزہ مل جائے مگر مجھے اللہ کا نام مل گیا جس کی وجہ سے میں بے حد خوش تھی۔

تقریباً تین ماہ گزر جانے کے بعد اس لڑکے نے پھر مجھ سے رابطہ کیا۔ مجھے فون دے کر بھیجا۔ میں پہلے تو بہت پریشان ہوئی۔ میں نے اسے سچ نہ بتایا جب اس سے بات کی میں نے کہا گھر میں سختی کی وجہ سے تم سے بات نہیں کرتی تھی۔ شاید اندر سے ابھی کمزور تھی' کبھی سوچتی یہ لڑکا مجھے کچھ نقصان نہ دے دے اس کے پاس میری تصویر بھی ہے۔ میں نے اس سے مجبوراً بات کرنی شروع کر دی مگر اب وہ بھی مجھے کہتا کہ تم بدل گئی ہو۔ میں چاہتی تھی اس کا بھی دل بدل جائے اور وہ میرا پیچھا چھوڑ کر اعمال والی زندگی میں آ جائے۔ میں نے اسے ”یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمُ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ“ پڑھا کرو۔ پہلی دفعہ جب میں نے توبہ کی میری عمر 19 سال تھی۔ میں نے اس سے دوبارہ رابطہ شروع کر دیا۔ دفتر عبقری جوابی لفافہ کے ساتھ شیخ الوظائف کو خط لکھا اس میں ساری باتیں بتائیں کہ میں اس سے بات نہیں کرنا چاہتی مگر مجبور بھی ہوں تو خط کے جواب میں مجھے فرمایا کہ ہر نماز کے بعد 20 مرتبہ یَامَانِعُ پڑھ لیا کرو، اللہ بہت کریم ہے، کرم کریں گے۔ دن

گرمی کی جلن، پیاس کی شدت کا احساس،

گزرتے گئے وہ لڑکا بھی وظیفہ کرتا رہا اور میں بھی "یَامَانِعُ"، "افحسبتم اور اذان" والا عمل کرتی رہی۔ پھر رمضان میں 12 نوافل والا عمل جو کہ تسبیح خانہ میں 11 اور 12 رمضان المبارک کی درمیانی شب کروایا جاتا ہے، اپنے گھر میں کیا' میں نے اس لڑکے کیلئے کیا کہ اس کی شادی ہوجائے اور میری جان چھوٹ جائے تاکہ وہ مجھے ہراساں بھی نہ کرے۔ میری خالہ اور دادی نے میری اچھی جگہ شادی کے لیے یہ عمل کیا: عمل یہ ہے۔ گیارہویں اور بارہویں روزے کی درمیانی رات کو بعد نمازِ عشاء، تراویح کے بعد دو دو رکعت کر کے بارہ نفل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ایک بار سورۃ الاخلاص پڑھیں۔ بارہ نفل پڑھ کر سو مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر تمام نفل اور درود شریف کا ثواب حضور پاک ﷺ کو پہنچائیں اور پھر حضور ﷺ کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر خلوصِ دل، انکساری، عاجزی سے کم از کم پندرہ منٹ دعا مانگیں۔

میں نے یہ نفل پڑھ کر سب اپنی کزنوں کیلئے اور اس لڑکے سے نجات کیلئے رو رو کر دعا مانگی پھر اللہ کریم کا بہت کرم ہوا۔ عید کے بعد جلد ہی اس لڑکے کی شادی ہوگئی' اچانک اس کا رشتہ ہوا اور اچانک ہی شادی۔ اللہ نے میری بہت مدد کی۔ ہمارے محلے کی کچھ خواتین تھیں جنہیں میرے اور اس نامحرم کے بارے میں علم تھا وہ مجھے دیکھنے ہمارے گھر آئیں کہ میں کس حال میں ہوں مگر مجھے کوئی پرواہ نہ تھی کیونکہ مجھے اللہ کے نام کی لذت مل چکی تھی' میں نے اپنے وظیفے کو جاری رکھا۔

رب کی شان کریمی اور رحمتوں کی بارش

اللہ نے مجھ پر اپنے کرم کی بارش ہی کر دی اس لڑکے سے بھی جان چھوٹ گئی، عبادت کی توفیق بھی دے دی۔ میں وہ تھی جو پہلی دفعہ دفتر عبقری اسسٹنٹ صاحب کے پاس گئی تو انہوں نے پوچھا نماز پڑھتی ہو کہ نہیں؟ میں نے کہا کبھی کبھی پڑھ لیتی ہوں، اللہ مجھے معاف کرے لیکن اب جب سے عبقری کے نظام میں جڑی ہوں کوئی نماز نہیں چھوڑی' الحمدللہ! اگر کوئی چھوٹ بھی جائے تو قضا کر کے پڑھ لیتی ہوں۔ اللہ کریم نے ہر وقت اپنے ذکر کی بھی توفیق دی ہے۔ رشتے دار اور محلہ دار جو ہر وقت میرے بارے میں بُرا کہتے تھے، وہ بھی تعریف کرنے لگ پڑے اور اپنی بیٹیوں کو کہتے کہ میری طرح بنو یعنی جیسے میں اب زندگی گزار رہی ہوں ویسی بنو۔ میں جیسے اعمال کرتی ہوں وہ بھی اپنی بیٹیوں کو کہتے کہ آپ بھی ایسا کریں اور پھر اسی سال جس رمضان میں میں نے نفل پڑھے، الحمدللہ اس عمل کی برکت سے ایک ماہ بعد اللہ کریم نے مجھے ایک بہت اچھا خاوند عطا کیا۔ اسلامی طریقوں کے مطابق میری یورپ میں مقیم رشتہ دار کے ساتھ شادی ہوئی' جہاں کے ویزے کیلئے

پہلی دفعہ عبقری گئی تھی۔ نکاح سے پہلے میں نے دو نفل توبہ کے پڑھے اور حضرت بی بی فاطمہؓ کی روح مبارک کو ہدیہ کر کے اللہ سے دعا کی اللہ مجھے میری خطاؤں کی معافی دے اور مجھے میرے خاوند کے حق میں اور میرے خاوند کو میرے حق میں بہترین بنا دے۔

یہ وہ دن تھا جب میری زندگی میں اگر گناہوں کی نحوست بھی ختم ہوگئی کیونکہ میں سچے دل سے تائب ہو چکی تھی اور اب دعاؤں میں رونا آگیا اور اعمال کیے بغیر قرار نہ آتا۔ میں نے جیسا شوہر اللہ تعالیٰ سے دعاؤں اور اعمال کے ذریعے مانگا تھا بالکل ویسا ہی ملا، اللہ نے میری دعا قبول کی۔ اللہ کریم مجھے معاف کرے اب بھی ہر وقت ڈرتی رہتی ہوں کہ میں گناہوں کی زندگی میں نہ جاؤں اور دعا کرتی رہتی ہوں کہ اللہ مجھے بچا کے رکھے۔ بہت سے لوگ ایسے تھے جو کہتے تھے اس کی تو کبھی شادی ہو ہی نہیں سکتی۔ محلہ دار اور رشتہ دار ہر وقت ہماری طرف کان رکھتے تھے کہ کب ان کی بیٹی برا کام کرے اور ہم انہیں بے عزت کریں۔ بس میرے اللہ کریم نے میرے ماں باپ کی عزت رکھ لی۔ خاوند بہت اچھے اور پیار کرنے والے مل گئے۔ اللہ کے کرم سے حضرت جی کی دعاؤں سے جو وہ تمام امت کے لئے ہر شب جمعہ کی محفل میں کرتے ہیں اس کا حصہ مجھے بھی مل گیا۔ حالات بہت بہت سخت آئے، گھر میں جنات کا بھی بسیرا تھا، انہوں نے بھی بہت تنگ کیا مگر ہر موڑ پر اللہ نے عبقری کے ذریعے بہت ساتھ دیا۔ جب بہت مشکل ہوتی تو عبقری کے مشورہ والے نمبر پر فون کر لیتی‘ کچھ تسلی ملتی اور میرا حوصلہ اور بلند ہو جاتا۔

اسسٹنٹ صاحب نے مجھے ’’تہدیدی نامہ مبارک‘‘ دیا اور کہا گھر کے ہر کمرے میں 1001 مرتبہ درود شریف پڑھ کر ان پر پھونک مار کر کمرے میں لگا دو۔ میں نے ایسا ہی کیا ان دنوں میں امی نے خواب دیکھا ایک بہت بڑی کالی چیز ہے جسے میری بیٹی مار کے بھگا رہی اور وہ کہتی ہے مجھے نہ نکالو۔ اسی طرح کا خواب ایک دفعہ میں نے بھی دیکھا۔ میرے امی ابو بہت لڑتے تھے، ان کی لڑائی بھی ختم ہوگئی۔ جادو جنات سے بھی نجات مل گئی‘ بہت سے بگڑے کام اللہ نے ایسے بنا دیئے جس کے بارے میں ہم سوچ بھی نہیں سکتے تھے۔ میری شادی کے معاملے میں اللہ کریم نے بہت کرم کیا جتنا شکر ادا کروں، کم ہوگا۔ ورنہ لڑکیوں کو اتنے لوگوں کے آگے چائے پیش کرنی پڑتی ہے‘ کبھی کوئی دیکھنے آتا ہے اور کبھی کوئی مگر اللہ نے میرے ساتھ ایک دفعہ بھی ایسا نہیں کیا۔ اللہ کریم ہر بیٹی کی قسمت بلند کرے۔ میرے خاوند قریبی رشتہ دار ہیں۔

انہوں نے پاکستان آ کر مجھ سے شادی کی۔

خواب حقیقت میں تبدیل ہوگیا

شادی سے کچھ عرصہ پہلے میں اعمال کر کے سوئی تو میں نے خواب دیکھا کہ ہمارے گھر کے قریب ایک جگہ ہے وہاں لوگ شادیاں کرتے ہیں۔ میرے خواب میں وہاں شادی کا نظام بنا ہوا ہے میں وہاں ہوں اور میرے کچھ رشتہ دار بھی پھر وہاں شیخ الوظائف بھی ہیں۔ پھر میری آنکھ کھل گئی اس خواب کے پانچ دن کے بعد ہی شادی ہوگئی۔ شادی کے بعد ایک ماہ میرے خاوند میرے ساتھ رہے پھر واپس چلے گئے۔ میں ویزہ لگوانے کی کوشش میں لگ گئی۔ ان کے پاس کام نہیں تھا، انہوں نے بہت زیادہ ڈھونڈا پر کام نہ ملا پھر آپ کا بتایا ہوا سورۃ الم نشرح کا عمل بتایا کہ آپ بکثرت پڑھیں، انہوں نے کچھ عرصہ پڑھا، کام مل گیا مگر پھر پڑھنا چھوڑ دیا۔ چھ ماہ بعد کام چھوڑ کر دو ہفتے کیلئے پاکستان آ گئے، آ کر دوبارہ واپس گئے مگر کام پھر نہ ملا جس کی وجہ سے ویزہ لیٹ ہوتا جا رہا تھا پھر انہوں نے سورۃ الم نشرح پڑھنی شروع کی۔ میں نے نماز کی سنتوں میں آخری چھ سورتوں کا اہتمام کیا، صدقہ دینا شروع کیا۔ بس پھر اللہ کریم نے کرم کر دیا، کام مل گیا، ان کو وہاں ایک کمپنی میں منیجر بنا دیا گیا۔ انہوں نے بہت محنت کی اور اعمال کی برکت سے انہیں ترقی ملتی گئی۔ اللہ کے کرم سے ان کا کام آج کل بہت اچھا چل رہا اور اِن شاء اللہ آپ کی دعا سے صدا چلتا رہے گا۔ میرے ویزے میں ان کے کام کا مسئلہ بھی بہت بڑی رکاوٹ تھی، وہ بھی اب حل ہوگئی کیونکہ کچھ قانونی پیچیدگیاں تھیں، میں نے اس کیلئے کچھ محنت کی، ساتھ اذان اور اَفَحَسِبْتُمْ کا عمل بھی جاری رکھا۔ اللہ کے کرم سے اور آپ کی دعا سے اللہ نے اس میں بھی کامیابی دی، پھر اللہ عزوجل ہر موڑ پر کامیابیاں دیتے گئے اور شادی کے کچھ عرصہ بعد ہی میرا ویزہ لگ گیا۔ اللہ عزوجل کا کروڑہا کرم ہوگیا۔ میرا ویزہ آ چکا ہے اب بہت جلد اپنے خاوند کے پاس جانے والی ہوں، اِن شاء اللہ!۔

یہ سب عبقری کی وجہ سے ہی ممکن ہوا کہ اس نے ایک غلیظ اور گناہوں بھری زندگی سے نکال کر مجھے اللہ اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سچی راہوں پر لگا دیا ہے۔

* * * * *

ایامِ بیض اور جدید سائنس

قمری مہینے کے درمیان کے تین دن 13، 14 اور 15 جب چاند بڑھتا بڑھتا اپنی مکمل حالت کو جا پہنچتا ہے، ان تین دنوں کو ایامِ بیض کہا جاتا ہے۔ لفظی اعتبار سے کیونکہ ان دنوں میں چاند کی سفید روشنی اپنے عروج پر ہوتی ہے اس لیے اسے بیض کے دن کہا جاتا ہے، یعنی سفیدی کے دن۔

چاند کے انسانی زندگی پر اثرات

چاند اور سورج کا گریوی ٹیشنل ٹِل جو اثر زمین پر رکھتا ہے اس کے نتیجے میں سمندر کے پانی میں لہریں اُٹھتی ہیں اور جیسے جیسے چاند بڑھتا ہوا اپنی پوری شکل کو پہنچتا ہے، لہروں کی روانی میں شدت آنے لگتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے ممالک میں ان دنوں میں ساحل عام عوام کیلئے بند کر دیا جاتا ہے۔

چاند کی میگنیٹک فیلڈ کا یہ اثر زمین پر موجود پانی پر ہے پھر انسانی جسم کا کیا جس کا 80 فیصد حصہ پانی پر مشتمل ہے؟ چاند کی یہ فورس ہمارے جسم میں موجود پانی پر کوئی بھی اثر نہیں رکھتی اور کسی قسم کا ارتعاش اس سے پیدا نہیں ہوتا۔ یہ سیدھا انسانی جذبات پر اثر انداز ہوتی ہے۔ چاند کی یہ فورس انسانی جذبات پر بلاواسطہ اثر رکھتی ہے۔ ان تین دنوں میں فضا میں موجود پوزیٹو آئن کی وجہ سے ہونے والے ہارمونل ری ایکشن سے ڈپریشن، غصہ، چڑچڑاپن، مائیگرین اور دمہ میں بھی اضافہ مشاہدے میں آیا ہے۔

نیند پر اثرات

2013ء کی ایک تحقیق کے مطابق ان دنوں میں ہم لگ بھگ 20 منٹ عام دنوں سے کم سوتے ہیں اور نیند بار بار ٹوٹتی ہے۔

نفسیات پر اثرات

بہت سے ماہر نفسیات کا مشاہدہ ہے کہ ایامِ بیض کا انسانی رویوں اور انسانی مزاج پر گہرا اثر ہوتا ہے۔ ذہنی امراض کے علاج کے ہسپتالوں میں کی گئی تحقیق یہ ثابت کرتی ہے کہ ان دنوں میں بہت سے ذہنی مریضوں کی حالت مزید خراب

ہو جاتی ہے۔

ہارمونز پر اثرات

ماہر دُرافرازیات (Endocrinologist) کا کہنا ہے کہ اجرامِ فلکی کی مختلف حرکات کا انسانی زندگی پر اثر انداز ہونا ہارمونز کے بہت سے مسائل کا تعلق ان دنوں سے جاملتا ہے جس طرح سے ہارمونز کے کم یا زیادہ ہونے کا انسانی زندگی پر اثر پڑتا ہے اور بہت سے مسائل جنم لیتے ہیں اسی طرح سے چاند کی الیکٹرو میگنیٹک فورس کے کم یا زیادہ ہونے کا انسانی گلینڈز پر بھی اثر ہوتا ہے۔ جس سے گلینڈز کی رطوبتیں جنہیں ہارمونز کہتے ہیں وہ بھی کم اور زیادہ ہو کر مسائل پیدا کرتی ہیں جو درج ذیل ہیں:

1۔ تھائی رائیڈ کے مسائل
2۔ ماہواری کے مسائل
3۔ ڈپریشن
4۔ غصہ اور چڑچڑاپن شامل فہرست ہیں۔

ان اثرات کا حل کیا، ان سے کیسے بچا جائے؟

یونیورسل ریسرچ کے نتائج کے مطابق ان اثرات سے نمٹنے کیلئے اور ان کے نقصان دہ اثرات سے بچنے کا حل ایک ہی ہے، وہ یہ ہے کہ:

پورے چاند کے دن اور اس سے تین دن پہلے کا روزہ رکھا جائے تو ان دنوں کے اثرات سے حد درجہ طور پر محفوظ رہا جا سکتا ہے اور متواتر اس عمل کو کرتے رہنے سے انسانی جسم پر ان اثرات سے بہت کم نقصان دہ اثرات مرتب ہوتے ہیں یا پھر یوں کہا جائے کہ انسانی جسم میں مدافعت کا نظام ان اثرات کو زائل کر دیتا ہے۔

یہ حل آج سے چودہ سو سال پہلے ہمیں مل چکا ہے جسے ہم اپنی زبان میں ایامِ بیض کے روزے کہتے ہیں جو کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سنت میں سے ہے اور اس کی تاکید ہم سب کو کی گئی ہے۔

ایامِ بیض کے روزوں کے فوائد

نظامِ انہضام کی بہتری: انسانی معدے کو آرام ملتا ہے اور وہ بہتر طریقہ سے کام کرنا شروع کر دیتا ہے۔

ادویات کے سائیڈ ایفیکٹ زائل ہوتے ہیں:

درد دُور کرنے کی ادویات کے نقصان دہ اثرات جسم سے دُور کرنے کا یہ ایک آسان طریقہ ہے جس سے جسم کے زہریلے مادے جسم سے با آسانی نکل جاتے ہیں اور ان دواؤں کی وجہ سے ہونے والے السر کا خدشہ کم ہو جاتا ہے۔

خون صاف ہوتا ہے

خون صاف کرنے کیلئے، سیلز کی صفائی کیلئے ہر ماہ کے ان تین دنوں کا روزہ انسانی جسم پر کسی احسان سے کم نہیں ہے۔

انفیکشن کا خاتمہ

جسم میں پہنچنے والے بہت سے انفیکشنز کا خاتمہ بآسانی ہو جاتا ہے۔

نفسیاتی فوائد

انسانی جسم کیلئے خوراک جس حد تک ضروری ہے انسانی نفسیات کیلئے بھوکا رہنا بھی اسی حد تک ضروری ہے۔ مقصد کمزوری پیدا کرنا ہرگز نہیں ہے۔ مقصد صرف یہ ہے کہ ”کبھی کبھی جسم کو بھوکا رکھا جائے تاکہ روح کو بھی غذا مل سکے“۔ ان دنوں میں روزہ رکھنے سے انسانی سوچ پر مثبت اثرات پڑتے ہیں۔ منفی سوچوں کا ذہن پر غلبہ نہیں پڑتا اگر انسان ان منفی سوچوں کا اسیر ہے، ڈپریشن، سٹریس، ایگزائٹی اور خودکشی کے خیالات آتے ہیں تو یہ ان سب کا علاج ہے۔

منفی سوچوں سے چھٹکارا

روزے سے انسانی جسم کے ساتھ ساتھ انسانی ذہن کو بھی آرام ملتا ہے۔ ان بے جا سوچوں کا غلبہ جو کہ عام طور پر انسان کو اس کی زندگی کے منفی پہلوؤں کی طرف راغب کرتا ہے اور مثبت کی طرف آنے نہیں دیتا اس پر کاری ضرب ہے ”روزہ رکھنا ہر ماہ تین دن۔

کون سے تین دن؟

ایام بیض

ایامِ بیض ہی کیوں؟

نفسیاتی اُلجھنوں کے شکار لوگوں کی اکثریت پر کی گئی تحقیق سے ثابت ہو چکا ہے کہ ان نفسیاتی مسائل کے شکار لوگوں کا رویہ، مزاج اور چڑچڑاپن ان دنوں میں عروج پر پہنچتا ہے حتیٰ کہ مرگی کے دوروں میں بھی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ Schizophrenia کے مریض خصوصاً ان دنوں میں بے انتہا بُری حالت کو پہنچتے ہیں جنہیں سنبھالنا تک مشکل ہو جاتا ہے۔

چاند کی یہ فورس سیال Fluid پر پُرکشش دِکھاتی ہے۔ انسانی جسم کا 80 فیصد حصہ فلیوڈ ہے اور انسان کے دماغ کے گردموجود (CSF) بھی اس 80 فیصد میں شامل ہے چونکہ چاند کا یہ پل بہت ہی کم طور پر انسانی جسم پر اپنا اثر دِکھاتا ہے تو اس لیے ہمارے جسم میں موجود پانی میں بظاہر کوئی حرکت نہیں ہوتی لیکن اس کا اثر انسانی جذبات پر پڑتا ہے اور جن کے جذبات اور نفسیات پہلے سے ہی بے اعتدالیوں کا شکار ہوں، ان کے مسائل کا طول پکڑنا ان دنوں کوئی عجیب بات نہیں۔

روزوں سے مسائل کا حل! مگر کیسے؟

روزہ ان نفسیاتی مسائل کا حل کچھ یوں ہے کہ سارے دن کا روزہ انسانی جسم کو ضروری کاموں کے علاوہ (جن میں دل کا دھڑکنا، دماغ کا کام کرنا، سانس لینا، گردوں وغیرہ کا کام کرنا شامل ہے) کسی چیز کیلئے فالتو انرجی فراہم نہیں کرتا بلکہ اضافی انرجی کو محفوظ کرتا ہے جس کی وجہ سے ان فضول خیالات اور سوچوں کو ذہن میں جائے پناہ نہیں ملتی، ذہن کو سکون ملتا ہے، اضافی قوت کے نہ ہونے سے ان جنونی کیفیات کا خود بخود دَم گھٹ جاتا ہے اور ہر ماہ کی گئی تین دن کی یہ مشق غصہ، جنون، ٹینشن اور خوف کو کم کرتے ہوئے اعتدال میں لانے کا بھی سبب بنتی ہے۔

ایامِ بیض اور مراقبہ

ایامِ بیض کا روزہ رکھ کر اگر ساتھ مراقبہ بھی کیا جائے تو اس سے دوہرے فوائد حاصل ہوتے ہیں اس سلسلے میں سائنس کہتی ہے: روزہ رکھتے ہوئے مراقبہ کرنا انسانی دماغ میں "Neurotransmitter" پیدا کرتا ہے۔

1- Nor-Epinephrine

2- Dopamine

یہ دونوں مل کر انسانی ذہن میں توجہ کرنے کی صلاحیت کو بہت زیادہ بڑھاتے ہیں اور ذہن کو اس طرح سے بھی سدھارتے ہیں کہ اس کی شدید دباؤ میں بھی بہتر طریقے سے کام کرنے کی صلاحیت نکھر جاتی ہے۔

سٹریس اور ڈپریشن کے ساتھ ساتھ خوف اور جنونی کیفیات کو بھی ختم کرتا ہے۔

ایامِ بیض اور ٹین ایجرز

ساری دنیا میں ٹین ایجرز کے مسائل بہت زیادہ ہیں۔ ان کی ایک بڑی وجہ بلوغت کو پہنچتے نوجوانوں کے اندر ہارمونز کی تبدیلیاں ہیں۔ ہارمونز کا کم یا زیادہ ہونا اس عمر کے بچوں اور بچیوں میں عام معمول کی بات ہوتی ہے جس کا سیدھا اثر ان کے مزاج اور رویوں میں دِکھائی دیتا ہے۔ اہم مسائل میں:

اداسی، چڑچڑاپن، غصہ، برداشت کا نہ ہونا/عدم برداشت، سٹریس، بے راہ روی کی طرف مائل ہو جانا، ڈپریشن اور خودکشی کی کوششیں کرنا وغیرہ شامل ہیں۔

امریکہ کے ماہر نفسیات کا انکشاف

امریکہ کے ایک ماہر نفسیات ڈاکٹر لیبر کا کہنا ہے کہ چاند کے مکمل ہونے اور انسانی رویوں میں منفی پہلو کے بہت زیادہ اُجاگر ہونے میں بہت گہرا تعلق ہے ان دنوں میں انسانی جذبات کا اعتدال بھی بڑی حد تک متاثر ہوتا ہے۔

نوجوانوں پر اثرات

نوجوانوں میں چونکہ پہلے ہی ہارمونل تبدیلیاں عروج پر ہوتی ہیں اس لیے ان کا چاند کی اس فورس سے متاثر ہونے کا خدشہ ٹین ایجرز میں باقی لوگوں کی نسبت زیادہ ہوتا ہے۔

حل؟

ان مسائل کا حل بھی ایامِ بیض کا روزہ رکھنا ہے۔

کیسے؟

روزہ ٹین ایجرز کو ان دنوں کے نقصان دہ اثرات سے بچاتا ہے تاکہ پہلے سے ہو رہی ہارمونز تبدیلیاں زیادہ شدت اختیار نہ کریں۔

روزہ ''ضبط نفس'' کی مشق بھی ہے جو کہ ٹین ایجرز میں ہونے والی بے راہ روی سے بھی روکتا ہے۔

جسمانی قوت میں روزے کے دوران ہونے والی کمی انہیں انرجی کا درست استعمال بھی سکھاتی ہے جس سے بے جا غصہ اور چڑچڑے پن میں کمی آتی ہے۔

تحقیق سے ثابت ہے کہ ہارمونز کے بہت سے مسائل روزہ رکھنے اور کھانے پینے میں بے اعتدالیوں سے بچنے سے حل ہو جاتے ہیں۔ "Poly Cystic Ovarian Syndrome کا مسئلہ بھی ان روزوں سے حل ہو جاتا ہے اور اگر ٹین ایجز لڑکیاں ان کی پابندی کریں تو یہ مسئلہ سرے سے جنم ہی نہیں لیتا۔

ٹین ایجرز میں بے جا غصہ ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔ ان تین دنوں کا روزہ ہر ماہ رکھنے سے غصہ برداشت کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ بات حالیہ تحقیق میں ثابت ہو چکی ہے۔

بہت زیادہ اُداسی اور ڈپریشن ٹین ایجرز کے مسائل کا دوسرا رُخ ہے۔ ایسے کیسز میں اس عمر کے بچوں کو زندگی بالکل فضول لگنے لگتی ہے اور جب اس مسئلے کو حل کیے بغیر یوں ہی چھوڑ دیا جاتا ہے تو مسئلہ بڑھ جاتا ہے اور بات مایوسی کی حد میں داخل ہو جاتی ہے۔ بے جا مایوسی کی وجہ سے اس عمر کے بچوں میں خودکشی کا رجحان بڑھ جاتا ہے۔ ایسی صورت میں ایامِ بیض کے دوران ان کیسز میں بہت زیادہ اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ ان تین دنوں کا لگاتار روزہ رکھنا انسان کو ایک مقصد کی فراہمی کا کام کرتا ہے اور زندگی میں اپنے مقاصد کا تعین کرنے میں انسان کی شخصیت کو تیار کرتا ہے۔

کیا صرف ان تین دنوں کا روزہ کافی ہے؟

میڈیسن کے شعبے میں کی گئی حالیہ تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ اگر ہفتے میں دو دن کا روزہ رکھا جائے تو انسانی نفسیات اور انسانی جذبات پر بے حد مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں پھر اس بات پر غور کیا گیا کہ وہ دو دن متواتر ہوں یا پھر ان میں

مناسب وقفہ ہو؟ اس تحقیق کے نتائج کچھ یوں آئے کہ ہفتے میں پیر اور جمعرات وہ دن ہیں کہ جن میں اگر روزہ رکھ لیا جائے تو انسانی زندگی خوشحالی کی طرف راغب ہو جاتی ہے کیونکہ ان دنوں میں مناسب وقفہ بھی ہے اور یہ انسانی جسم، انسانی نفسیات اور انسانی جذبات میں بلا کا توازن قائم کرتی ہے۔

حاصل بحث

لٰہذا یہ نتیجہ اخذ ہوا کہ ایامِ بیض کے روزے اور پیر اور جمعرات کا روزہ ٹین ایجرز کے مسائل کا ممکن حل ہے۔ انسانی جسم، نفسیات اور جذبات کا اعتدال ہی ان مسائل کا حل ہے جو کہ زندگی میں ان مشقوں سے حاصل ہو سکتے ہیں اور پھر ان کی تاکید تو ہمیں ہمارے دین میں بارہا کی گئی ہے جس کا پردہ آج سائنس نے اُٹھایا ہے کہ اس میں کیا حکمت ہے اور کیا فائدہ ہے۔

وٹامن B17 سے بھرپور پھل اور سبزیاں کینسر کا مؤثر ترین علاج

وٹامن B17 ٹیومر کو کم کرتا ہے اور کینسر کو پھیلنے سے روکتا ہے اس کے ساتھ ساتھ یہ کینسر کے خلیوں کو تباہ کرتا ہے، مدافعت کے نظام کو قوت دیتا ہے اور مزید کینسر کے خلیوں کو بننے سے روکتا ہے۔

1200 سے زائد ایسی چیزیں ہیں کہ جن میں یہ قدرتی طور پر پایا جاتا ہے۔

اسے Amygdalin بھی کہا جاتا ہے۔

اس کی زیادہ خالص شکل کو Laetrile (لیٹرائل) کہا جاتا ہے۔

ذرائع:

اس وٹامن کے ذرائع بہت سے ہیں جن میں:۔ بادام/کاجو۔ خوبانی کے بیج (گٹھلی کے اندر کا بادام)۔ سٹابیری۔ شکرقندی۔ چقندر کے پتے۔ پالک۔ ناریل۔ آملہ۔ شہتوت وغیرہ شامل ہیں۔

سب سے زیادہ B17 کس میں ہے؟ خوبانی کی گٹھلی توڑ کر جو بادام نکلتا ہے اس میں B17 کی وافر مقدار ہوتی ہے۔

پہاڑی لوگوں کی صحت کا راز

ڈاکٹر ارنسٹ کریب ایک Biochemist تھے جو کہ وادیٔ ہنزہ کے لوگوں سے بے حد متاثر تھے اس وادی کے قدیم

لوگ بے حد صحت مند زندگی گزارتے تھے اور ان کی عمریں بے حد لمبی ہوتی تھیں۔ موٹاپا، دل کی بیماریاں اور کینسر جیسے امراض یہاں دُور دُور تک نہیں پائے جاتے تھے۔ ایسا کیوں تھا؟

لمبی عمر پانے کے لئے قدرت کا انمول تحفہ

اس راز کی تحقیق کرنے والوں نے پتہ لگایا تو معلوم ہوا کہ ان کی اس بے حد قابل رشک صحت کا راز یہ ہے کہ وہ خوبانی کی گٹھلی کے بادام اپنی خوراک کا حصہ سمجھ کر باقاعدگی سے استعمال کرتے تھے جس کی وجہ سے وہ ان بہت سے خطرناک امراض سے محفوظ رہتے ہوئے صحت مند اور لمبی عمریں گزارتے تھے۔

مقدار

دس پندرہ بیج کا روزانہ استعمال محفوظ سمجھا جاتا ہے۔

زیادہ مقدار کا نقصان؟

بہت زیادہ مقدار میں ان کا استعمال جسم میں جا کر اس کی خالص شکل میں جب ٹوٹتا ہے تو یہ Cyanide میں بدلتا ہے جو کہ ایک زہریا مادہ Poisoning کا سبب بنتا ہے لہٰذا اعتدال برتتے ہوئے اس کا استعمال اور بھی بہت سے جسمانی مسائل کا حل ہے لیکن بے جا استعمال نقصان دہ ہے۔

آب زم زم کے انوکھے شفائی اثرات

(ا ک۔ کراچی)

ساتویں جماعت میں میری نظر کمزور ہوگئی تھی، نویں جماعت سے چشمہ پہنا۔ آہستہ آہستہ پریشانیوں میں اور خراب ہوتی گئی۔ دُور سے بہت دُھندلا اور ڈبل نظر آنے لگا۔ سفر کرنے سے بھی الرجی ہونے لگی تھی۔ میں نے آنکھ شفاء استعمال کرنا شروع کیا تو الرجی تین دن میں ٹھیک ہوگئی۔ الحمدللہ!

عبقری رسالے میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا طبی آرٹیکل شائع ہوتا ہے۔ اس میں آنکھوں میں شہد لگانے کا پڑھا تو وہ بھی استعمال کیا۔ جب جب کسی پریشانی کے باعث روتی ہوں اور یوں بھی جب آنکھیں خشک لگتی ہیں تب شہد سرمے کی سلائی کے ساتھ آنکھوں میں لگالیتی ہوں، اس سے بہت آرام ملتا ہے۔

کچھ وقت کیلئے میں نے آبِ زم زم (عبقری فیس بک پیج پر پڑھا تھا) آنکھوں میں ڈالا اور آنکھ شفاء استعمال کی تو میری نظر بہتر ہوگئی۔ ڈاکٹر سے چیک اَپ کروایا تو ڈاکٹر نے کہا جب پڑھنا ہو تو عینک لگالیا کریں ورنہ ضرورت نہیں جبکہ سالوں پہلے ڈاکٹر صاحب نے ہر وقت عینک لگانے کو کہا تھا۔ کچھ وقت میں نے ایک کنسیلر استعمال کیا تھا جس سے Eyelids خشک ہوگئیں۔ شاید الرجی ہوگئی ہو، میں نے پلکوں پر عبقری دواخانہ کی تیار کردہ دیسی کریم لگائی، چند بار لگانے سے خارش، خشکی سب ٹھیک ہوگئے۔

چولہے کی گرم گرل پر ہاتھ لگنے سے جلد کی کافی تہیں جل گئی تھیں۔ کچن کے کاموں کی وجہ سے ہاتھ تو مسلسل پانی میں رہتا ہے۔ میں عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ’’مرہم سکون‘‘ استعمال کرتی رہی، زخم جلدی بھر گیا۔ الحمدللہ! نشان گہرا تھا، ایک دو ماہ تک مرہم سکون مسلسل لگانے سے اللہ کے کرم سے نشان مٹنے لگا ہے۔

عبقری دواخانہ کے ہی طبِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیئر آئل کے مستقل استعمال سے بالوں کی خشکی کم ہے۔ میرے بال بہت گرنے لگے تھے۔ جلد اُلجھ جاتی، طب نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیئر آئل کافی عرصے سے استعمال کر رہی ہوں، بال گرنا بند ہوگئے ہیں۔ یہ آئل خشکی پر فوراً اثر کرتا ہے، بال جلدی بڑھتے ہیں، رنگت ٹھیک رہتی ہے، اُلجھتے نہیں، چپکتے نہیں۔ میرے بال بہت ڈرائی

اور رَف ہو چکے تھے اب نرم ہیں، اس تیل کی مالش سے سر اور آنکھوں کو بھی بہت سکون ملتا ہے الحمدللہ! عبقری فیس بک پیج پر ایک ٹوٹکہ پڑھا تھا کہ اگر زیتون کے تیل میں سُرمہ ملا کر ہلکا سا بھنوؤں پر لگایا جائے تو وہ گھنی ہو جاتی ہیں۔ میں استعمال کرتی ہوں اور میری ابرو خشکی کے باعث بالکل ہلکے ہو گئے تھے، اب ٹھیک لگتی ہیں۔ اس سے شیپ بھی بہتر ہو گئی ہے۔

خربوزے کا فیس ماسک سب سے بہتر!

شیخ الوظائف کی جمعرات کی روحانی محفل میں خربوزے کے بیجوں اور گودے کے فوائد سننے کے بعد میں نے بھی چہرے پر یہ گودا جو بیجوں کے ساتھ ہوتا ہے بطورِ ماسک استعمال کیا۔ میرے چہرے پر ہلکے گہرے سالوں پرانے نشانات بہت تھے، وہ کم ہو گئے بلکہ نہ ہونے کے برابر رہ گئے ہیں۔ چہرے کے کھلے مسام بھی کم ہوئے اس سے بہتر فیس ماسک شاید کوئی نہ ہو۔ چہرے کے یہ دھبے کسی کریم، کلینزر، ماسک، سکرب، کسی چیز سے نہیں ٹھیک ہوئے تھے۔

ہونٹوں کی سیاہی ختم‘ آزمودہ ٹوٹکہ

میرے ہونٹوں کا رنگ کافی گہرا ہے تو عبقری پیج پر ایک پوسٹ آئی تھی ناریل کے تیل میں لیموں کا رس چوتھائی حصہ ملا کر سٹور کر لیں۔ یہ ہونٹوں کی سیاہی ختم کرتا ہے تو میں نے یہ تیل بنایا اور ایک پرانہ لپ گلاس کنٹینر خالی کر کے گرم پانی سے دھو کر خشک کیا اور تیل اس میں بھر کر رکھ لیا۔ یوں استعمال میں آسانی ہوتی ہے، اس سے ہونٹوں کی سیاہی کم ہوئی اور جلد اثر واضح ہوا۔ اس کے بعد ایک اور چیز ہونٹوں کے لئے بہت مفید پائی۔ میں نے سادہ ویزلین میں ہلدی، چند قطرے روغن زیتون و بادام اور گلیسرین ملا کر اسے اوون میں پگھلایا اور پھر ڈبیہ میں بھر کر تھوڑی دیر فریز کر لیا۔ روزانہ لپ بام کی طرح لگاتی رہی اس سے بھی ہونٹوں نرم رہتے ہیں، پھٹتے نہیں ہیں اور ہونٹوں کا رنگ گلابی ہوتا ہے۔ ایک دن مجھے رکشہ میں چڑھتے ہوئے گھٹنے پر بہت بری چوٹ لگ گئی، درد شدید تھا اور چلنے میں دشواری ہو رہی تھی تین دن تک عبقری کی ”دردی ہربل بام“ استعمال کی اور الحمدللہ درد کم ہوا اور تکلیف بھی ٹھیک ہو گئی۔

میرے آزمودہ کرشماتی حکمت کے فن پارے عبقری جنتری 2024ء کے نام

(محمد سرور، جوہر آباد)

عبقری قارئین کے لئے اپنے آزمودہ طبی نسخے لے کر حاضر ہوا ہوں جن سے میرے جاننے والے بہت احباب مستفید ہوئے، امید کرتا ہوں ان شاء اللہ قارئین کو بھی اس سے بہت فائدہ ہوگا۔

چہرے کے غیر ضروری بال

(1) چہرے کے غیر ضروری بال ختم کرنے کے لئے تین دیسی نسخہ جات تحریر کر رہا ہوں، بہت مجرب ہیں جو بھی مناسب لگے استعمال کریں، ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ ھوالشافی: سرسوں کی کھل، ثابت ہلدی، لیموں کے چھلکے، کینوں کے چھلکے، ان تمام اجزاء کو ہم وزن لے کر پیس لیں، ان میں کچھ مقدار میں سرسوں کا تیل ڈال لیں تاکہ پیسٹ بن جائے۔ اگر چہرے کی رنگ نکھارنا بھی مقصود ہے تو چھل چھلیرا بھی ہموزن ڈال لیں اور اگر چہرے کی رنگ پہلے سے صاف تو اسے نہ ڈالیں۔ اس پیسٹ کو چہرے کے بالوں پر لگائیں، جب خشک ہو جائے تو کپڑے ہاتھ سے اتار دیں۔ اس ماسک کو چند ہفتوں کے وقفے سے کچھ عرصہ استعمال کر لیں، کتنے بھی سخت اور موٹے بال ہوں ان شاء اللہ ختم ہو جائیں گے۔

(2) خالص میدہ اور شہد لے کر آپس میں مکس کر لیں اور چہرے پر لگائیں، جب خشک ہو جائے تو کپڑے یا ہاتھ سے آہستہ آہستہ اتار دیں۔ اس سے چہرے کے غیر ضروری بال ختم ہو جائیں گے۔

(3) 50 گرام کرش بوٹی لیں، اسے ایک گلاس پانی میں بھگو دیں اور پھر اسے ابال لیں، جب پانی آدھا رہ جائے تو پانی کو چھان لیں، پھر ایک کپ تِلوں کا تیل لے کر اس میں مکس کر کے آگ پر اتنا پکائیں کہ پانی بالکل جل جائے مگر تِل کا تیل آدھا رہ جائے۔ اب اس تیل کو اتار کر ٹھنڈا کر لیں، رات کو سونے سے پہلے تھریڈنگ کر کے یہ تیل لگا کر سو جائیں، جب دوبارہ بال نکلیں تو اسی طرح تھریڈنگ کر کے تیل لگائیں۔ چند ہفتوں میں ان شاء اللہ چہرے کے فالتو بال ختم ہو جائیں

گے۔ تھریڈنگ کے بعد اس تیل کو روزانہ بالوں والی جگہ پر لگانا ہے۔

گوہانجنی کا خاتمہ

ایک عدد لونگ لے کلر اسے گھڑے کے ڈھکن میں گھس کر گوہانجنی پر لگادیں' ایک دفعہ لگانے کے عمل سے ہی جلد گوہانجنی ختم ہوجائے گی' ان شاء اللہ۔ اگر مزید ضرورت پڑے تو روزانہ ایک بار دو سے تین دن لگائیں شفاء ہوگی۔

شوگر کے زخموں کے لئے آزمودہ مرہم

زخموں کو پہلے روئی سے صاف کرلیں' بعد میں پائیوڈین سے صاف کریں۔ اب ہم وزن پانی اور شہد ملا کر مرہم پٹی والا کپڑا اس محلول میں بھگو کر زخم پر باندھ لیں' تین چار دن یہ نسخہ اسی ترتیب کے ساتھ آزمائیں' زخم بالکل صاف ہوجائے گا۔

ناف ٹل جانے کا علاج

ایک چھٹانک بادام کی گریاں' ایک چھٹانک منقیٰ' ایک تولہ سقمونیا ولائتی۔ بادام کی گریوں کا چھلکا اتار کر ان تینوں چیزوں کو کونڈے میں پیس لیں اور چھوٹے بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔ 5 گولیاں رات کو سوتے وقت نیم گرم دودھ یا پانی کے ہمراہ استعمال کریں' پانچ دن یہ نسخہ استعمال کرنے سے ان شاء اللہ ناف ٹل جانے کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ دوران علاج نرم اور زود ہضم خوراک استعمال کریں اور چائے پینے سے مکمل طور پر پرہیز کریں۔

بچھو' بھڑ اور شہد کی مکھی کے کاٹے کا علاج

کوئی بھی زہریلا جانور کاٹ لے تو لیموں کا رس متاثرہ جگہ پر لگانے سے جلد آرام آجاتا ہے۔ اگر کسی کو بچھو کاٹ لے تو اسے چاہیے کہ جتنا جلد ہوسکے متاثرہ جگہ پر مولی کا رس مل لے' تھوڑی ہی دیر میں ان شاء اللہ آرام آجائے گی۔

نظر کی کمزوری ختم

اگر کسی کی نظر کمزور ہو اور ادویات سے بھی افاقہ نہ پڑ رہا ہو تو اسے چاہیے کہ ایک گلاس گاجر کے رس میں ایک چٹکی سونف اور چند بادام پیس کر ڈال کر پی لے' چند دن میں ہی افاقہ شروع ہوجاتا ہے۔

زوجین میں محبت کے لئے تیر بہدف عملیات

(شائستہ بلال)

زوجین میں محبت کے لئے دو مجرب عمل پیش کر رہی ہوں‘ جو بھی آسانی سے کر سکے کر لیں‘ ان شاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا‘ نفرتیں محبتوں میں تبدیل ہو جائیں گی۔

میاں بیوی کی ناچاقی ختم کرنے کیلئے

500 دفعہ پڑھ کر اگر بیوی کو مسئلہ ہے تو شوہر اور شوہر کو مسئلہ ہے تو عورت اوّل و آخر 11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر کسی کھانے یا پینے والی چیز پر دم کر کے استعمال کروائیں۔ یہ عمل مسلسل 21‘ 41 یا 51 دن تک کریں۔

"لَا مَرْغُوْبِیْ اِلَّا اللہ. لَا مَطْلُوْبِیْ اِلَّا اللہ. لَا مَحْبُوْبِیْ اِلَّا اللہ. لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ"

میاں بیوی کی محبت کیلئے

818 مرتبہ اوّل و آخر 11 مرتبہ درود شریف کے ساتھ درج ذیل آیت کسی چیز پر پڑھ کر پلائیں یا کھلا دیں‘ یہ عمل گیارہ‘ اکیس‘ یا اکتالیس دن کریں۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ میاں بیوی میں محبت ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے۔

سَلٰمٌ۔ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

ناراض شریک حیات کو منانے کیلئے

(۱) میاں بیوی کی محبت اگر مطلوب ہے تو ہرن کی جھلی یا سفید کاغذ پر مشک و زعفران اور گلاب سے درج ذیل آیت و کلمات لکھے اور طالب اپنے پاس رکھے، اِن شاء اللہ العزیز مطلوب راضی ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْھُمْ مَّوَدَّۃً۔ وَاللّٰہُ قَدِیْرٌ۔ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ٥ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ.

(۲) جس کا شوہر ناراض ہو، وہ اپنے شوہر کو یہ آیت مٹھائی پر دَم کر کے کھلائے، اِن شاء اللہ اس کی ناراضگی دُور ہو جائے گی۔ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ۔ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ وَ

لَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ۔ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّ اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ o

(۳) قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا يَا وَدُوْدُ مغرب کی نماز کے بعد 300 مرتبہ پڑھ کر گڑ پر دَم کر کے مطلوب کو کھلائے، مطلوب (میاں، بیوی) اس کے کھاتے ہی اِن شاء اللہ بے قرار ہو جائے گا۔

یہ ان دو اشخاص کیلئے بھی مفید ہے جو ایک دوسرے کے جان کے دشمن ہوں۔

ایسا عمل جس نے ظالم شوہر کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا

میری بھابھی جو UK میں رہتی ہیں، ان کا مجھے فون آیا اور انہیں جو مسئلہ تھا مجھے بتایا۔ ان کی بہن جو شادی شدہ اور دو بچوں کی ماں بھی ہے اس کا شوہر اُسے طلاق دینے والا تھا۔ وہ بھی UK میں رہتے ہیں۔ میں نے عبقری آفس فون کیا اور وہاں سے مجھے خَتم لَا یُنصَرُوْنَ کا وظیفہ کھلا وضو بے وضو پڑھنے کیلئے بتایا گیا۔ میں نے بھابھی کو یہی عمل بتا دیا۔ انہوں نے مجھے ڈیڑھ ماہ بعد کال کر کے بتایا ان کی بہن کا شوہر اب اس کیلئے نیا گھر بنا رہا ہے۔ یہ ہے خَتم لَا یُنصَرُوْنَ کی طاقت جو واقعی آج کے دور کا ایٹمی روحانی عمل ہے۔

پچاس ہزار درہم کا فلیٹ بالکل مفت! آسان عمل

جادو بندش کے کچھ اثرات کی وجہ سے کاروبار بند ہو گیا اور حالات یہاں تک آ گئے کہ فلیٹ کا کرایہ اور بجلی کا بل ادا نہ ہو سکا، بجلی کٹ گئی۔ بچوں کی فیس کے بھی پیسے نہ تھے۔ عبقری آفس فون کر کے اپنا مسئلہ بتایا، ہمیں دو وظائف بتائے گئے ایک 313 بار صبح و شام سورة القریش اور دوسرا ''دو انمول خزانہ 2''۔ ہمیں ابھی یہ عمل کرتے ہوئے تین دن ہوئے تھے کہ ایک جاننے والے نے اپنا ایک مہنگا فلیٹ ہمیں رہنے کیلئے دے دیا' اس کے تین فلیٹ تھے اور اس ایک فلیٹ کا کرایہ سالانہ 50 ہزار درہم تھا۔ ہم شفٹ ہو گئے اور بغیر کرائے کے اتنے بڑے فلیٹ میں رہنے لگے۔ پھر شوہر کا کام ٹھیک چلنے لگا۔ بس ان وظائف کی برکت سے اللہ نے رحمت کر دی۔ ہمیں پہلے سے تین گنا بڑا فلیٹ ملا اور رزق وافر ملنے لگا۔

فرشتوں کے ذریعے غیبی مدد

میرے پیٹ میں بہت تکلیف رہتی تھی، بیٹھ کر اشاروں سے نماز ادا کرتی۔ شیخ الوظائف دامت برکاتہم سے یا قھار کے

فوائد سنے تھے تو دل میں خیال آیا کہ "یَاقَهَّارُ" پڑھوں، 11 تسبیح عصر کی نماز کے بعد پڑھیں تو حالت اتنی بہتر ہوگئی کہ پھر مغرب کی نماز کھڑے ہوکر ادا کی۔

اگلے دن عبقری آفس فون کیا تو انہوں نے بھی مجھے یہی وظیفہ دیا۔ میں نے دو ماہ میں 25 لاکھ یہ وظیفہ پڑھا' تقریباً 30 لاکھ تک پڑھ چکی ہوں اس کا فائدہ مجھے یہ ملا کہ میری تکلیف مکمل طور پر دُور ہوئی، عبادت میں شوق بڑھ گیا۔ ایک روز خواب میں شیطانی چیزوں کو بہت غصے میں دیکھا وہ کہہ رہے تھے "ہم اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے اس کے ساتھ فرشتوں کی مدد ہے"۔

"خَلَقْنَاكُمْ اَزْوَاجًا" سے چالیس دن میں رشتہ پکا

میری سہیلی نے ایک دن مجھے فون کیا کہ اس کی چھوٹی بہن کا رشتہ چار سال سے نہیں ہو رہا۔ امی ابو بہت پریشان ہیں، کوئی وظیفہ بتاؤ۔ میں نے عبقری آفس فون کیا، درج بالا وظیفہ عشاء کی نماز کے بعد 121 بار اوّل و آخر درود پاک کے ساتھ پڑھنے کے لئے بتایا گیا اور 41 دن یہ عمل کرنے کو کہا گیا۔ میں نے سہیلی کو یہ عمل بتایا، اس کا مجھے 40 ویں دن فون آیا کہ وظیفہ میں ایک دن باقی ہے اور آج رشتے کی ہاں ہوگئی ہے۔ وہی رشتہ جو چار سال پہلے، پہلا رشتہ آیا تھا' وہ دوبارہ آئے اور ہاں ہوگئی۔ آج جب میں یہ خط لکھ رہی ہوں اب اس کا ایک دو ماہ کا بیٹا ہے۔

9 "ک" کا عمل اور تین دن میں بیروزگاری ختم

تین سال پہلے میری بڑی بہن نے بتایا کہ بیٹے نے دو ماہ سے انٹرویو دیا ہوا ہے، کال نہیں آ رہی۔ انہیں سورۃ والضحیٰ کا یَاکَرِیْمُ والا وظیفہ بتایا۔ تین دن میں انہیں کال آ گئی۔ آج وہ وہیں جاب کر رہا ہے، تین سال ہو گئے ہیں۔ عمل کا طریقہ: سورۃ والضحیٰ میں 9 بار لفظ ک آتا ہے، ایک بار یہ سورت پڑھنی ہے اور اس کے ہر ک پر 9 بار یَاکَرِیْمُ پڑھنا ہے اس طرح ایک بار یہ عمل مکمل ہوگا، دن میں وقفے وقفے سے یہ عمل کریں۔ رزق اور برکت کا زبردست عمل ہے۔

پاکستان کی حلوہ پوری' گلے کی خرابی اور سمارٹ ہونے کا نسخہ

جب میں پچھلے سال پاکستان آئی تو اگلے دن بازار کی حلوہ پوری ناشتے میں تھی' بڑی چاہت سے کھائی' کافی عرصہ بعد پاکستانی ناشتہ سامنے آیا تھا' خوب کھائی۔ کھانے سے میرا گلا خراب ہوگیا اور چھ ماہ تک خراب رہا۔ آواز نہیں نکلتی تھی، گلا بہت

درد کرتا تھا۔ تسبیح خانہ پہلی بار آنا ہوا، تھوڑی سی خدمت کی، برتن دھو رہی تھی کہ میں نے کسی کو آواز دی تو پہلی بار بالکل صحیح آواز نکلی۔ گلا ٹھیک ہو چکا تھا جب بیرون ملک تھی تو اسی طرح میرا گلا خراب ہو گیا کچھ بھی کھاتی تو خشک کھانسی شروع ہو جاتی جو کسی بھی دوائی سے نہ جا رہی تھی۔ انہی دنوں میں نے عبقری میگزین میں سمارٹ ہونے کا ایک ٹوٹکہ پڑھا تھا' بنا کر استعمال کرنا شروع کیا' اس سے میری کھانسی بھی ٹھیک ہو گئی جو کئی ماہ سے جاری تھی۔

ھوالشافی: نسخہ: 50 گرام کلونجی پسی ہوئی، 50 گرام اسپغول کا چھلکا، 100 گرام شہد ملا کر استعمال کریں۔

روٹھے ہوؤں کو منانے والا عمل!

میرے شوہر کی بہن یعنی میری نند بھی ہمارے ساتھ ہی رہتی ہے۔ اس کی عادت ہے جلد ہی ناراض ہو جاتی ہے اور دو دو ماہ چُپ رہتی، کمرے میں بند رہتی یا بلاوجہ غصہ کرتی ہے۔ عبقری میگزین میں ایک روحانی نسخہ آیا تھا کہ کھانا پکاتے ہوئے جب دَم دینا ہو تو تین بار سورۃ القریش، ایک بار آیت الکرسی اور گیارہ بار "یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ" پڑھ کر دَم کر دیں۔ میں نے برکت کے لئے اس کے ساتھ سورۃ الکوثر بھی 3 بار پڑھی اور اوّل و آخر درود شریف۔ واقعی گھریلو جھگڑوں کا دَم نکل گیا۔ اس کا ناراض ہونے کا دورانیہ کم ہو کر 8، 10 دن رہ گیا اور کچھ عرصے بعد اس کی ناراضگی نہ ہونے کے برابر رہ گئی۔

دو خاندانوں میں صلح کروا دینے والا بے خطا عمل

سب سے پہلے میں نے عبقری میگزین سے یہی وظیفہ دیکھ کر پڑھنا شروع کیا اور اٹھارہ لاکھ تک پڑھا۔ میرے شوہر میری بہن اور بہنوئی سے ناراض ہیں اور بہنوئی بھی شوہر سے ناراض تھے۔ اس دوران میرے شوہر نے خود ہی کہنا شروع کر دیا کہ ان سے ملاقات کریں اور صلح کر لیتے ہیں۔ **محمد رسول اللہ** کا وظیفہ کثرت سے پڑھنے کی برکت سے صلہ رحمی کی توفیق ملی اور میرے شوہر کی ان سے صلح ہو گئی۔ اس وظیفے کو پڑھنے کے دوران مجھے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت اور بے پناہ عشق نصیب ہوا اور ہر وقت اللہ اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خیال دل میں رہتا اور آنکھوں سے آنسو رواں رہتے' مجھ پر ایسا لطف و کرم ہو رہا تھا وہ سکون اور اطمینان مجھے زندگی میں نہ پہلے کبھی ملا اور نہ بعد میں۔ میں دوبارہ یہ عمل شروع کرنا چاہتی ہوں۔

ایک ہفتے میں قرض سے نجات

جادو وغیرہ کی وجہ سے مالی حالات بہت خراب ہو گئے تھے' سر پر بہت قرض چڑھ چکا تھا۔ میگزین میں سورۃ التکاثر فجر کے

سورہ الم نشرح کا ورد کرنے سے کامیابی ملتی ہے اور بند راستے کھل جاتے ہیں۔

روحانی غسل

لاعلاج اور پیچیدہ بیماریوں میں مبتلا افراد اگر روحانی غسل کریں تو انہیں شفاء مل جاتی ہے۔ جس بھی مقصد کیلئے روحانی غسل کریں، بیماری دُور ہوتی ہے۔ روحانی غسل کا طریقہ یہ ہے: آخری چھ سورتیں مع تسمیہ اول و آخر 3 دفعہ درود شریف کے ساتھ تین مرتبہ پڑھیں اور اسکے بعد بیت الخلاء کی دعا پڑھ کر بایاں پاؤں غسل خانے میں رکھ کر اندر چلے جائیں، سنت کے مطابق غسل کریں، نہاتے وقت مسلسل بیت الخلاء کی دعا دل ہی دل میں پڑھتے رہیں، زبان سے بالکل نہ پڑھیں اور اپنی ہر بیماری اور پریشانی کا تصور کرتے رہیں کہ وہ بھی اس پانی کے ساتھ ڈھل رہی ہیں اور اس کے بعد جب باہر آئیں تو سیدھا پاؤں باہر رکھیں اور پھر اسی ترتیب سے آخری چھ سورتیں پڑھیں جیسے پہلے پڑھیں تھیں۔ بیت الخلاء کی دعا درج ذیل ہے

بِسۡمِ اللهِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡخُبُثِ وَالۡخَبَائِثِ

نوٹ: غسل جنابت کی صورت میں نہانے سے پہلے چھ سورتیں نہ پڑھیں بلکہ نہانے کے بعد جب باہر آجائیں تو بعد میں چھ مرتبہ پڑھ لیں۔

ہر مقصد کے حصول کے لئے مجرب اور مختصر عمل

صبح و شام ایک ایک تسبیح "یَاحَفِیۡظُ یَاسَلَامُ" پڑھتی ہوں۔ میں اس عمل کے دوران حضرت شیخ الوظائف صاحب، ان کی نسلوں، عبقری کی پوری ٹیم، تسبیح خانہ اور اپنے گھر والوں کی نیت کرتی ہوں۔ جب بھی کچھ پکاتی ہوں 21 بار "یَاحَفِیۡظُ یَاسَلَامُ" اور تین بار "اَلسِّنُّ بِالسِّنِ" پڑھ کر دَم کرتی ہوں۔ کھانا بھی لذیذ بنتا ہے اور برکت اتنی ہوتی ہے کہ بچ جاتا ہے۔ اپنی سب چیزوں پر اور گھر کی ہر چیز پر گیارہ بار "یَاحَفِیۡظُ یَاسَلَامُ" پڑھ کر دَم کرتی ہوں۔ سب گھر والے بھی دَم کرتے ہیں۔ اللہ پاک غیب سے حفاظت کا نظام بنا دیتے ہیں۔ میری بہن کی سلائی مشین خراب تھی جو کسی طرح ٹھیک نہیں ہو رہی تھی اس نے گیارہ بار پڑھ کر دَم کیا، الحمدللہ اب پہلے سے بھی بہتر ہوگئی ہے۔ مجھے دوائیاں لیتے ہی ری ایکشن شروع ہو

جاتا ہے۔ اب گیارہ بار ''یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ'' پڑھ کر لیتی ہوں۔ اللہ کا کرم ہے دوائی کا رزلٹ اچھا رہتا ہے، ری ایکشن نہیں کرتی۔ جس چیز کی چوری کا اندیشہ ہو گیارہ بار ''یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ'' پڑھ کر دَم کر دیں، اِن شاء اللہ وہ چیز حفاظت میں رہے گی۔

جناتی چیزیں تنگ کرتی ہیں تو یہ عمل لاجواب ہے!

جناتی چیزیں بہت تنگ کرتی تھیں، شیخ الوظائف کو خط لکھا، جواب میں اذان اَفَحَسِبْتُمْ کا عمل ملا کہ ہر آدھے گھنٹے بعد 7 بار اذان اور 7 بار سورہ مومنون کی آخری چار آیات اَفَحَسِبْتُمْ سے آخر تک پڑھ کر دونوں کندھوں (کانوں کا تصور کر کے) پر دَم کرنا ہے۔ اللہ کا شکر ہے اس عمل سے شیطانی چیزوں سے حفاظت ہوگئی جب بھی شدید سر درد ہو یا جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہو اس عمل سے سکون آجاتا ہے، دل کی بے چینی اور گھبراہٹ کیلئے تو لاجواب چیز ہے۔ کوئی شدید غصے میں ہو یا کہیں لڑائی فساد ہو رہا ہو یا غصہ آ رہا ہو، اذان 7 بار پڑھ کر پھونک مارنے سے لڑائی ختم ہو جاتی ہے، غصہ بھی ختم ہو جاتا ہے۔ جب بچہ بہت رو رہا ہو تو اذان پڑھ کر دَم کرنے سے بچہ چُپ ہو جاتا ہے۔

یہ آیت پڑھیں اور مرادیں فوراً پوری

اس آیت رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ کی برکات میں نے شیخ الوظائف کی روحانی محفل میں سنیں۔ لاجواب آیت ہے، رزق میں برکت ہوتی ہے، اللہ پاک ایسے وسائل پیدا فرماتا ہے جو کہ وہم و گمان میں بھی نہیں ہوتے۔

ہمیں گھر کے کام میں مدد کیلئے خادمہ نہیں مل رہی تھی صرف گیارہ بار اس آیت کو پڑھ کر دعا کی، اللہ پاک نے اسی دن خادمہ کا انتظام کر دیا۔

گیارہ بار پڑھو آسمان کی طرف دیکھو اور جو مانگو ملے گا!

اس آیت کو گیارہ بار پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مار کر اللہ کریم سے جو مانگیں، ملتا ہے۔ خاص کر اگر افطار کے وقت پڑھی جائے تو میں نے بارہا آزمایا ہے جب بھی یہ آیت پڑھی ہے اور اللہ سے جو چیز مانگیں، مل کر رہتی، جلد یا دیر سے پر ملتی ضرور ہے۔ آیت یہ ہے:۔

(اگلے صفحے پر)

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَاۤ اَنۡزِلۡ عَلَیۡنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوۡنُ لَنَا عِیۡدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنۡکَ ۚ وَارۡزُقۡنَا وَاَنۡتَ خَیۡرُ الرّٰزِقِیۡنَ (مائدہ ۱۱۴)

جادو جنات اور بیماریوں سے نجات کا لاہوتی عمل

صبح و شام گیارہ تسبیحات "یَا قَھَّارُ" پڑھنا ہے اور اس عمل کے دوران کسی تھال میں پانی لے کر اس میں پاؤں کو ڈبونا ہے۔ وقت اور جگہ روزانہ ایک ہو تو فائدہ زیادہ ہوتا ہے ورنہ ہر حال میں فائدہ ہی فائدہ ہے۔ جب سے عمل شروع کیا جناتی چیزوں کے واران پر واپس پلٹ گئے ہیں۔ سردیوں میں میرے پاؤں گلنے لگ گئے تھے تو میں نے یہ وظیفہ چھوڑ دیا، جنات کے حملے اپنی پوری طاقت کے ساتھ پھر سے شروع ہو گئے۔ دوبارہ عمل شروع کیا تو سکون نصیب ہوا۔ یہ عمل میں نے اپنی ٹیچر کو بتایا جن سے میں پڑھتی تھی' ان کے پیر سوجھ کر اتنے موٹے ہو گئے تھے کہ چلنے سے بھی قاصر تھیں، جب انہوں نے یہ عمل شروع کیا پہلے تو بہت تکلیف بڑھ گئی۔ انہوں نے مستقل مزاجی سے عمل کیا' اب چلنے کے قابل ہو گئی ہیں۔ ان کے بھائیوں کا رویہ ان سے بہت خراب تھا اب وہ بھی ٹھیک ہو گئے ہیں۔ اب الحمدللہ ان کی زندگی میں سکون ہے۔

تھال میں پاؤں رکھ کر کرنے والا عمل درج ذیل ہے:۔ کچا برتن' پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھر لیں۔ چارپائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبو لیں۔ اگر گرمی ہے تو پانی تازہ ہو اور اگر سردی ہو تو پانی ہلکا گرم کر لیں' اس عمل کے لئے پانی میں پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے۔ باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یَا قَھَّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے' جس گناہ سے' جس عیب سے' جس بدکاری سے' یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔ اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ بس یہ پڑھنا شروع کر دیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو' قبلہ رخ بیٹھ کر' پانی روز بدلنا ہے' اس پانی کو کسی کیاری وغیرہ میں گرا دیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے' گیارہ دن' اکیس دن' اکہتر دن' اکیانوے دن یہ عمل کریں۔ صبح و شام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہو گا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔

پتھر دلوں کو موم کر دینے والا عمل

اوّل و آخر تین تین بار درود شریف بسم اللہ کے ساتھ ایک بار سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھ کر جس سے بھی کوئی کام

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ (مائدہ۱۱۴)

جادو جنات اور بیماریوں سے نجات کا لاہوتی عمل

صبح وشام گیارہ تسبیحات ”یاقَہَّارُ“ پڑھنا ہے اور اس عمل کے دوران کسی تھال میں پانی لے کر اس میں پاؤں کو ڈبونا ہے۔ وقت اور جگہ روزانہ ایک ہو تو فائدہ زیادہ ہوتا ہے ورنہ ہر حال میں فائدہ ہی فائدہ ہے۔ جب سے عمل شروع کیا جناتی چیزوں کے واران پر واپس پلٹ گئے ہیں۔ سردیوں میں میرے پاؤں گلنے لگ گئے تھے تو میں نے یہ وظیفہ چھوڑ دیا، جنات کے حملے اپنی پوری طاقت کے ساتھ پھر سے شروع ہو گئے۔ دوبارہ عمل شروع کیا تو سکون نصیب ہوا۔ یہ عمل میں نے اپنی ٹیچر کو بتایا جن سے میں پڑھتی تھی، ان کے پیر سوجھ کر اتنے موٹے ہو گئے تھے کہ چلنے سے بھی قاصر تھیں، جب انہوں نے یہ عمل شروع کیا پہلے تو بہت تکلیف بڑھ گئی۔ انہوں نے مستقل مزاجی سے عمل کیا، اب چلنے کے قابل ہو گئی ہیں۔ ان کے بھائیوں کا رویہ ان سے بہت خراب تھا اب وہ بھی ٹھیک ہو گئے ہیں۔ اب الحمدللہ ان کی زندگی میں سکون ہے۔

تھال میں پاؤں رکھ کر کرنے والا عمل درج ذیل ہے:۔ کچا برتن، پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھر لیں۔ چارپائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبو لیں۔ اگر گرمی ہے تو پانی تازہ ہو اور اگر سردی ہو تو پانی ہلکا گرم کر لیں، اس عمل کے لئے پانی میں پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے۔ باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یَاقَہَّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے، جس گناہ سے، جس عیب سے، جس بدکاری سے، یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔ اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ بس یہ پڑھنا شروع کر دیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو، قبلہ رخ بیٹھ کر، پانی روز بدلنا ہے، اس پانی کو کسی کیاری وغیرہ میں گرا دیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے، گیارہ دن، اکیس دن، اکہتر دن، اکیانوے دن یہ عمل کریں۔ صبح وشام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہو گا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔

پتھر دلوں کو موم کر دینے والا عمل

اوّل وآخر تین تین بار درود شریف بسم اللہ کے ساتھ ایک بار سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھ کر جس سے بھی کوئی کام

ہو اس کی روح کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلے سے ہدیہ کر دیا جائے تو کام ہو جاتا ہے۔ میرے والد صاحب بچپن سے ہی مجھ سے چڑتے تھے، بات بات پر گالیاں دینا، غصہ کرنا یہ ان کی عادت تھی۔ میں نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا۔ 41 بار کا ایک نصاب پڑھ کر اپنے والد کی روح کو ہدیہ کیا۔ سورۃ الفاتحہ ایک بار، سورۃ الاخلاص تین بار، درود شریف اوّل و آخر تین تین بار، یہ ایک بار ہوا، 41 مرتبہ ایسے ہی پڑھنا ہے پھر یہ ایک نصاب ہوگا۔ جب میں نے ہدیہ کیا۔ اگلی صبح میرے والد صاحب نے خود مجھے بلایا، پیار سے بات کی اور میری ضروریات کا خیال رکھنا شروع کیا جب بھی میرا دل بہت اداس ہو، میں یہ عمل تین بار کر کے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، اصحابِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، اہلِ بیتؓ، آلِ رسولؓ، پوری اُمتِ محمدیہ کو ہدیہ کرتی ہوں۔ میرے دل کو عجیب سکون اور تسکین حاصل ہوتی ہے۔

زکام کا یقینی علاج

مجھے جب بھی زکام لگتا ہے تو ایک ہی سانس میں گیارہ بار یَاقَابِضُ پڑھ کر ناک پر دَم کرتی ہوں۔ زکام کافی حد تک رُک جاتا ہے۔ یہ بھی میرے یقین کی کمی ہے ورنہ یقیناً مکمل آرام آجائے۔ جسم میں کہیں درد ہو گیارہ بار ”یَاقَابِضُ“ پڑھنے سے آرام آجاتا ہے۔

محتاجی دور کرنے کا ٹوٹکہ

ایک وقت تھا کہ حالات اتنے خراب تھے کہ ہم کوڑی کوڑی کے محتاج تھے۔ کچھ بھی لینا ہوتا تو پہلے والد صاحب کی باتیں سنو پھر بھی کبھی پیسے ملتے تھے کبھی نہیں۔ اپنی ہر ضرورت کیلئے سب گھر والوں کی محتاج تھی جب سے بھائی نے برکت والی تھیلی اور روحانی عطر لا کر دیئے، میں تھیلی میں ہی پیسے رکھتی ہوں۔ صبح و شام 129 بار سورۃ الکوثر پڑھ کر دَم کرتی ہوں اور عطر لگاتی ہوں۔ یقین جانیں اب مجھ سے لوگ اُدھار پیسے مانگتے ہیں۔ اللہ ہی جانے وہ اتنے کم پیسوں میں اتنی برکت کیسے آجاتی ہے کہ میری سب ضرورتیں انہی سے پوری ہو جاتی ہیں۔ الحمدللہ!

گھنے لمبے اور سلکی بال! میرا آزمودہ روحانی و طبی ٹوٹکہ

بال بہت گرتے ہوں یا کنگھی کرتے ہوئے اٹکتے ہوں، اوّل و آخر تین بار درود شریف اور ایک بار سورۃ الناس پڑھ کر کنگھی پر دَم کریں۔ بال ٹوٹیں گے بھی کم اور آرام سے کنگھی ہو جائے گی۔ میرے بال بہت پتلے اور چھوٹے ہو گئے تھے

اس کیلئے میں نے بیر کے پتوں کو گرینڈ کر کے اس کے اوپر جو جھاگ آتی ہے اس کو ململ کے کپڑے سے چھان لیا (اگر جھاگ کو چھانا نہ جائے تو پتے بھی آجاتے ہیں جن سے خشکی ہو جاتی ہے) اور اس جھاگ کو تیل میں مکس کر کے رکھ لیا۔ نہانے کے بعد یہ تیل استعمال کرنے سے میرے بال کافی لمبے ہو گئے ہیں۔ پلکوں پر لگانے سے پلکیں بھی لمبی ہو جاتی ہیں۔

پیلے ناخن سفید بنائیے!

اکثر ناخن بہت پیلے پڑ جاتے ہیں۔ کولگیٹ ٹوتھ پیسٹ لے کر پرانے ٹوتھ برش سے ناخنوں کو برش کریں، ناخن سفید ہو جاتے ہیں۔

پیلے دانت ’موتیوں کی طرح سفید

پیلے دانتوں کیلئے سہاگہ لے کر اس کو باریک پیس لیں، برش یا مسواک کی مدد سے دانتوں پر ملیں، دانت موتیوں کی طرح صاف ہو جائیں گے۔

چہرہ صاف شفاف ’بیسن کا کرشمہ

جن لوگوں کو بہت ایکنی پرابلم ہو، وہ صبح بیسن کے ساتھ منہ دھوئیں۔ مسئلہ حل ہو جاتا ہے اس کے علاوہ دہی چہرے پر لگانے سے بھی کافی آرام آتا ہے۔

21 دن میں موٹاپا غائب! بس یہ قہوہ پی لیں

میرا وزن 51 کلو سے 74 کلو تک بڑھ گیا۔ بہت واک کی، یوگا ایکسرسائز کیں، رسی کودی مگر صرف دو کلو وزن کم ہوا۔ عبقری میں ’’21 دن میں موٹاپا غائب‘‘ کے نام سے تحریر پڑھی، قہوہ پینا تھا۔ میں نے فوراً یہ سب چیزیں منگوائیں اور قہوہ پینا شروع کر دیا۔ ایک تو تھا ماہِ رمضان پھر ساتھ ہی قہوہ، یوگا اور واک صرف 19 دن میں میں خود کو پہچان بھی نہیں پا رہی تھی، میرا وزن 52 کلو رہ گیا تھا۔

عناب 5 دانے، منقیٰ 5 دانے، لونگ 5 دانے، دارچینی 2 بڑے ٹکڑے ان سب کو دو کپ پانی میں اُبال لینا ہے جب ایک کپ پانی رہ جائے اُتار کر چھان لیں۔ منقیٰ کے بیج نکال کر کھا لیں اور قہوے میں ایک بڑے سائز کا لیموں نچوڑ کر نیم گرم پی

لیں۔ 21 دنوں میں موٹاپا ختم ہوجائے گا۔ احتیاط: اس دوران چاول نہیں کھانے۔

میرا موٹاپا ختم ہوچکا ہے اب میں 40 منٹ واک کرتی ہوں اور 30 منٹ یوگا تاکہ فٹنس برقرار رہے۔

موبائل یا کسی چیز پر کہف قطمیر لکھنے سے چوری سے حفاظت ہوتی ہے۔

بریانی بنانے سے پہلے یہ ٹوٹکہ پڑھ لیں!

بریانی بناتے ہوئے جب دَم لگائیں ایک چمچ دیسی گھی کا اوپری تہہ پر ڈال دیں، چاول چپکیں گے نہیں۔

روحانی بیڈٹی کے عمل سے سارا دن ذہن برے خیالات سے پاک صاف رہتا ہے‘ جس دن یہ عمل کرلیں کسی کام میں رکاوٹ نہیں آتی اور جسم ہلکا پھلکا رہتا ہے‘ لوگوں میں عزت اور وقار ملتا ہے۔ روحانی بیڈٹی کا طریقہ یہ ہے جب صبح نیند سے آنکھ کھلے تو لیٹے لیٹے ہی اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

ایک تسبیح پڑھیں! خوبصورت اور دلکش چہرہ پائیں

ہرنماز کے بعد ایک تسبیح ”یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُ یَاجَمِیۡلُ“ پڑھنے سے چہرہ خوبصورت اور پُرکشش ہوجاتا ہے۔ میں نے خود بھی کیا اور کئی لوگوں کو بتایا جس نے بھی یہ عمل کیا اس کی خوبصورتی میں بے حد اضافہ ہوا۔

سوجی کا حلوہ!

سوجی کا حلوہ بناتے وقت گھی ڈالے بغیر سوجی کو بُھون لیا جائے، بعد میں گھی ڈالیں تو سوجی کا رنگ خوبصورت آتا ہے۔

چلو بھر پانی کمر‘ شانے پر ملنے سے پوشیدہ مرض ختم

وضو کے 3 گھونٹ پانی کے کمالات کیلئے ایک کتاب بن سکتی ہے۔ مجھے غصہ بہت آتا تھا لیکن وضو کے تین گھونٹ پینے سے بہت پرسکون رہتا ہوں۔ بند ناک کھولنے کیلئے بے مثال ہے۔ لیکوریا کے مسئلے کیلئے تین گھونٹ پی کر چوتھا گھونٹ کمر اور شانے پر ملنے سے لیکوریا ختم ہوجاتا ہے۔ جسم میں جہاں درد ہو وہاں وضو کے تین گھونٹ پی کر تھوڑا پانی لگائیں درد ختم ہوجاتا ہے۔ آزمودہ ہے جس کو بھی بتایا، فائدہ ہوا۔

لاعلاج بیماریوں سے شفاء یابی کیلئے مجرب عملیات

(خالد شاہ' آزاد کشمیر)

41 مرتبہ سورۃ الرحمٰن، 41 بار سورۃ التغابن اوّل و آخر درود شریف پانی پر دَم کر کے (باش کا پانی ہو تو زیادہ بہتر ہے) کسی ایسے برتن میں رکھ لیں کہ کھانے پینے، پکانے، آٹا گوندھنے کیلئے یہی پانی استعمال ہو سکے۔ لاعلاج بیماریوں کیلئے بہترین عمل ہے۔

بارش کے پانی پر اوّل و آخر 70 بار درود شریف، 70 بار سورۃ الفاتحہ، 70 بار آیت الکرسی، 70 بار آیتِ کریمہ، 70 بار چاروں قل دَم کر کے پینے کیلئے استعمال کریں۔ بیماریوں سے شفاء کیلئے خاص تحفہ ہے۔

سورۃ المومنون کی آخری چار آیات بیماریوں سے شفاء کیلئے کامل اکسیر کی حیثیت رکھتی ہیں۔ مریض خود پڑھے یا پڑھ کر مریض کے کان میں دَم کریں۔

جادو، جنات، شیاطین' آسیب کے خاتمہ اور ہمیشہ کے لئے نجات

بِسۡمِ اللّٰہِ مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

یہ ایک قرآنی ہتھیار ہے جو جنات، شیاطین' جادو اور نظر بد کے خاتمہ کیلئے انتہائی کارآمد ہے۔ آئینہ دیکھ کر یہ ورد کرنے سے بیماریاں دُور ہوتی ہیں اور طویل عرصہ تک پڑھنے سے اپنے اندر کا عکس نظر آنا شروع ہو جاتا ہے۔

ان آیات میں رزق' صحت' دولت اور طاقت کا خزانہ ہے!

"اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِكَ مِنَ الۡخُبُثِ وَالۡخَبَائِثُ"

جن لوگوں پر شیاطین اور جنات کے اثرات ہوں، وہ درج بالا دعا اُٹھتے بیٹھتے ہر حالت میں کثرت سے پڑھیں۔ جنات اور شیاطین کی نظرِ بد اور شیطانی وار سے حفاظت اور خاتمہ ہوتا ہے۔

سورۃ المومنون کی آخری چار آیات 7 مرتبہ اور 7 مرتبہ اذان پڑھیں اور متاثرہ شخص کے کانوں میں دم کریں۔ ان آیات میں رزق، دولت، صحت اور طاقت کا خزانہ ہے۔ ہر طرح کے شیطان، جنات اور جادو کے توڑ کیلئے بہت کارآمد ہے۔

اس کے علاوہ کھلے برتن میں پانی میں پاؤں ڈبو کر گیارہ تسبیح ”یَاقَھَّارُ“ اوّل و آخر درود شریف، جنات اور شیاطین سے نجات کیلئے نہایت ہی خاص عمل ہے۔

پرانے کپڑوں پر دَم کریں، تین راتیں پہنیں! جنات، آسیب، جادو ختم!

40بار آیت الکرسی، 40بار سورۃ الفاتحہ، 40بار آیتِ کریمہ پرانے کپڑوں پر دَم کر کے تین راتیں پہنیں۔ ہر رات کے بعد صبح اُتار دیں۔ تیسرے دن کے بعد کپڑے جلا کر راکھ دریا میں پھینک دیں یا پانی میں گھول کر قبرستان میں پھینک دیں۔ جنات، آسیب اور جادو کے خاتمے کیلئے یہ نہایت ہی خاص عمل ہے۔

جن خواتین کو جنات ناپاک کر دیتے ہوں! ضرور پڑھیں

جن خواتین کو جنات ناپاک کر دیتے ہوں، مختلف شرارتوں سے تنگ کرتے ہوں وہ 101 بار آیت الکرسی اوّل و آخر درود شریف شہد پر دَم کر کے نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ درود شریف شہد پر دَم کر کے نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ بیت الخلاء کی دعا کثرت سے پڑھیں۔ اگر بیت الخلاء کی دعا کا ایک سوا لاکھ کا نصاب مکمل کر لیں تو بہت بہتر ہے۔ سورۂ بقرہ کی ریکارڈنگ کثرت سے گھر میں لگائیں اس عمل سے بعض اوقات موبائل یا جس چیز میں ریکارڈنگ لگی ہو، اس میں خرابی بھی آجاتی ہے اس سے پریشان نہیں ہونا۔ یہ جنات اور شیاطین کو بھگانے اور جلانے کیلئے طاقتور ترین عمل ہے۔ گھر میں باآوازِ بلند کثرت سے سلام کی عادت ڈالیں یہاں تک کہ تنہائی میں بھی جس گھر میں سلام کثرت سے کیا جاتا ہے، جنات اور شیاطین کہتے ہیں کہ ہمیں اس گھر میں رہنا ہی نہیں ہے۔

جادو اور ہر طرح کی بندش کیلئے

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ كَھْفَ قِطْمِيْرُ

یہ ہر طرح کے جادو کے توڑ کیلئے زبردست قرآنی الفاظ ہیں۔ جادو کی صورت میں ان کلمات کا ورد کثرت سے کرنا چاہیے۔

دل کے بند والو، فالج، گردے اور پتے کی پتھری کیلئے مفید

سورۃ الم نشرح کا کثرت سے ورد، ہر قسم کی بندش کاروبار، رشتوں کی بندش، اولاد کی بندش، جنات و شیاطین اور جادو کے

توڑ کیلئے بہت کارآمد ہے۔ دل کے بند والو، فالج، گردے یا پتے کی پتھری کیلئے بھی بہت مفید ہے۔

نظر بد کیلئے

بیری کے 40 پتے لیں اور ہر پتے پر تین بار کلمہ طیبہ پڑھ کر اتنے پانی میں اُبالیں جتنے پانی سے نہانا ہو۔ جب پانی نارمل ہو جائے تو نہالیں۔ جنات، شیاطین اور انسانوں کی نظرِ بد کے خاتمہ کیلئے مؤثر وظیفہ ہے۔ یہ عمل 11 یا 40 مرتبہ کریں۔

نظر بد کے لئے ایک اور عمل بہت طاقتور ہے: 21 کالی مرچیں لیں، ہر مرچ پر 11 بار سورۃ الکافرون اوّل و آخر درود شریف دَم کر کے مریض کا تصور کر کے ایک ایک کر کے ہر مرچ کو آگ میں ڈالتے جائیں۔ 11، 21 یا 40 دن تک۔

ہر قسم کی رکاوٹیں دُور کرنے کیلئے

"یَاوَاسِعُ یَافَتَّاحُ" کا کثرت سے ورد کریں۔

من کی مرادیں پانے کے لئے مجرب اعمال

تین دن کا خاص عمل

12 رکعت نفل، ہر دو نفل کے بعد ایک ہزار مرتبہ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ یہ عمل تین دن تک دہرائیں۔ ہر مشکل سو فیصد حل، ہر مراد اور ہر خواہش پوری ہوگی۔ یہ عمل ناممکن کو بھی ممکن بنا دیتا ہے۔

چار رکعت نفل نماز حاجت

پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ الاخلاص 11 مرتبہ پڑھیں۔ دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ الاخلاص 21 مرتبہ پڑھیں۔ تیسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ الاخلاص 31 بار، چوتھی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۃ الاخلاص 41 بار۔ نماز کے بعد سلام پھیر کر سورۃ الاخلاص 51 بار، درود شریف 51 بار، پھر سجدے میں جا کر 100 بار "اللہ یا اللہ" کہیں پھر سجدے سے سر اُٹھا کر اللہ سے اپنی حاجت طلب کریں لیکن جائز مراد ہو، کسی کا حق چھیننے یا پھر کسی کو نقصان پہنچانے کا مقصد نہ ہو۔ ان شاء اللہ مراد پوری ہوگی۔



دو رکعت نفل حاجات

پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ایک بار آیت الکرسی 45 مرتبہ ”حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ“ اور سجدہ میں 40 بار آیتِ کریمہ، اسی طرح دوسری رکعت مکمل کریں۔ ایک تسبیح ”یَامَالِكُ الْمُلْكِ يَاذُوالْجَلَالِ وَالْإِكْرَام“۔

کائنات کو مسخر کرنے والا عمل

100 رکعت نفل ایک ہی دن میں اسی ترتیب سے پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۃ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورۃ الفیل کی تلاوت کریں۔ ان نوافل کے ساتھ یہ ممکن نہیں کہ حاجت رد ہو جائے۔

دیدار مصطفیٰ ﷺ، روحانی ترقی اور رزق میں برکت کا عمل

شبِ جمعہ یعنی جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نفل برائے دیدارِ مصطفی ﷺ ادا کریں۔ پہلی رکعت میں آیت الکرسی 11 مرتبہ، دوسری رکعت میں سورۃ الاخلاص 11 مرتبہ پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد درود شریف پڑھتے ہوئے سو جائیں۔ فضیلت کے اعتبار سے یہ افضل ترین نوافل ہیں۔ حضرت شیخ الوظائف دامت برکاتہم ان نوافل کی بہت زیادہ تاکید فرماتے ہیں۔ ان نوافل سے خیر و برکتیں، راحتیں، کامیابیاں اور رزق میں برکت ملتی ہے۔

حاجات کیلئے عمل و وظائف

فجر کے وقت اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ سورۃ الفاتحہ 39 بار مکمل پڑھیں پھر 40 ویں بار ”اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ“ تک پڑھ کر سارا دن ”اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ“ کثرت سے پڑھیں۔ عشاء کی نماز کے بعد سورۃ الفاتحہ مکمل کریں اور اپنی حاجت کیلئے دعا کریں۔

صبح و شام 41 مرتبہ سورۃ والضحیٰ اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں، حاجت کیلئے بہترین ہے۔

سورۃ والضحیٰ میں 9 بار لفظ ک آتا ہے۔ ہر فرض نماز کے بعد یہ سورۃ کم از کم تین مرتبہ اس طرح پڑھیں کہ ہر ک پر 9 بار ”یَا کَرِیْمُ“ پڑھیں، اوّل و آخر درود شریف۔ یہ ایک ایسا عمل ہے کہ کسی سے سوال نہیں کرنا پڑتا اور حاجات خود بخود پوری ہو جاتی ہیں۔

تنگدستی سے نجات کے لئے "وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی" کثرت سے پڑھیں۔ انتہائی فضیلت اور اہمیت کا حامل عمل ہے۔

"رَبَّنَا اغْفِرْلِی وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ" ہر فرض نماز کے بعد 27 بار پڑھیں ان شاء اللہ معاشی مسائل کا خاتمہ ہوگا۔

"یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ سَبِّبْ لِیْ اَلْخَیْرِ" ہر روز عشاء کی نماز کے بعد 700 بار پڑھیں۔ اس عمل سے اللہ رب العزت غیب سے ہر کام کیلئے خود بخود ایسی آسانیاں اور اسباب پیدا کر دیتا ہے جو وہم و گمان میں بھی نہ ہوں۔

جمعہ کے روز عصر کی نماز سے لے کر مغرب کی اذان تک آیت الکرسی کا ورد تسمیہ کے ساتھ اور اوّل و آخر درود شریف۔ اذان کے آغاز سے ہی سجدے میں جا کر حاجت اور مشکل کیلئے دعا کریں، نہایت ہی مجرب عمل ہے۔ تجربہ اور مشاہدہ کے مطابق اس عمل سے کوئی حاجت رد نہیں ہوئی۔ (جائے نماز سے نہیں اُٹھنا، وضو ٹوٹنے پر دوبارہ وضو کر کے جائے نماز پر ہی بیٹھیں)

عصر کی نماز کے بعد روزانہ 70 مرتبہ آیت الکرسی کا ورد کر لیں، حاجت کیلئے مفید عمل ہے۔

رزق کی کثرت اور خیر و برکت کیلئے

جمعہ کے روز جمعہ کی نماز کے بعد کسی کاغذ پر 35 بار محمد رسول اللہ احمد رسول اللہ لکھ کر جیب میں یا پرس میں رکھیں۔ یہ عمل زندگی میں صرف ایک بار اپنے لیے لکھنا ہے مزید خیر و برکت اور فضائل کیلئے دوسروں کو لکھ کر ہدیہ کریں۔ فجر کے وقت یا دن کے آغاز کے وقت اس کاغذ کو کھول کر درود شریف پڑھتے ہوئے دیکھیں۔ جادو و جنات، بندشوں اور بیماریوں کے توڑ کیلئے مفید عمل ہے۔

کاروبار کی ترقی کا راز:

کاروبار زوال پذیر ہو تو اس کی ترقی کیلئے سورۃ النصر فجر کے بعد 21 بار، ظہر کے بعد 22 بار، عصر کے بعد 23 بار، مغرب کے بعد 24 بار اور عشاء کے بعد 25 بار اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ اس عمل سے کچھ عرصے میں ہی کاروبار

میں ترقی اور بہتری آنا شروع ہو جاتی ہے۔

ہر فرض نماز کے بعد سورۃ قریش گیارہ مرتبہ اوّل و آخر درود شریف پڑھنا رزق میں کثرت کا باعث ہے۔

سورۃ توبہ کی آخری دو آیات اور سورۃ المومنون کی آخری چار آیات کی کثرت سے تلاوت کرنا غیب سے رزق کے خزانے کھلوا دیتا ہے' فراخی رزق کے لئے بہت مجرب عمل ہے۔

رَبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ کا کثرت سے ورد رزق کی کثرت اور فراوانی کیلئے انتہائی فضیلت والی آیت ہے۔ یہ بہترین استغفار (گناہوں سے بخشش اور مغفرت کیلئے) بھی ہے۔

دولت مند بننے کے راز

اَللّٰهُمَّ اكۡفِنِىۡ بِحَلَالِكَ عَنۡ حَرَامِكَ وَاَغۡنِنِىۡ بِفَضۡلِكَ عَمَّنۡ سِوَاكَ

اس دعا میں دولت مند بننے کا راز ہے۔

يَا وَدُوۡدُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ اِنَّكَ رَحِيۡمُ الۡوَدُوۡد یہ ورد کثرت سے پڑھنے والا مالا مال اور غنی ہو جاتا ہے۔

گھر میں داخل ہوتے وقت سلام کے ساتھ سورۃ الاخلاص اور درود شریف کی تلاوت (آہستہ آواز میں) کرنا غیب سے رزق کے دروازے کھول دیتا ہے۔

سورۃ الکوثر کی کثرت سے تلاوت' رزق میں فراوانی اور اضافے کا سبب بنتی ہے۔

129 بار سورۃ الکوثر کا خاص عمل صبح و شام اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ پرس یا پیسوں والی تھیلی یا جیب پر دم کرنے سے کبھی تنگدستی نہیں آتی۔ غیب سے اللہ تعالیٰ سبب بنا تا رہتا ہے۔

قرض کی ادائیگی کیلئے

قرآنِ کریم کی آخری 6 سورتیں رات کو سوتے وقت 7 بار پڑھیں، اوّل و آخر درود شریف۔

کفایت، کفالت، برکت، حفاظت والا عمل

کسی سفر پر جانا ہو، کوئی مشکل کام ہو، کامیابی، حفاظت اور برکت کیلئے 6 بسم اللہ پانچ سورتوں کا ساتھ لیں، غیبی نظام

آپ کے ساتھ ہوگا اور اللہ کی مدد آپ کے ساتھ ہوگی۔ عمل کا طریقہ یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ مکمل پڑھیں پھر سُوْرَۃُ الْکَافِرُوْن، پھر بِسْمِ اللّٰہِ مکمل پڑھیں پھر سُوْرَۃ النصر، پھر بِسْمِ اللّٰہِ مکمل پڑھیں پھر سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص، پھر بِسْمِ اللّٰہِ مکمل پڑھیں پھر سُوْرَۃُ الْفَلَق، پھر بِسْمِ اللّٰہِ مکمل پڑھیں پھر سُوْرَۃُ النَّاس، پھر آخر میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ آخر اس طرح یہ 6 بار بسم اللہ اور پانچ سورتیں ہوں گی۔

پارہ نمبر 30، سورۃ الانشقاق، آیت 4،5

وَ اَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَ تَخَلَّتْ۔ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ۔ کاروبار میں دھوکہ دہی سے رقم ڈوبنے، جائیداد کی خرید و فروخت میں رقم کے ڈوبنے، کسی کو دیا ہوا قرض نہ ملتا ہو، گھر یا جائیداد پر کسی نے ناجائز قبضہ کرلیا ہو تو یہ آیت کثرت سے تلاوت کریں، جلد ہی اِن شاء اللہ! اللہ کے فضل و کرم سے رقم کی واپسی اور جائیداد پر قبضہ ختم ہوجائے گا۔

عصر کی نماز کے بعد روزانہ 70 مرتبہ آیت الکرسی کا ورد کرلیں، ہر حاجت کیلئے نہایت مفید عمل ہے۔

عصر کی نماز کے بعد سات مرتبہ آیت الکرسی اوّل و آخر درود شریف پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ 7 آسمانوں کا نور عطا فرماتا ہے۔

عصر کی نماز کے بعد سانس روک کر لَا یُجَلِّیْهَا لِوَقْتِهَا اِلَّا هُوَ۔ (پارہ 9، سورۃ الاعراف، آیت 187) پڑھنے سے معرفت اور روحانیت کے دروازے کھلتے ہیں۔

اِنَّ لَکَ فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا گیارہ مرتبہ صبح و شام پڑھنے سے رزق میں اور اعمال میں خیر و برکت ہوتی ہے اس آیت کو سورۃ المزمل کا دل کہا گیا ہے۔

بے گھر افراد اپنے خوابوں کا گھر بنائیں

فجر کے وقت ایک بار سورۃ الفاتحہ اس طرح پڑھیں کہ جب ''اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن'' پر پہنچیں تو اس کی 313 مرتبہ تکرار کریں پھر سورۃ مکمل کریں، اوّل و آخر درود شریف اور پھر سارا دن آمین پڑھتے رہیں۔ (یاد رہے فاتحہ کے بعد آمین لازمی کہیں) آمین بذاتِ خود اسم اعظم ہے۔

وضو کے دوران یہ دعا "اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ، وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ، وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ۔" پڑھنے والے کو بہت جلد اللہ تعالیٰ کشادہ گھر عطا فرماتا ہے۔ یہ دعا مسنون دعاؤں میں سے ایک دعا ہے۔

کرایہ دار جلد گھر خالی کر جاتے ہوں، ٹکتے نہ ہوں اس کے تدارک کیلئے یَامَتِیْنُ کا ورد کثرت سے کریں اور سَلٰمٌ ۚ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ مقصد کا تصور کر کے تمام دن کثرت سے ورد کریں۔

اولاد کیلئے انگوٹھی پر یہ دعا لکھ کر پہن لیں!

سورۃ الکوثر کی کثرت سے تلاوت بیٹوں اور دولت کی کثرت کیلئے انتہائی خاص اہمیت کی حامل ہے۔ جب کفارِ مکہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بیٹا نہ ہونے کے طعنے دیے تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی دل جوئی کیلئے یہ سورۃ نازل فرمائی۔

حضرت زکریا علیہ السلام کی یہ دعا رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ کو انگوٹھی پر لکھوا کر پہنیں اور ہر نماز کے بعد اس دعا کی ایک تسبیح کریں، اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اولادِ نرینہ عطا فرمائے گا۔

یَاوَارِثُ یَانَصِیْرُ کا کثرت سے ورد کریں، ایک کلو چاول لے کر اس میں سے ایک مٹھی چاول نکال کر ہر چاول کے دانے پر اللہ الصمد پڑھیں، پھر انہیں واپس دوسرے چاولوں میں ملا کر دریا، جھیل، نہر یا سمندر جہاں مچھلیاں ہوں ڈال دیں۔

سورۃ المومنون کی آخری آیت رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ کا کثرت سے ورد کریں، صلوٰۃ التسبیح اور دو رکعت نفل کا باقاعدہ اہتمام رکھیں۔

بیٹوں اور بیٹیوں کے رشتوں اور سنہرے مقدر کیلئے!

سبز رنگ کے کاغذ پر سورۃ طٰہٰ بغیر زیر زبر لکھیں (جس بچی کا رشتہ مقصود ہو اس سے لکھوائیں تو زیادہ بہتر ہے) اس کاغذ کو لڑکی کے پاک دُھلے ہوئے دوپٹے یا کپڑوں میں رکھ کر الماری میں رکھ دیں اور "یَاوَاسِعُ یَافَتَّاحُ یَاکَرِیْمُ" کا کثرت سے ورد کریں، نماز کے بعد دعاؤں میں اس ورد کے وسیلے سے بچی کیلئے اچھے رشتے اور اچھے نصیب کیلئے دعا کریں۔ جن بچیوں کے رشتے مطلوب ہوں، والدین ان بچیوں سے قرآنِ کریم کے جزدان (غلاف) مبارک سلوائیں۔ یہ عمل اپنی حیثیت اور اپنی استطاعت کے مطابق کریں۔ جزدان (غلاف) کیلئے کپڑے کا مہنگا یا سستا ہونا شرط نہیں ہے۔ جمعہ کے روز یہ عمل کرنا افضل

ہے۔ ہر جمعہ کو نہ صحیح مہینہ میں ایک دو مرتبہ کرلیں۔ باوضو ہو کر درود شریف کے ساتھ بچیاں اس تصور اور مقصد کی نیت کے ساتھ کہ ہمیں نیک، صالح، پرہیزگار اور کامیاب شریکِ حیات اور خیر و برکت اور عزت والا سسرال نصیب ہو اور ہمیں شادی شدہ زندگی میں اوّل و آخر تک خیر و برکتیں راحتیں، اتفاق و محبت اور سنہرے مقدر نصیب ہوں۔ کثرت سے استغفار کرنا، بارش میں دعا کرنا، پرندوں کیلئے دانہ پانی رکھنا قرآنِ کریم کے جزدان (غلاف) سینا شادی کے لئے بہترین اعمال ہیں۔

مناسب رشتے کیلئے یا اپنی مرضی کے رشتے کیلئے

قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدُ۔ ہر نماز کے بعد چالیس بار اوّل و آخر درود شریف پڑھیں۔ اس وظیفے کے وسیلے سے دعا کریں۔ تمام دن یہی وظیفہ کثرت سے کھلا پڑھیں، ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی دو رکعت نفل حاجت بیٹی کے رشتے کی نیت سے پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد تین بار سورۃ یٰسین کی تلاوت کریں۔ اگر والد اور والدہ کے ساتھ ساتھ بچی یہ نفل خود پڑھے تو بہت بہتر ہے۔ اِن شاء اللہ! رشتے میں خیر و برکتیں بھی ہوں گی اور جوڑ بھی ہوگا۔

جمعۃ المبارک، وظائف، شیرینی بانٹنا اور اس کا کمال

جمعہ کا دن انتہائی اہم اور مبارک دن ہے۔ اس میں ایک گھڑی ایسی ہے جب دعا کی قبولیت لازم ہے اس گھڑی دعا رد نہیں ہوتی۔ جمعہ کے دن سورۃ الکہف کی تلاوت اور کثرت سے درود شریف پڑھنا نہایت افضل اور مبارک عمل ہے۔

جمعہ کے روز دنیاوی معاملات، کاروباری معاملات، لین دین کے معاملات، جائیداد کی خرید و فروخت کے معاملات، رشتہ داریاں طے کرنے کے معاملات، رسومات، صلح صفائی کے معاملات طے کرنا خیر و برکت کا باعث ہیں اور صحابہ کرامؓ، اولیاء کرام اور اللہ والوں کی سنت بھی۔ جمعہ کے دن بچوں میں شیرینی بانٹنا، بہت سی رکاوٹوں، مشکلات کو دُور کرنے کا مجرب عمل ہے۔ جمعہ کے روز عصر کی نماز سے لے کر مغرب کی پہلی اذان تک آیت الکرسی کا ورد معہ تسمیہ اوّل و آخر درود شریف پڑھیں۔ مغرب کی اذان کے آغاز سے ہی سجدے میں جا کر اپنی حاجت اور مشکل کیلئے دعا کریں، نہایت ہی مجرب عمل ہے۔ مشاہدے کے مطابق اس عمل سے کوئی حاجت رد نہیں ہوتی۔

عصر کا وقت اور اس کی فضیلت

عصر کے وقت کی اہمیت اور فضیلت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اللہ رب العزت نے عصر کے وقت کی قسم

کھائی ہے اور قرآنِ کریم میں عصر کے نام سے ایک سورۂ مبارکہ موجود ہے۔ عصر کا وقت فرشتوں کی ڈیوٹی تبدیل ہونے کا وقت ہے۔ جانے والے فرشتے اپنا کھاتہ بند کر کے جاتے ہیں اور ان کی جگہ لینے والے فرشتے اپنا کھاتہ شروع کرتے ہیں اس لیے عصر کے وقت سے مغرب کی اذان تک کے وقت کو اللہ والوں نے دعا کی قبولیت کا وقت بتایا ہے۔ اس کی بہت اہمیت اور فضیلت ہے۔

بیٹیوں کے اچھے مستقبل اور مقدر کیلئے

حضرت شیخ الوظائف صاحب فرماتے ہیں، ہم اپنی بچیوں کو گھوڑے، ہاتھی (مال و دولت) کار، بنگلے، سونا چاندی تو دے سکتے ہیں لیکن اچھے نصیب اور اچھے مقدر نہیں دے سکتے۔ وہ ہمیں ہماری بچیوں کو اللہ کے فضل و کرم سے دعاؤں سے ہی مل سکتے ہیں اس لیے ہر دعا میں دنیاوی چیزوں کے علاوہ بیٹیوں کے اچھے مستقبل اور اچھے مقدر کی دعا ضرور کریں۔ جمعہ کے روز عصر کی نماز سے لے کر مغرب کی پہلی اذان تک آیت الکرسی کا ورد معہ تسمیہ اوّل و آخر درود شریف پڑھیں۔ اذان کے آغاز سے ہی سجدے میں جا کر حاجت اور مشکل کیلئے دعا کریں، نہایت ہی مجرب عمل ہے۔

رشتوں میں رکاوٹ ہو یا رشتے والے دیکھ کر واپس نہ آتے ہوں ان کیلئے

ہر نماز کے بعد اوّل و آخر درود شریف اور ایک تسبیح "یَا جَامِعُ یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ" پڑھیں اور سارا دن یہی کثرت سے کھلا پڑھیں، پڑھتے وقت رشتے کا مقصد ذہن میں ہو۔

استخارہ! رشتوں کیلئے، کاروبار کیلئے، خرید و فروخت کیلئے اور کوئی ایسا کام جس کے بارے میں بہتری معلوم کرنا مقصود ہو:

لَا خِلَابَۃَ روزرات سوتے وقت 313 مرتبہ اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں یا پھر تمام دن یہی کثرت سے پڑھیں، جلد ہی اِن شاء اللہ اس کے بارے میں خواب میں بہتری یا نقصان کے اشارے ملیں گے اگر اس میں بہتری مقصود ہوئی تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف دل مائل یا متوجہ کردے گا اور اگر نقصان یا شر کا اندیشہ ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس سے دل اُچاٹ کر دے گا۔

سوالاکھ کا نصاب

اولیاء کرام یا اللہ والوں نے کسی بھی ورد یا وظیفے کی سوالاکھ تعداد کو بہت ہی اہم اور وظیفے کی کامیابی کی کنجی قرار دیا ہے۔ نیچے دی گئی آیات اوراذکار کا سوالاکھ کا نصاب مکمل کرنا کامیابی کا ضامن ہے۔

آیتِ کریمہ

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَ کِیْل

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا

تیسرا کلمہ

الٓمّٓ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْم

وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی

حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ

سورۃ التوبہ کی آخری دو آیات لَقَدْ جَآءَ کُمْ سے آخر تک

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ۔

ان آیات اوراذ کار کا سوالاکھ کی تعداد کا نصاب مکمل کرنے سے ان وظائف کی مکمل تاثیر مل جاتی ہے۔

اولیاء کرامؒ کا آزمودہ عمل

اولیاء کرام نے اللہ جل شانہ کے مختلف ناموں کو اسمِ اعظم قرار دیا ہے لیکن آیت الکرسی میں اسمِ اعظم موجود ہے۔ اس پر اکثریت نے اتفاق کیا ہے۔ اولیاء کاملین کے طویل تجربے اور گہرے مشاہدے اور تحقیق کے مطابق الم اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ میں اسمِ اعظم موجود ہے۔

ہر کام میں فتح ونصرت

جب کسی کام کا یا کاروبار کا آغاز کرنا ہو اس میں خیر و برکت، بہتری اور عافیت مقصود ہو اور سمجھ نہ آ رہا ہو کہ وہ کام کیسے شروع ہوگا اور کیسے اس کا اختتام ہوگا۔ اس کام میں غیبی مدد لازمی مطلوب ہو تو حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ کا ورد کثرت سے کریں۔ غزوۂ بدر میں سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے صحابہ کرامؓ کو اسی ورد کی تلقین فرمائی تھی اور صحابہ کرامؓ کو فتح و نصرت نصیب ہوئی تھی، لاعلاج بیماریوں کیلئے بھی نہایت کارآمد ہے۔

ترقی، برکت اور حاجات کے لئے شیخ الوظائف کا آزمودہ عمل

جس شخص کیلئے یہ عمل کرنا درکار ہو اس کے وزن کے برابر ٹوٹا یا سستا چاول لیں۔ ان چاولوں میں سے کسی چھوٹے بچے سے مٹھی بھر چاول اُٹھوائیں، ان مٹھی بھر چاولوں کو ایک ایک دانے پر اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ اللہ الصمد کا ورد کریں۔ ذکر کے دوران مقصد، حاجت، بیماری، رزق، کاروبار میں ترقی، خیر و برکت یا جو بھی حاجت مقصود ہو، کا تصور رکھیں پھر ان مٹھی بھر چاولوں کو باقی چاولوں میں ملا دیں اور تمام چاولوں کو بہتے پانی میں جہاں مچھلیاں لازمی ہوں، آہستہ آہستہ کر کے پھیلا کر ڈال دیں، اپنی استطاعت اور حیثیت کے مطابق ایک مرتبہ، 7 مرتبہ، 21 مرتبہ، 40 مرتبہ، 70 مرتبہ 90 مرتبہ۔ یہ شیخ الوظائف کا بتایا ہوا نہایت ہی آزمودہ خاص الخاص عمل ہے۔ یہ ممکن نہیں کہ یہ عمل کسی نے کیا ہو اور حاجت پوری نہ ہوئی ہو۔

سورۃ الانعام کی آیت 45

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا-وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ یہ آیت مبارک ظالم دشمن اور موذی جان لیوا بیماریوں یہاں تک کہ کینسر سے نجات کیلئے زبردست وظیفہ ہے۔ اسے کثرت سے پڑھیں۔ اس آیت مبارک کو آیت کریمہ سے زیادہ جلالی قرار دیا گیا ہے' لاعلاج بیماریوں کا خاتمہ اور ظالموں کے شر سے یقینی نجات دلاتی ہے۔ اس کو کثرت سے پڑھتے وقت دشمن کی ہلاکت مقصود نہ ہو صرف چھٹکارا مقصود ہونا چاہیے، احتیاط لازم ہے۔

سورۃ الاخلاص کا کڑا

رات جب سونے کے لئے بستر پر لیٹ جائیں تو اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ سورۃ الاخلاص معہ تسمیہ تین بار دائیں کروٹ، تین بار بائیں کروٹ اور تین بار سیدھے لیٹ کر پڑھیں تو اللہ تعالیٰ نور اور حفاظت و برکت کی چادر پڑھنے والے پر تان دیتا ہے اور 70 ہزار فرشتے اس چادر کو تھامے رکھتے ہیں اور پڑھ کر سونے والے کی حفاظت کرتے ہیں۔

مخلوق کے شر سے بچنے کے لئے خفیہ کلمات

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

مخلوق اور دنیا کے شر سے بچنے کیلئے عرشی کلمات ہیں، نہایت ہی پُراثر تاثیر رکھتے ہیں۔ ایسا کھانا جسے کھا کر صحت کے نقصان کا خدشہ ہو اس سے پہلے یہ کلمات پڑھیں' نقصان نہیں ہوگا۔ صبح و شام سات سات بار یہ کلمات پڑھ لیں' دنیا کی کوئی چیز آپ کو ضرر نہ پہنچا سکے گی۔

صحابی رسول ﷺ کا آزمودہ عمل! زہر بھی اثر نہ کرے

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

حضرت خالد بن ولیدؓ نصارہ کے ساتھ جنگ میں جب آپؓ کا غلبہ ہوا تو نصارہ نے مذاکرات کیلئے عبدالمسیح نام کے ایک بزرگ جس کی عمر ساڑھے تین سو سال تھی، کو بھیجا اس کے پاس ایک شیشی تھی جس میں ایسا زہر تھا جس کے چکھتے ہی پلک جھپکنے میں انسان کی موت واقعہ ہو جائے اس نے کہا کہ میں یہ زہر اس لیے لایا ہوں کہ اگر مذاکرات ناکام ہوئے تو

میں واپس نہیں جاؤں گا بلکہ یہ زہر پی کر یہیں مرجاؤں گا۔ حضرت خالدؓ نے اس کے ہاتھ سے وہ شیشی لی اور مذکورہ دعا پڑھ کر وہ زہر پی لیا۔ آپؓ پر اس زہر کا کچھ اثر نہ ہوا، عبدالمسیح بہت حیران ہوا اور پوچھا کہ زہر نے آپ پر اثر کیوں نہیں کیا؟ آپؓ نے فرمایا کہ تیرا زہر تدبیر تھا اور میری دعا تقدیر تھی جس میں میرے رب کا امر تھا اور تقدیر کے تانے بانے اسی دعا میں ہیں، اس لیے زہر نے ذرا اثر نہ کیا۔

گھر میں جھگڑے ہیں یا کوئی گمشدہ ہے!

کسی گمشدہ چیز، مرد یا عورت یا کسی جاندار یہاں تک کہ وہ زندہ ہے یا مردہ کس حالت میں ہے، یہ پتا لگانے اور اسے واپس لانے کیلئے اس دعا کا کثرت سے پڑھنا نہایت سودمند ہے۔

گھریلو لڑائی جھگڑے، میاں بیوی کے لڑائی جھگڑے یہاں تک کہ طلاق کی نوبت آ چکی ہو۔ بس یہ وظیفہ کثرت سے پڑھیں، اِن شاءاللہ صلح صفائی کی صورت نکل آئے گی اور حالات بہتر ہو جائیں گے۔

يَارَبِّ مُوْسٰى يَارَبِّ كَلِيْم بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

سورۂ رحمٰن کا انوکھا آزمودہ مؤثر ترین عمل

ایک بار سورۂ رحمٰن کی تلاوت کریں اور ہر "فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ" کو گیارہ مرتبہ دہرائیں، اپنے مقصد اور حاجت کا تصور کرتے ہوئے لاعلاج بیماریوں، لاحل پریشانیوں اور بے اولادوں کیلئے نہایت ہی آزمودہ عمل ہے۔

نماز میں افضل سورتیں

سنتوں میں سورۃ الم نشرح اور سورۃ الفیل کی تلاوت بیماریوں سے نجات، وقت میں خیر و برکت اور ہر چیز میں خیر کا سبب بنتی ہیں۔ نمازوں میں قرآنِ کریم کی آخری 6 سورتوں کو پڑھنا نہایت ہی افضل اور خیر و برکت کا باعث ہے۔

وتر کی تین رکعت میں سُوْرَةُ النَّصْر، سُوْرَةُ اللَّهَب اور سُوْرَةُ الْاِخْلَاص کی تلاوت نہایت ہی برکت اور بہترین ثواب کا باعث ہے۔

نماز میں سلام پھیرنے سے پہلے مسنون دعائیں پڑھیں

1- رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

2-رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا۔

3-رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ۔

عازمین حج کیلئے

حرمین کے سفر یا حج کے دوران سورۃ التوبہ کی آخری دو آیات ”لَقَدْ جَآءَكُمْ“ سے آخر تک کثرت سے پڑھیں، یہاں تک کہ تمام سفر میں اور مناسکِ حج اور عمرہ میں ان آیات کا سوا لاکھ کا نصاب پورا کر لیں۔ یہ خالص الخاص ہدیہ ہے۔ اللہ کے گھر اللہ کیلئے اللہ کو پانے کیلئے جائیں، وہاں خریداریوں کیلئے نہ جائیں۔ جب کوئی حاجی چیزوں کی فہرستیں لے کر بازاروں میں گھومتا ہے تو اللہ کہتا ہے تو میرے گھر آکر بھی دنیا کی خواہش دل میں رکھے ہوئے ہے، جا تجھے دنیا ہی دی۔

اپنے گھروں کو قبرستان مت بناؤ

ارشادِ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہے ”اپنے گھروں کو قبرستان مت بناؤ“

جن گھروں میں قرآن پاک کی تلاوت نہیں کی جاتی، نماز اور ذکرِ الٰہی نہیں کیا جاتا، وہ گھر قبرستانوں جیسے ہیں۔

جب ہم قرآنِ کریم کو نہیں پڑھتے اسے نہیں کھولتے تو قرآنِ کریم ہمیں بددعائیں دیتا ہے اور اللہ سے فریاد کرتا ہے ”اے اللہ! جس نے مجھے نہیں دیکھا تو بھی اس کی طرف اپنی رحمت سے نہ دیکھ“۔ اہلِ نظر نے قرآنِ کریم نہ پڑھنے والے گھروں میں قرآنِ کریم کو سسکیوں سے روتے ہوئے اور بددعائیں دیتے ہوئے دیکھا اور سنا ہے۔ قیامت کے روز اللہ کے حضور چھڑوائے گا بھی اور پکڑوائے گا بھی، اسے کھول کر اس کی تلاوت کے ساتھ ساتھ اس سے باتیں بھی کریں، اسے اپنی پریشانیوں اور حاجتوں کا اللہ کے حضور سفارشی بنائیں، جی ہاں قرآنِ کریم ہماری حاجتوں اور ضرورتوں کی سفارش بھی کرتا ہے۔ اپنے پڑھنے والوں اور ادب کرنے والوں کی قبر میں ٹھنڈک، روشنی اور دوست اور ساتھی بن کر آتا ہے۔

دنیا و آخرت سنوارنے کے لئے افضل ترین اعمال

1-سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو قرآن کریم کی تلاوت اور درود کا ہدیہ پیش کرنا۔

2-اہلِ بیتؓ، صحابہ کرامؓ اور اولیاء کرامؒ کو قرآن کریم کی تلاوت اور درود کا ہدیہ پیش کرنا۔

3- اپنے مرحوم والدین، بزرگوں، عزیزوں، رشتہ داروں کو ایصالِ ثواب کرنا۔

4- اپنے زندہ وحیات عزیزوں، دوستوں، رشتہ داروں کو ہدیہ کرنا۔

5- ایسے لوگوں کو ایصالِ ثواب کرنا جن کے ساتھ آپ کے والدین بزرگوں سے جانے انجانے حق تلفی، ناانصافی، زیادتی، توہین یا دل آزاری ہوئی ہو۔

6- اپنے والدین اور بزرگوں کی طرف سے استغفار کرنا۔

7- ایسے لوگوں کو قرآن کریم کی تلاوت اور درود کا ہدیہ کرنا جنہوں نے آپ کے ساتھ ظلم، ناانصافی، حق تلفی، زیادتی، بے عزتی، توہین یا دل آزاری کی ہو۔ اللہ کی رضا اور خوشنودی کی خاطر ان کی خیر خواہی کرنا ان کیلئے خیر و برکت کی دعائیں کرنا نہایت افضل ترین عمل ہے اور فی الزمانہ مشکل ترین بھی۔

8- ایسے رشتہ داروں سے میل جول رکھنا، تعلقات رکھنا جن کا رویہ آپ کے ساتھ توہین آمیز، ناپسندیدہ و ناگوار ہو جو آپ سے ملنا جلنا تو درکنار آپ کے سلام کا جواب نفرت سے بھی دینا گوارہ نہ کریں۔ فرمانِ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہے جو تجھ سے توڑے اس سے جوڑ اور جو تجھے محروم کرے، اسے عطا کر۔ اللہ کی رضا اور خوشنودی کیلئے یہ بہت ہی اجرِ عظیم والا عمل ہے اور مشکل ترین بھی۔

9- دوسروں کیلئے یہاں تک کہ جانے انجانے چلتے پھرتے نظر آتے لوگوں کیلئے خیر خواہی، خیر و برکت کی دعا کرنا، ان کیلئے رزق کی کشادگی کی دعا کرنا جب انسان اللہ تعالیٰ سے دوسروں کیلئے دعا کرتا ہے تو فرشتے اللہ کے حضور فریاد کرتے ہیں کہ ”اے ربِ کریم! یہ سب کچھ پہلے دوسروں کیلئے مانگنے والے اس شخص کو عطا کر“۔

10- کیڑے مکوڑوں، پرندوں، جانوروں کی خوراک اور دانہ پانی کا بندوبست کرنا۔

مجرب خاندانی عملیات عبقری جنتری کے نام

(امجد شہباز، سکھر)

اپنے چند مجرب خاندانی عملیات تحریر کر رہا ہوں جن کے ذریعے میں نے بہت نفع پایا ہے، ان شاء اللہ جو بھی اپنے مسائل کے حل کے لئے ان اعمال سے استفادہ کرے گا اسے مایوسی نہیں ہوگی۔

غیبی مدد اور ہر دلعزیز

جو شخص یہ چاہے کہ اس کے تمام کاموں میں غیبی مدد ہو، ہر طرح کے شر اور برائی سے محفوظ رہے۔ اس کے علاوہ مخلوق کے دل میں اس کی محبت پیدا ہو جائے تو اسے چاہیے کہ صبح وشام درج ذیل آیت مبارکہ اول وآخر درود پاک کے ساتھ 450 مرتبہ پڑھے۔ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ O

حاکم کو مہربان اور ظالم دشمن کو پریشان کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص بہت زیادہ تنگ کرتا ہو یا مختلف طریقوں سے پریشان کرتا ہو اور آپ اس کا مقابلہ کرنے سے عاجز آ گئے ہوں۔ اس کے علاوہ اگر کسی حاکم یا افسر کو مہربان کرنا ہو تو درج ذیل تعویذ بنا کر اپنے پاس پرس وغیرہ میں رکھ لیں، ان شاء اللہ مقصد حاصل ہو جائے گا۔

۷۸۶

حسبنا	اللہ	ونعم	الوکیل
الوکیل	ونعم	اللہ	حسبنا
اللہ	حسبنا	الوکیل	ونعم
ونعم	الوکیل	حسبنا	اللہ

مخالفین میں صلح و محبت

اگر خاندانوں یا افراد کا آپس میں جھگڑا ہو یا پرانی دشمنی ہو اور کسی بھی طرح دونوں فریق صلح کے لئے آمادہ نہ ہوتے ہوں تو ان کا تصور کر کے اول و آخر درود پاک کے ساتھ 450 مرتبہ یہ آیت حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ O پڑھ کر تصور ہی میں ان پر دم کر دیں، جب تک مقصد حاصل نہ ہو اس عمل کو روزانہ کی بنیاد پر کریں، ان شاء اللہ جلد ہی مقصد میں کامیابی مل جائے گی۔

بچہ دودھ نہ پیتا ہو

اگر کوئی بچہ کسی بھی وجہ سے دودھ نہ پیتا ہو تو درج ذیل نقش لکھ کر بچے کی گردن میں ڈال دیں، ان شاء اللہ جلد ہی بچہ دودھ پینا شروع کر دے گا۔

۷۸۶

ھ	ی	د	ا
د	ا	ھ	ی
ا	د	ی	ھ
ی	ھ	ا	د

دل کا حال معلوم کرنا

اگر کوئی شخص اسم عَلَّامُ الْغُیُوْب کا بکثرت ورد کرتا رہے، چلتے پھرتے اور اٹھتے بیٹھتے ان کلمات پر محنت کرے تو ان کلمات کی برکت سے ان شاء اللہ جلد ہی اس پر دوسروں کا حال منکشف ہو جائے گا۔

گمشدہ مال کی تلاش

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو یا مال ضائع ہو گیا ہو اور کسی بھی طرح سے اس کی تلافی نہ ہو رہی ہو تو اسے چاہیے کہ وہ نوسو

مرتبہ اس آیت مبارکہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ O کو پڑھ لے ان شاءاللہ کرم اور خیر والا معاملہ ہوگا۔

خوشی ومسرت پانے کیلئے

جو شخص بروز جمعہ درج بالا آیت کو جب امام دو خطبوں کے درمیان بیٹھے اس وقت مسلسل ورد کرے، پھر جمعہ کی نماز سے فارغ ہو کر مغرب کی نماز سے پہلے ایک ہزار مرتبہ ورد کرے تو ان شاءاللہ مقصد حاصل ہوگا، غم ختم ہوں گے اور خوشیاں نصیب ہوں گی، جو بھی جائز مراد ہوگی وہ پوری ہو جائے گی۔

ولادت میں آسانی کیلئے

اگر بلوری کے رنگ کے نگینہ پر حرف ’’خ‘‘ کندہ کرا کر رکھ لیں اور ولادت کے وقت اگر یہ نگینہ عورت کے بائیں ہاتھ میں پکڑا دیں تو فوراً وضع حمل ہو۔ حرف ’’خ‘‘ کندہ کرنے کے بعد ’’یَا خَالِقُ یَا خَبِیْرُ‘‘ 1543 مرتبہ پڑھ کر نگینہ پر دم کر دیں۔

ڈپریشن اور پاگل پن کا علاج

جن لوگوں کو جنون، ڈپریشن یا اختلاج کی شکایت ہو تو منزل سعود میں یہ طلسمی مربع زعفران سے سفید کاغذ پر یا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔ ان شاءاللہ سات دن میں مرض کا خاتمہ ہو جائے گا۔ کسر 3 کی وجہ سے خانہ 5 میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔

۷۸۶

۱۴۲	۱۵۶	۱۵۳	۱۵۰
۱۵۴	۱۴۹	۱۴۳	۱۵۵
۱۴۸	۱۵۱	۱۵۸	۱۴۴
۱۵۷	۱۴۵	۱۴۷	۱۵۲

اللھم انی اس ءلك یاخلاق یاخالق یاخافض یا خبیر خ خ خخ خ
یاخفی اللطف انك علی کل شئی قدیر

گھر آفات سے محفوظ

حرف ''خ'' کو اگر کسی کاغذ پر اس طرح چھ سو مرتبہ لکھیں کہ ایک سطر میں سو مرتبہ لکھا جائے اور چھ سطروں میں چھ سو مرتبہ لکھ دیا جائے۔ اس کاغذ کو کسی مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر اپنے گھر کے صحن میں دبا دیا جائے تو گھر تمام آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔ ہانڈی کے چاروں طرف اگر پندرہ مرتبہ یَاخَالِقُ یَاخَبِیْرُ لکھ دیا جائے تو اس سے مزید تاثیر بڑھ جائے گی۔

غصہ کا علاج

اگر کسی شخص کو بہت زیادہ غصہ آتا ہو تو درج ذیل نقش لکھ کر اپنے پاس رکھ لیں۔ ان شاءاللہ مطلوبہ شخص کا غصہ ختم ہو جائے گا۔ یہ نقش زوجین کی آپس میں نفرتوں کے لئے بھی بے حد اکسیر ہے۔

عزت، شہرت اور مقبولیت کیلئے

جو شخص دنیا میں اپنی شہرت و مقبولیت چاہے وہ سفید ریشم کے کپڑے پر ہرے سے رنگ درج ذیل نقش فجر کی نماز کے فوراً بعد سورج طلوع ہونے سے پہلے لکھ لے۔ پھر اس نقش پر نو سو مرتبہ یَاعَزِیْزُ اول و آخر تین بار درود پاک کے ساتھ پڑھ کر دم کر دے اور اس کپڑے کو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو ان شاءاللہ چند ہی دنوں کے بعد زبردست شہرت و مقبولیت حاصل ہوگی۔

۷۸۶

ظ	ظ	ظ
ظ	ظ	ظ
ظ	ظ	ظ

* * * * * * * * * * * *

ساتویں عبقری روحانی جنتری 2024ء

عبقری روحانی جنتری 2024ء سے سال بھر کی پریشانیوں، آنے والے مصائب، بندشوں، تنگی، رزق، کاروباری مسائل، رشتوں کی رکاوٹ، اولاد کی نافرمانی سے نجات کے اعمال، نقوش اور تعویذات پایئے، اس کا ایک ایک لفظ آپ کو باکمال بنا دے، کائنات کے پر اسرار علوم سے شناسائی دے اور آپ بھی مان جائیں کہ عبقری روحانی جنتری 2024ء نے کتنے سادہ الفاظ میں واقع کائنات کے سربستہ رازوں سے پردہ اٹھا دیا ہے۔ ایسے آسان اور عاملین کے آزمودہ حیرت انگیز تعویذات، نقش، وظائف، پل پل کی ساعت، بیماریوں، پریشانیوں اور مشکلات سے نجات کی گھڑیاں، کون سے مہینے اور وقت میں آپ کیلئے سعادتیں، فتوحات اور کامیابی چھپی ہے۔

عبقری کی سابقہ جنتریاں

ہر لفظ، ہر سطر، ہر صفحہ لاجواب، نایاب خزانوں سے بھرا ہوا! اپنے لیے نسلوں کے لیے محفوظ کیجئے! ہر طبی و روحانی مشکل میں کام آئے گا

عبقری روحانی جنتری
2020

عبقری روحانی جنتری
2019


عبقری روحانی جنتری
2018

عبقری روحانی
چھٹی
جنتری
2023

عبقری روحانی
پانچویں
جنتری
2022

چوتھی
عبقری روحانی جنتری
2021

10000796

نامور قانون دان (بیرسٹر)
تجربہ کار وکلاء کا پینل